ششماہی علمی و تحقیقی مجلّہ
ایچ۔ای۔سی سے منظور شدہ

معارف اسلامی

جلد نمبر ۱۲، شمارہ نمبر ۲، جولائی ۲۰۱۳ تا دسمبر ۲۰۱۳

ISSN: 1992-8556



فیکلٹی آف عریبک اینڈ اسلامک سٹڈیز
علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

نفاذ شریعت کے قرآنی اُصول

پروفیسر ڈاکٹر محمد شکیل اوج☆

دورِ رسالت مآب ﷺ میں نزول شریعت اور نفاذ شریعت میں کوئی بُعد نہ تھا۔ ہر امرِ شریعت اپنے نزول کے ساتھ ہی نافذ العمل ہو جاتا تھا۔ مگر یہ نفاذ ابتداءً مکی زندگی میں انفرادی سطح پر تھا۔ جو بعد میں (مدنی زندگی میں) ریاستی نوعیت کا حامل ہو گیا تھا۔ البتہ شریعت کے نزول و نفاذ میں تدریج کا پہلو غالب رہا۔ قرآن مجید کی شکل میں نازل ہونے والی شریعت انسانوں پر خدا کی ایک ایسی عظیم نعمت ہے جس سے فائدہ اٹھانے کے لئے ضروری ہے کہ اسے سمجھا جائے اور فردی اور ریاستی ہر دو سطحوں پر اسے نافذ کیا جائے جو اس کا مقصدِ نزول بھی ہے۔ جب تک نزولِ شریعت اپنے مقصد سے ہم آہنگ نہیں ہوگا معاشرے میں کسی خیر و خوبی اور برکات و حسنات کا پیدا ہونا امر محال ہوگا۔

قرآنِ کریم کے مطالعے سے نفاذ شریعت اور اسلامی قانون سازی کے جو چند قرآنی اصول سامنے آتے ہیں، ہم اُسے اس مضمون میں بیان کریں گے اور ان اصولوں کی روشنی میں واضح کریں گے کہ یہ شریعت ہمارے لئے سراسر رحمت ہے اور اس کی روشنی میں جو بھی قانون سازی ہوگی وہ بھی رحمت و برکت سے معمور ہوگی۔ شریعت میں آسانیاں رکھی گئی ہیں۔ اس بنیاد پر سب کے لیے اس پر عمل کرنا آسان ہے۔ ہمیں اپنی روحانی، اخلاقی اور مادی ترقی کے لئے اس پر عمل کرنا چاہیے۔

اصول تنظیم

نفاذ شریعت میں تنظیم کا اصول بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ نظم کے بغیر شریعت کا نفاذ ناممکن ہے۔ کیونکہ قوت نافذہ اپنے اثر و نفوذ میں تنظیم کی محتاج ہے۔ نفاذ شریعت کی دو جہتیں ہیں۔ ایک انفرادی اور دوسری سماجی، نفاذ شریعت فقط انفرادی عمل نہیں بلکہ ایک اجتماعی (سماجی) عمل بھی ہے۔ اور اچھا سماج بغیر نظم کے قائم نہیں ہوسکتا۔ چنانچہ نفاذ شریعت میں اس ''اصول'' کا قیام خود شریعت کا بنیادی تقاضا ہے۔ آنحضرت ﷺ کو حکم دیا گیا تھا۔

☆ رئیس کلیہ معارفِ اسلامیہ، جامعہ کراچی، کراچی۔

﴿وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْن﴾(۱)۔

(مسلمانوں کے لیے اپنے بازوؤں کو جھکائے رکھیئے)۔

گویا انہیں اپنے بازوؤں میں سمیٹ کر رکھیئے۔ان کی تہذیب و تربیت کیجئے۔ظاہر ہے کہ یہ کام تنظیم سازی کا متقاضی تھا۔چنانچہ آپ ﷺ نے مومنوں کو مطلوبہ نظم کا پابند کیا۔اور انفرادی طور پر انہیں نفاذ شریعت کا محل بنا دیا تاکہ با نظم اور مربوط افراد کی بتدریج کثرت سے معاشرے میں باقاعدہ ریاست کی شکل میں کوئی تنظیم قائم ہو سکے اور وہ احکام، جو بغیر نظم عامہ کے قائم و نافذ نہیں ہو سکتے تھے، نافذ ہو سکیں۔اصول تنظیم کی ضرورت و اہمیت ذیل کی آیت سے بھی واضح ہوتی ہے۔

﴿الَّذِيْنَ إِن مَّكَّنَّاهُمْ فِيْ الْأَرْضِ أَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ وَأَمَرُوا بِالْمَعْرُوفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنكَرِ وَلِلَّهِ عَاقِبَةُ الْأُمُور﴾(۲)۔

(یہ وہ لوگ ہیں جنہیں اگر ہم زمین میں اقتدار بخشیں تو وہ نظام صلوٰۃ قائم کریں گے اور (اقتصادیات کو بہتر کرنے کے لیے) زکوٰۃ دیں گے، نیکی کا حکم دیں گے اور برائی سے منع کریں گے)۔

گویا نفاذ شریعت کا مقصد لوگوں کو اس نظام سے وابستہ کرنا ہے جو خدا کے حضور جھکنے والا ہو، یعنی خدا کے نازل کردہ احکام کی اطاعت کا پابند ہو اور جو معاشرے کی نشو و نما اور اس کے ارتقاء کے عمل میں ہمہ وقت مصروف جدوجہد ہو اور جو اچھی باتوں کے قوانین جاری کرتا ہو اور بری باتوں کو روکنے کی قوت رکھتا ہو۔ظاہر ہے کہ یہ سارے کام اس وقت تک نہیں ہو سکتے جب تک نظام اقتدار اچھے اور باصلاحیت لوگوں کے ہاتھ میں نہ ہو اور یہ رتبۂ عظیم کسی بھی قوم کو بغیر تنظیم کے حاصل نہیں ہو سکتا اور نہ ہی بغیر تنظیم کے قائم رہ سکتا ہے۔اس لیے نفاذ شریعت میں اصول تنظیم کی حیثیت مرکزی و محوری نوعیت کی ہے۔

حصول قوت کا اصول

نظم عامہ کی حفاظت کے لیے شریعت نے ''حصول قوت کا اصول'' بھی دیا ہے۔یہ وہ اصول ہے جو نفاذ شریعت کے قیام کے بعد اس کی بقاء و استحکام کی ضمانت مہیا کرتا ہے۔

﴿وَأَعِدُّواْ لَهُم مَّا اسْتَطَعْتُم مِّن قُوَّةٍ وَمِن رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُونَ بِهِ عَدْوَّ اللّهِ وَعَدُوَّكُم﴾(۳)

اور ان کے مقابلے کے لیے تم سے جس قدر بھی ہو سکے (تدبیر اور حکمت عملی کی) قوت مہیا رکھو اور (نظریاتی و جغرافیائی) سرحدوں کی حفاظت پر کمر بستہ رہو۔اس (دفاعی تیاری) سے تم اللہ کے دشمن اور

اپنے دشمن کوڈراسکو گے۔ یہ اصول، تنظیم کے اصول کا لازمی نتیجہ ہے۔ کیونکہ ہر تنظیم اپنے قیام و بقاءاور دوام واستمرار میں قوت کی طلبگار رہے۔

اصول تدریج

نزول شریعت میں تدریج کے اصول کوملحوظ رکھا گیا ہے۔ جو بشری تقاضوں اور انسانی نفسیات کے عین مطابق ہے۔ اگر ساری شریعت، انسانوں کو یکدم عطا کر دی جاتی اور نزول کے ساتھ ہی اس کے نفاذ کا مطالبہ کر دیا جاتا تو یہ خلاف فطرت ونفسیات ہوتا اور انسانی معاشرہ اسے قبول کرنے سے قاصر رہتا۔ کیونکہ شریعت کوئی ایسی چیز نہیں کہ جسے بغیر سوچے سمجھے نافذ کر دیا جائے۔﴿ لَا اِكْـرَاهَ فِـي الـدِّيْـنِ﴾ (۴) کا اعلان کرنے والی اور غور وفکر کی دعوت برپا کرنے والی شریعت کے نفاذ کا یکدم مطالبہ، بجائے خود اس شریعت کی روح کے خلاف ہوتا۔

قرآن مجید انسانی نفسیات کے مطابق ایسی الہامی کتاب ہے جس میں احکام الٰہیہ کے نزول میں تدریج کے پہلو کو خصوصی اہمیت دی گئی ہے۔ صرف حرمتِ ربا یا حرمت خمر کی مثالیں ہی اس کی دلیلیں نہیں ہیں۔ بلکہ پورا قرآن ہی اپنی حقیقت میں اسی تدریج کی نہایت عمدہ مثال ہے۔ شریعت چونکہ سوسائٹی کے لیے ہوتی ہے۔ اس لیے سوسائٹی کی ساخت اور اس کی نفسیات کا لحاظ بھی اسے درکار رہتا ہے۔ نیز نزول احکام میں سوسائٹی کی مجموعی حالت اور ارتقائی امکانات کوملحوظ رکھا جاتا ہے۔ تاکہ معاشرہ تدریجی مراحل طے کرتے ہوئے بہتری کی طرف گامزن ہو سکے۔ جیسے کسی بیمار کا علاج معالجہ، بدلتی دواؤں اور غذاؤں کے تدریجی ارتقاء کے ساتھ ہی اسے مبدل بہ صحت کرتا ہے۔ اسی طرح روحانی طور پر بیمار قوم کا علاج بھی وقت کے تقاضوں اور مصلحتوں کے تدریجی ارتقاء کے بغیر ناممکن ہے۔ پس نفاذ شریعت میں تدریج کے اصول کوملحوظ رکھنا، انسانی نفسیات کا عین تقاضا ہے۔

اصول تیسیر

قرآن مجید اپنے اظہار و بیان میں بطور تفہیم کے بہت آسان ہے۔ اس کا ہدایت بھرا، ناصحانہ انداز اپنے اندر عجیب کشش رکھتا ہے۔ اس نے انبیائے ما سبق کے واقعات کے ضمن میں اپنے آسان ہونے کا چار مقامات پر ذکر کیا ہے جو کہ یہ ہیں۔

ا۔ حضرت نوح علیہ السلام کی کامیابی اور کفار کی ناکامی کے بعد تبصرہ کرتے ہوئے کہا:

﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ﴾ (۵)۔

اور ہم نے قرآن کو سمجھنے کیلئے آسان کیا ہے۔تو کیا کوئی ہے؟ جو نصیحت حاصل کرے۔

۲۔ قوم عاد کی ہلاکت کے بعد بھی بطور تبصرہ یہی کہا (٦)۔

۳۔ پھر قوم ثمود کی بربادی کے بعد یہی تبصرہ کیا (٧)۔

۴۔ اور قوم لوط کی تباہی کے بعد بھی یہی فرمایا:

﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ﴾ (٨)۔

غرض سورۂ قمر میں ﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ﴾ کے الفاظ چار مرتبہ .....اور ﴿فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ﴾ کے الفاظ چھ مرتبہ لائے گئے ہیں۔بحیثیت مجموعی پورے قرآن کو ازروئے تفہیم آسان قرار دینا اس امر کو ثابت کرتا ہے کہ شریعت میں آسانی کو اساسی اہمیت حاصل ہے۔قرآن کا قابل فہم ہونا، بجائے خود اس امر کو لازم کرتا ہے کہ قرآن سے اخذ واستفادہ کرتے وقت آسان پہلوؤں کو اولیت حاصل ہو۔ وگرنہ قرآن ” **عسير الفهم** ،،بن جائے گا۔

قرآن کا آسان ہونا ذیل کی آیات سے بھی واضح ہے۔

الف۔ **فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَ تُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا (٩)**

پس ہم نے اسے (یعنی قرآن کو) آپ کی زبان میں آسان کر دیا ہے تاکہ آپ اس کے ذریعے، جہاں متبعین کو کامیابی کی خوشخبری سنا سکیں، وہیں اس کے ذریعے، جھگڑا کرنے والوں کو ناکامی کی وعید بھی سنا سکیں۔

ب۔ **فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ. (١٠)**

سو ہم نے اسے آپ ہی کی زبان میں آسان کر دیا ہے۔تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں۔

ج۔ **وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى o فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى. (١١)**

اور ہم تم کو آسان (شریعت یا طریقہ) کی سہولت دیں گے،سو جہاں تک نصیحت کے نافع ہونے کی امید ہو،نصیحت کرتے رہو۔

اس آیت میں نفاذ شریعت کو آسانی اور سہولت کے عمل سے وابستہ کیا گیا ہے۔مطلب یہ کہ نفاذ شریعت کے لیے خدا کی طرف سے ایسے اسباب مہیا ہو جائیں گے کہ لوگوں کا اس پر چلنا آسان ہو جائے گا۔اور اس راہ میں حائل تمام رکاوٹیں دور ہو جائیں گی۔آیت مذکورہ میں جہاں نفاذ شریعت کے آسان ہونے کا ذکر کیا گیا ہے۔وہیں خود شریعت کے آسان ہونے کا بیان بھی آپ سے آپ موجود ہے۔اس لیے آیت کی تفسیر دونوں طریق سے کی گئی ہے۔

اب آیئے! اسلامی قانون سازی کے لیئے قرآنی ''اصول تیسیر'' کی طرف اور دیکھیئے کہ اس ضمن میں وہ ہماری کیا رہنمائی کرتا ہے۔

﴿يُرِيدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيدُ بِكُمُ الْعُسْرَ﴾ (۱۲)

اللہ تمہارے حق میں آسانی چاہتا ہے، دشواری نہیں چاہتا۔

اوامر ونواہی کے احکام کا جائزہ لیا جائے تو پتہ چلے گا کہ وہ تعداد میں بہت تھوڑے ہیں۔ اور جو ہیں بھی تو وہ غیر ضروری تفصیلات سے مبرا ہیں، اسی لیے ہر ایک کے لیے یسیر التعمیل بھی ہیں۔ قرآنی احکام سے استخراج واستنباط مسائل کے باب میں اس اصول کو شدت سے ملحوظ رکھنے کی ضرورت ہے تا کہ ہر زمانے کے اجتہادات۔۔۔ صبح قیامت تک۔۔۔ مطابق منشائے قرآن ہونے کے سبب، یسیر التعمیل ہوسکیں اور شریعت کا دعویٰ یسر، ہر دور میں واضح ہوسکے۔

شریعت کے آسان ہونے کے چند حوالے ذیل میں ملاحظہ کیجئے۔

سورۂ مزمل میں کہا گیا:

﴿إِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُومُ أَدْنَى مِن ثُلُثَيِ اللَّيْلِ وَنِصْفَهُ وَثُلُثَهُ وَطَائِفَةٌ مِّنَ الَّذِينَ مَعَكَ وَاللَّهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ عَلِمَ أَن لَّن تُحْصُوهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَؤُوا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ عَلِمَ أَن سَيَكُونُ مِنكُم مَّرْضَى وَآخَرُونَ يَضْرِبُونَ فِي الْأَرْضِ يَبْتَغُونَ مِن فَضْلِ اللَّهِ وَآخَرُونَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَاقْرَؤُوا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ﴾ (۱۳)

(بے شک آپ کا رب جانتا ہے کہ آپ کبھی دو تہائی شب کے قریب اور کبھی نصف شب اور کبھی ایک تہائی شب کے قریب قیام کرتے ہیں اور ان لوگوں کی ایک مختصر جماعت بھی آپ کے ساتھ عبادت میں شریک رہتی ہے، جو آپ کے صحابہ ہیں۔ اور اللہ ہی نے رات اور دن کا قانون بنایا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ (اے مومنو!) تم ہرگز اس کی حفاظت نہ کرسکو گے۔ پس اس نے تم پر (اصول تیسیر کے تحت) رحم کیا۔ چنانچہ جس قدر آسانی سے ممکن ہو، قرآن پڑھ لیا کرو، اور وہ یہ بھی جانتا ہے کہ تم میں سے بعض بیمار ہوں گے اور دوسرے وہ جو زمین میں سفر کریں گے، تا کہ اللہ کا فضل تلاش کریں، اور بعض وہ جو اللہ کی راہ میں جنگ کریں گے، سو جتنا آسانی سے ہوسکے، اتنا ہی پڑھ لیا کرو)۔

اس آیت میں قیام لیل کے حکم وجوبی کو ''اصول تیسیر'' کے مطابق، علیٰ حسب استطاعت، نرم کر دیا اور اس طرح حکم وجوبی ''یسیر التعمیل'' ہوگیا۔ واضح رہے کہ اس حکم میں بیماری، سفر، اور جہاد، بطور عذر بیان کیے گئے ہیں۔

حج کے بعض احکام بھی اسی اصول تیسیر کی روشنی میں دیکھیئے۔

﴿وَأَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ فَإِنْ أُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ﴾ (۱۴)۔

(اور حج اور عمرہ کو اللہ کے لئے پورا کرو۔ پھر اگر تم (حالت جنگ کی وجہ سے) روکے جاؤ تو جو کچھ قربانی آسانی سے میسر آئے (خانہ کعبہ بھیج دیا کرو))

﴿فَإِذَا أَمِنتُمْ فَمَن تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ فَمَن لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلاثَةِ أَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ إِذَا رَجَعْتُمْ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ذَٰلِكَ لِمَن لَّمْ يَكُنْ أَهْلُهُ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ﴾ (۱۵)۔

(پھر جب تم حالت امن میں ہو، تو جو کوئی بھی عمرے کو حج کے ساتھ ملانے کا فائدہ اٹھائے تو جو بھی قربانی میسر آئے (کردے) پھر جسے یہ بھی میسر نہ ہو تو وہ تین دن کے روزے، وہیں (مکہ میں) رکھے اور سات، اس وقت رکھے، جب حج سے واپسی ہو۔ اس طرح یہ دس روزے مکمل ہوں گے۔ یہ سہولت اور آسانی اس کے لیے ہے جس کے اہل وعیال حدودحرم کے رہائشی نہ ہوں (یعنی مکہ کا رہنے والا نہ ہو))۔

آپ نے دیکھا کہ مذکورہ بالا دونوں آیتوں میں قربانی کو تیسیر (آسانی) سے منسلک کیا گیا ہے۔ اور عدم تیسیر کی صورت میں عازم مکہ کو یہ سہولت دی گئی ہے کہ وہ دس روزے رکھ لے اور سہولت در سہولت یہ کہ تین روزے مکہ میں اور باقی کے سات روزے گھر آ کر مکمل کرے۔

اسلامی قانون سازی میں یُسر کے پہلو کو غالب حیثیت دی گئی ہے۔ اسے ذیل میں ملاحظہ کیجئے۔

﴿وَأَمَّا مَنْ اٰمَنَ وَ عَمِلَ صَالِحاً فَلَهُ جَزَآءَنِ الْحُسْنٰى وَسَنَقُوْلُ لَهٗ مِنْ أَمْرِنَا يُسْرًا﴾ (۱٦)

(اور جو شخص ایمان لائے گا اور اچھے اعمال اختیار کرے گا تو اس کے لئے بہترین بدلہ ہے، اور ہم اس کے لیے اپنے احکام میں آسان بات کہیں گے)۔

قران مجید نے ایمان اور عملِ صالح اختیار کرنے والوں کے حق میں ''آسان بات'' کہنے کا جو ذکر کیا ہے، اس سے منشائے قرآن، ''اصول تیسیر'' کے حق میں مزید واضح ہو جاتی ہے۔ یہ آیت چونکہ حضرت ذوالقرنین کے تعلق سے آئی ہے۔ حضرت ذوالقرنین، ریاستی یا حکومتی قانون سازی کے لیے ﴿وَسَنَقُوْلُ لَهٗ مِنْ أَمْرِنَا يُسْرًا﴾ کے الفاظ استعمال کرتے ہیں۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ حکمرانوں اور فاتحین کو آسان قوانین وضع کرنے چاہیں، ایسے قوانین، جو سب کے

لیے باسہولت اور قابل عمل ہوں۔

اب اسی پہلو کو ذیل کی آیت میں دیکھیے۔

﴿وَاِنْ کَانَ ذُوْ عُسْرَۃٍ فَنَظِرَۃٌ اِلٰی مَیْسَرَۃٍ وَاِنْ تَصَدَّقُوْا خَیْرٌ لَّکُمْ اِنْ کُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ﴾(۱۷)

(اور اگر مقروض تنگ دست ہو تو فراخی تک مہلت دینی چاہیئے۔ اور اگر تم خیرات کر دو تو تمہارے لیئے بہتر ہے اگر تم جانو)۔

اس حکم میں ''اصول تیسیر'' کی کارفرمائی واضح ہے۔ یعنی مقروض اگر وقت مقررہ پر قرض ادا کرنے کے قابل نہیں تو اسے مہلت دی جانی چاہیئے یا پھر معاف کر دینا چاہیئے۔ یعنی انہیں جیل بھجوانے کے لیئے قانون سازی نہیں کرنی چاہیئے۔

اصول وسعت

نفاذ شریعت اور اسلامی قانون سازی میں ''اصول وسعت'' بھی ایک اہم عامل ہے۔ ذیل کی آیات سے یہ اصول واضح ہے۔

﴿وَالْوَالِدَاتُ یُرْضِعْنَ أَوْلاَدَھُنَّ حَوْلَیْنِ کَامِلَیْنِ لِمَنْ أَرَادَ أَن یُتِمَّ الرَّضَاعَۃَ وَعلَی الْمَوْلُودِ لَہُ رِزْقُھُنَّ وَکِسْوَتُھُنَّ بِالْمَعْرُوفِ لاَ تُکَلَّفُ نَفْسٌ إِلاَّ وُسْعَھَا﴾(۱۸)۔

(مائیں اپنے بچوں کو پورے دو برس تک دودھ پلائیں۔ یہ حکم اس کے لیے، جو دودھ پلانے کی مدت پوری کرنا چاہے، اور دودھ پلانے والی ماؤں کا کھانا اور پہننا دستور کے مطابق بچے کے باپ پر لازم ہے، کسی جان کو اس کی طاقت سے بڑھ کر تکلیف نہ دی جائے)۔

﴿لاَ یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا إِلاَّ وُسْعَھَا﴾(۱۹)۔

(اللہ کسی شخص کو اس کی وسعت سے زیادہ مکلّف (ذمہ دار) نہیں ٹھہراتا)۔

اس آیت کا ترجمہ یوں بھی کیا جاسکتا ہے:

اللہ انسان پر جو ذمہ داری ڈالتا ہے اس سے اس کی وسعتوں میں اضافہ ہوجاتا ہے۔

﴿وَلاَ تَقْرَبُواْ مَالَ الْیَتِیمِ إِلاَّ بِالَّتِیْ ھِیَ أَحْسَنُ حَتَّی یَبْلُغَ أَشُدَّہُ وَأَوْفُواْ الْکَیْلَ وَالْمِیْزَانَ بِالْقِسْطِ لاَ نُکَلِّفُ نَفْساً إِلاَّ وُسْعَھَا﴾(۲۰)۔

(اور یتیم کے مال کے قریب مت جانا۔ مگر ایسے طریق سے، جو بہت ہی پسندیدہ ہو، یہاں تک کہ وہ جوانی کو پہنچ جائے، اور پیمانے اور ترازو (یعنی ناپ تول) کو انصاف کے ساتھ پورا کیا کرو، ہم کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے)۔

﴿وَالَّذِيْنَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ لاَ نُكَلِّفُ نَفْساً إِلاَّ وُسْعَهَا أُوْلَـئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ هُمْ فِيْهَا خَالِدُونَ ﴾(۲۱)۔

(اور جولوگ ایمان لائے اور لائق قدر اعمال انجام دیتے رہے۔(الغرض) ہم کسی شخص کو اس کی وسعت سے زیادہ ذمہ دار نہیں بناتے۔یہی لوگ اہل جنت ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے)۔

﴿وَلَا نُكَلِّفُ نَفْساً إِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتَابٌ يَنطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ﴾(۲۲)۔

(اور ہم کسی جان کو تکلیف نہیں دیتے۔مگر اس کی استعداد کے مطابق اور ہمارے پاس نوشتۂ اعمال موجود ہے۔جو ہر بات سچ سچ بتادے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا)۔

مذکورہ بالا پانچوں، آیتوں میں نفس انسانی کو اس کی وسعت کے مطابق مکلّف کرنے کا بیان مذکور ہوا ہے۔اور ہر جگہ جداگانہ احکام وحقائق کے ضمن میں ان الفاظ کو دہرایا گیا ہے۔جس میں ''اصول وسعت'' کا بیان ہے۔مثلاً اول الذکر آیت میں نوزائیدہ بچوں کو دوسال تک دودھ پلانے کے حکم کے بعد یہ فرمایا کہ یہ مدت ان لوگوں کے لیے ہے جو اس انتہائی مدت کی تکمیل کرنا چاہتے ہیں، گویا اس مدت سے قبل بھی انفصال ہوسکتا ہے۔مگر یہ انفصال، ظاہر ہے کہ انسانی ضرورتوں اور مصلحتوں کے لحاظ سے ہوگا۔

سورۂ انعام کی آیت میں مال یتیم کے قریب، غیر پسندیدہ طریق سے جانے سے روکا گیا ہے، اور ناپ تول میں انصاف کو ملحوظ رکھنے کے حکم کے بعد نفس انسانی کی وسعتوں کو بیان کیا گیا ہے۔پھر ان وسعتوں کو ذمہ داریوں سے وابستہ کر دیا گیا ہے۔مقصود کلام یہ کہ خدا کی طرف سے نازل کردہ احکام کے ذریعے نفس انسانی کے اختیارات میں وسعتیں پیدا ہو جاتی ہیں اور مباحات کا دائرہ وسیع سے وسیع تر ہوتا جاتا ہے۔تاکہ انسان اپنی دنیوی حیات میں زیادہ سے زیادہ منضبط، فعال، اور متحرک کردار ادا کرسکے۔گویا خدائی احکام کی پابندیوں سے انسان کے اندر آزادی کی وسعت پیدا ہو جاتی ہے۔علامہ اقبال کے بقول:

می شود از جبر پیدا اختیار

سورۂ اعراف کی آیت کو دیکھیئے تو پتہ چلے گا کہ ایمان اور عملِ صالح کو متعلق بالوسعت کر کے ہی ان ذمہ داروں کو اصحاب الجنت قرار دیا گیا ہے۔اسی طرح سورۂ مومنون کی آیت کے مطابق، جو لوگ خدائی احکام کی پابندی سے اپنے اندر ظرف وسعت پیدا کر لیتے ہیں۔انہیں بتایا گیا ہے کہ آخرت میں خدا کے پاس انسانی اعمال کا نوشتہ موجود ہوگا جو ہر بات کو کھول کر رکھ دے گا۔مطلب یہ کہ شرعی ذمہ داریوں کا نبھاؤ انہیں انصاف سے ہم آہنگ کر دے گا۔واضح رہے کہ شریعت کا اصول وسعت انسان کو اس کی فطری طاقت کے بقدر ذمہ دار بناتا ہے۔

انسانی وسعت کے پیش نظر مسلمانوں کو دیئے گئے بعض احکام کی چند مثالیں ملاحظہ ہوں۔

روزوں کے سلسلے میں ارشاد فرمایا گیا:

﴿فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْه﴾ (۲۳)۔

(پس جو کوئی ماہِ رمضان کا چاند دیکھ لے (خواہ بصارت سے، خواہ بصیرت سے) سو وہ اس ماہ کے روزے رکھے)۔

پھر فرمایا مریض اور حالت سفری کے لوگ بعد کے دنوں میں یہ گنتی پوری کرلیں اور اس کے بعد فرمایا:

﴿وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ﴾ (۲۴)۔

(جو لوگ بامشقتِ تمام، روزہ رکھ سکیں تو وہ روزے کے بدلے کسی مسکین کو کھانا کھلا دیا کریں)۔

یہ ہے علیٰ قدرِ وسعت مکلّف ٹھہرانے کی مثال۔ اسے قلت تکلیف کے اصول کی مثال بھی قرار دیا جا سکتا ہے۔ اسی طرح مناسک حج کے سلسلے میں جہاں حجامت نہ بنوانے کا حکم دیا گیا وہیں اس حکم کے بعد یہ رعایت مذکور ہوئی کہ اگر کوئی مریض ہو یا اس کے سر میں کوئی تکلیف ہو تو وہ اس کے بدلے میں روزے رکھ لے۔ یا کوئی عطیہ دے دے۔ یا کوئی اور عمل خیر کرلے (۲۵)۔

اسی طرح قتل مومن بالخطاء کے فدیہ کے طور پر، ایک غلام آزاد کرنے کا حکم ملتا ہے۔ اس کے بعد کہا گیا ہے کہ جسے اس کی استطاعت نہ ہو تو وہ دو ماہ کے روزے رکھ لے (۲۶)۔ یہ متبادل فدیہ بھی ''اصول وسعت'' کا آئینہ دار ہے۔

﴿لاَ يُؤَاخِذُكُمُ اللّهُ بِاللَّغْوِ فِيْ أَيْمَانِكُمْ وَلَكِن يُؤَاخِذُكُم بِمَا عَقَّدتُّمُ الأَيْمَانَ فَكَفَّارَتُهُ إِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسَاكِيْنَ مِنْ أَوْسَطِ مَا تُطْعِمُونَ أَهْلِيْكُمْ أَوْ كِسْوَتُهُمْ أَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ فَمَن لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلاثَةِ أَيَّامٍ ذَلِكَ كَفَّارَةُ أَيْمَانِكُمْ﴾ (۲۷)۔

(اللہ تعالیٰ تمہاری بے مقصد قسموں پر تمہاری گرفت نہیں فرماتا۔ البتہ تمہاری ان قسموں پر ضرور گرفت فرماتا ہے جنہیں تم مضبوط کرلیتے ہو، تو اس کا یہ کفارہ ہے، دس مسکینوں کو اوسط درجے کا کھانا کھلانا، جو تم اپنے گھر والوں کو کھلاتے ہو یا انہیں کپڑے دینا یا کسی غلام و باندی کو آزاد کرانا، پھر جسے یہ میسر نہ ہو تو وہ تین دن روزے رکھے۔ یہ تمہاری قسموں کا کفارہ ہوگا)۔

اس حکم میں اللہ تعالیٰ نے کئی آپشنز رکھے ہیں۔ جس میں، انسان کی سہولت اور معاشرے کی ضرورت کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔ خدائی شریعت کا اصول وسعت، اس حکم میں بہت واضح ہے۔

اسی طرح یہ آیت بھی دیکھیے۔

﴿ وَالَّذِيْنَ يُظَاهِرُونَ مِن نِّسَائِهِمْ ثُمَّ يَعُودُونَ لِمَا قَالُوا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مِّن قَبْلِ أَن يَتَمَاسَّا﴾ (۲۸)۔

(اور جو لوگ اپنی بیویوں سے ظہار کر بیٹھتے ہیں۔ پھر اپنے کہے سے پلٹنا چاہتے ہیں تو ان پر لازم

ہے کہ وہ ایک گردن چھڑائیں قبل اس کے کہ وہ ایک دوسرے کو چھوئیں)۔

پھر جسے یہ سہولت میسر نہ ہو تو وہ:

﴿ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِن قَبْلِ أَن يَتَمَاسَّا فَمَن لَّمْ يَسْتَطِعْ فَإِطْعَامُ سِتِّينَ مِسْكِيناً ﴾ (۲۹)۔

(دو ماہ کے متواتر روزے رکھے۔ قبل اس کے کہ وہ ایک دوسرے کو چھوئیں، پھر جو شخص اس کی بھی طاقت نہ رکھے تو وہ ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے)۔

اس جگہ بھی علیٰ قدر وسعت کئی آپشنز رکھے گئے ہیں۔ ان مثالوں سے واضح ہوتا ہے کہ نفاذ شریعت میں اصول وسعت کو خصوصیت کے ساتھ ملحوظ رکھا گیا ہے۔

آنحضرت ﷺ کے فرائض نبوت میں جہاں یہ بتایا گیا ہے کہ وہ معروفات کا حکم دیتے اور منکرات سے روکتے ہیں۔ طیب کو حلال اور خبیث کو حرام کرتے ہیں۔ وہیں یہ بھی بتایا گیا ہے۔

﴿ وَيَضَعُ عَنْهُمْ إِصْرَهُمْ وَالْأَغْلَالَ الَّتِي كَانَتْ عَلَيْهِمْ ﴾ (۳۰)۔

(اور ان سے ان کے وہ بوجھ بھی اتارتے ہیں اور وہ طوق بھی جن میں وہ (جہالت کے سبب) جکڑے ہوئے تھے)۔

مطلب یہ کہ ان کے وہ ’’آصار و اغلال‘‘ ایسی ناجائز پابندیاں تھیں۔ جن میں انہوں نے شریعت کا علم نہ ہونے کے سبب خود کو جکڑ کر رکھا تھا۔ خود ساختہ ناروا پابندیاں عائد کرنا اور خود کو مباحات سے دور رکھنا۔ خدا کو پسند نہیں۔ اسی لیے کار نبوت میں اس امر کو بھی داخل کر دیا گیا تھا کہ وہ لوگوں کو ان ’’بدعات‘‘ سے نکالیں۔ اور انہیں خدا کی دی ہوئی وسعتوں میں ذمہ دارانہ حیثیت میں آزاد کر دیں۔ گویا شریعت کے مطلوبات میں یہ ’’آزادی‘‘ بھی شامل ہے اور یہ آزادی ’’اصول وسعت‘‘ کے تحت انسانوں کو عطا کی گئی ہے۔

سورۂ طلاق کی آیت نمبر ۶۔۷ اسی تناظر میں دیکھیے۔

تم اپنی مطلقات کو اپنے مقدور کے مطابق وہیں رکھو، جہاں تم رہتے ہو، اور انہیں (کسی بھی طرح) تنگ کرنے کے لیے کوئی تکلیف نہ دو اور اگر وہ حاملہ ہوں تو ان پر خرچ کرتے رہو۔ یہاں تک کہ وہ بچہ جن لیں پھر اگر وہ تمہارے کہنے پر بچے کو دودھ پلائیں تو انہیں ان کی اجرت دے دو اور آپس میں پسندیدہ طور پر مشورہ کر لیا کرو اور اگر تم (رضاعت میں)ایک دوسرے سے تنگی محسوس کرو تو اسے (اب کوئی) دوسری عورت دودھ پلائے گی۔ وسعت والے کو اپنی وسعت کے مطابق خرچ کرنا چاہیئے اور جس کی آمدنی کم ہو تو وہ اسی روزی میں سے خرچ کرے جو اللہ نے اسے دیا ہے۔ اللہ کسی شخص پر کچھ لازم نہیں کرتا۔ مگر اسی قدر جتنا کہ اس نے عطا کر رکھا ہے۔ اللہ عنقریب، تنگی کے بعد آسانی مہیا کر دے گا۔

ان احکام میں جو سہولت، نرمی اور آسانی رکھی گئی ہے اسے ملحوظ خاطر رکھا جائے تو بصورت تنفیذ بھی شریعت کی

آسانی پر استدلال واضح ہے۔ نیز نو پیدا مسائل کے حل میں بھی بصورت اجتہاد ''اصول وسعت'' کی فراہم کردہ آسانی، لوگوں کو باسہولت کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

اصول عدم حرج

شریعت کا ایک قرآنی اصول ''عدم حرج'' بھی ہے۔ اور اس اصول کی سند یہ ہے:

﴿مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ﴾ (۳۱)۔

(اللہ نہیں چاہتا کہ تم پر کوئی تنگی کرے)۔

استنباط احکام اور تخریج مسائل میں بہت سے موقعوں پر اس اصول سے فائدہ اٹھایا جاتا ہے۔ اس مقام پر یہ اصول قرآن کے جس سلسلہ احکام میں وارد ہوا ہے۔ ان کا تعلق، وضو، غسل، اور تیمّم کے مسائل سے ہے۔

اسی طرح:

﴿مَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ﴾ (۳۲)۔

(تمہارے لئے دین میں کوئی تنگی نہیں رکھی گئی)۔

علمائے تفسیر نے اس مقام پر ''اصول عدم حرج'' سے متعدد مباحث پیش کئے ہیں۔ مثلاً قصر صلوٰۃ کی بحث۔ مریض و مسافر کے لیے روزے کی رخصت۔ بیمار کے لیے بیٹھ کر نماز پڑھنا اور اندھے لنگڑے اور مریض پر جہاد فرض نہ ہونے کی بحث وغیرہ۔ غرض یہ اصول ہمہ اقسام کی تنگیوں کو مبدل بہ فراخی و کشادگی کرنے سے عبارت ہے۔

سورۂ احزاب کے ایک مقام پر منہ بولے بیٹوں کی مطلقات سے نکاح کرنے کو عہد جاہلیت کا ''حرج'' قرار دے کر، مومنوں کو اسی تنگی اور دشواری سے نکالا گیا ہے۔

﴿لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْ أَزْوَاجِ أَدْعِيَائِهِمْ إِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَراً﴾ (۳۳)۔

(تاکہ مومنوں پر اپنے منہ بولے بیٹوں کی بیویوں کے بارے میں کوئی تنگی نہ رہے۔ جب وہ انہیں (بصورت طلاق) علیحدہ کردیں)۔

واضح ہو کہ اس حرج سے نکالنے کے لیئے اللہ تعالیٰ نے خود اپنے نبی ﷺ کو منتخب فرمایا تاکہ ''عدم الحرج'' کا قرآنی اصول، خود اس کے نبی ﷺ کے نمونہ عمل سے مجسم و مفسر ہو سکے۔

﴿مَّا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيْمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ﴾ (۳۴)۔

نبی پر اس امر میں کوئی حرج نہیں، جو اللہ نے اس کے لیئے مقرر کیا ہے۔

الغرض، نفاذ شریعت اور قانون سازی میں ''اصول عدم حرج'' بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔

اصولِ تخفیف

اصولِ تخفیف بھی نفاذ شریعت اور قانون سازی میں بنیادی قدر کا حامل ہے۔ ذیل کی آیت میں اس حقیقت کو واشگاف کیا گیا ہے۔

﴿يُرِيدُ اللّهُ أَن يُخَفِّفَ عَنكُمْ وَخُلِقَ الإِنسَانُ ضَعِيفاً﴾ (۳۵)۔

(اللہ چاہتا ہے کہ تم سے (بوجھ) ہلکا کردے اور انسان کمزور پیدا ہوا ہے)۔

شریعت سازی چونکہ انسان کی استطاعت سے باہر تھی کیونکہ انسان اس امر میں کمزور پیدا ہوا ہے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے اسے اپنے ذمہ لے لیا۔ اور انسانوں پر شریعت سازی کا کوئی بوجھ نہیں رہنے دیا۔ یہاں انسانوں پر جس بوجھ کے ہلکا کرنے کا ذکر ہے۔ یہ وہی شریعت کا بوجھ ہے۔ مگر واضح رہے کہ انسان، خدا کی شریعت کو بطور اصل کے مان کر، اس کے گہرے مطالعہ کی روشنی میں اجتہادی اصول وضع کرنے کی صلاحیت ضرور رکھتا ہے۔ خدا نے (اپنے احکام کی صورت میں)انسانوں پر اتنا ہی بوجھ ڈالا ہے۔ جتنے کی ان میں سکت اور ہمت پیدا کی ہے۔ انسانوں پر ان کی استطاعت سے زیادہ بوجھ ڈالنا، چونکہ خلاف مشیت تھا۔ اس لیئے اس نے ایسا نہیں کیا بلکہ ضعف انسانی کے پیش نظر تخفیف کے اصول کو مستقل قدر کے طور پر قائم فرمادیا۔ پس اجتہادی عمل میں اس اصول کو ملحوظ رکھا جائے گا اور آسان احکام وضع کیئے جائیں گے۔

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلَى الْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالأُنثَى بِالأُنثَى فَمَنْ عُفِيَ لَهُ مِنْ أَخِيهِ شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوفِ وَأَدَاء إِلَيْهِ بِإِحْسَانٍ ذَلِكَ تَخْفِيفٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ﴾ (۳۶)۔

(اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو تم پر مقتولوں کے بارے میں قصاص مقرر کیا گیا ہے۔ (قاتل) آزاد ہو تو آزاد (ہی مارا جائے) اور غلام ہو تو غلام اور عورت ہو تو عورت۔ مگر جس کو اپنے بھائی کی طرف سے کچھ معافی مل جائے تو معاشرے کے عرف کے مطابق عمل کیا جائے اور ادائیگی میں عمدگی یا طلب سے بڑھ کر دینے کا معاملہ کیا جائے، اس قانون میں تمہارے رب کی طرف سے سہولت اور ہمدردی کا پہلو رکھا گیا ہے)۔

آیت مذکورہ میں قانون قصاص میں ''اصول تخفیف'' کو انسانی ضرورت و مصلحت کے پہلو سے اختیار کیا گیا ہے۔ مطلب یہ کہ قتل جیسے بھیانک اور ہولناک جرم میں بھی جہاں بدلہ کی بات کی گئی ہے۔ وہیں مقتول کے ورثاء کی طرف سے معاف کرنے کا آپشن بھی رکھا گیا ہے۔ نفاذ شریعت میں یہ اصول، متعدد جگہوں پر انسانی رہنمائی کا فریضہ انجام دیتا نظر آئے گا۔

﴿يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِينَ عَلَى الْقِتَالِ إِن يَكُن مِّنكُمْ عِشْرُونَ صَابِرُونَ

يَغْلِبُواْ مِئَتَيْنِ وَإِن يَكُن مِّنكُم مِّئَةٌ يَغْلِبُواْ أَلْفاً مِّنَ الَّذِينَ كَفَرُواْ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لاَّ يَفْقَهُونَ
○ الآنَ خَفَّفَ اللّهُ عَنكُمْ وَعَلِمَ أَنَّ فِيكُمْ ضَعْفاً﴾ (۳۷)۔

(اے نبی! مومنوں کو جنگ پر آمادہ کیجئے (اور انہیں بتایئے کہ) اگر تم میں سے بیس ڈٹ جانے والے ہوں گے تو دو سو پر غالب آئیں گے۔ اور اگر تم میں سے ایک سو ہوں گے تو وہ ہزار کافروں پر غالب آئیں گے۔ ایسا اس لئے ہوگا کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو فقاہت سے خالی ہیں۔ اس وقت اللہ نے تمہارا بوجھ ہلکا کر دیا اور اس نے ظاہر کر دیا ہے کہ تم میں کمزوری ہے۔ پس اس حالت میں بھی، اگر تم میں سے ایک ہزار ہوں تو اللہ کے حکم سے دو ہزار پر غالب آئیں گے۔ اور اللہ پامردی سے مقابلہ کرنے والوں کے ساتھ ہے)۔

یہاں بھی حکم قتال کے ساتھ ''اصول تخفیف'' کارفرما ہے۔ جسے مسلمانوں کی ایمانی و مادی کمزوری کے پیش نظر واضح کیا گیا ہے۔ یہ اصول ہر اس جگہ کارفرما ہوگا۔ جہاں مسلمانوں کے حالات، اس کے متقاضی ہوں گے۔ شارع نے یہ اصول دے کر سمجھا دیا ہے کہ قتال جیسے اہم معاملہ میں بھی، جس طرح اصول تخفیف کے تحت وہ کسی رعایت کے مستحق قرار پاتے ہیں، وہیں دیگر معاملات میں بھی اسی اصول کے تحت مستحق رعایت ہو سکتے ہیں۔ غرض نفاذ شریعت میں یہ اصول بنیادی اہمیت کا حامل ہے۔ اسی طرح یہ آیت بھی دیکھیئے:

﴿ لاَّ يُؤَاخِذُكُمُ اللّهُ بِاللَّغْوِ فِيَ أَيْمَانِكُمْ وَلَكِن يُؤَاخِذُكُم بِمَا كَسَبَتْ قُلُوبُكُمْ وَاللّهُ غَفُورٌ حَلِيمٌ﴾ (۳۸)۔

(اللہ تمہیں ایسی قسموں پر نہیں پکڑے گا جو بلا ارادہ اور فضول ہوتی ہیں۔ البتہ ایسی قسموں پر ضرور گرفت کرے گا جو تم دل سے کھاتے ہو)۔

لغو سے مراد ایسا کلام ہے جو بغیر سوچے سمجھے منہ سے نکالا جائے۔ ایسے کلاموں پر اللہ نے پیشگی معافی کا اظہار کر دیا ہے۔ جو ''اصول تخفیف'' کے تحت سمجھا جا سکتا ہے۔ خدا کی شریعت میں اس طرح کی رعایات، انسانی کمزوریوں کے پیشِ نظر رکھی گئی ہیں۔ نفاذ شریعت میں یہ اصول ہمارے بھی پیش نگاہ رہنا چاہیئے۔ اصول تخفیف کی کارفرمائی درج ذیل آیت میں بھی ملاحظہ کیجئے۔

﴿وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيمَا أَخْطَأْتُم بِهِ وَلَكِن مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوبُكُمْ وَكَانَ اللَّهُ غَفُوراً رَّحِيماً﴾ (۳۹)۔

(اور اس باب میں تم پر کوئی گناہ نہیں جو تم سے خطا ہو جائے لیکن (وہ گناہ ضرور ہے) جو تمہارے دل سوچ سمجھ کر کریں)۔

اس اصول کو ہم اپنی عائلی زندگی میں اپنا کر، بہت سی غلطیوں یا غلط فیصلوں سے بچ سکتے ہیں۔ مثلاً طلاق کے

الفاظ جو بغیر قصدِ دلی کے۔۔۔ مونہوں سے نکل جاتے ہیں۔ وہ ''طلاق واقعی'' پر محمول نہ کیئے جائیں وغیرہ۔

اصولِ تلفیق

یہ وہ اصول ہے جو ہمیں قرآن مجید سے ہر آن منسلک رکھتا ہے۔ کیونکہ مسائل اجتہاد میں جو فقہی مکاتب چل پڑے ہیں وہ سب کے سب مستخرج من القرآن والسنہ (قرآن وسنت سے ہی ماخوذ) ہونے کے دعویدار ہیں۔ اور بر بنائے دعویٰ وہ تمام کے تمام ملت اسلامیہ کا مشترک سرمایہ ہیں۔ ہمارے نزدیک بغیر تفریق مکتب کے اس پورے فقہی سرمائے سے استفادہ کرنا ہی اصولِ تلفیق ہے۔ اس وضاحت کے ساتھ کہ اصل اتباع قرآن کریم کی مقصود ہو۔ کیونکہ قرآن تمام کتب ماسبق پر ''مھیمن'' (غالب) بنایا گیا ہے۔ یہ کیسے ممکن ہے کہ جو کتاب گذشتہ کتابوں پر نگران ہو۔ (یعنی ان کے قبول ورد کا واحد معیار) وہ اپنے مابعد کتابوں کی نگران نہ ہو؟ پس قرآن کی اس خصوصیت کا لازمی تقاضا ہے کہ مسلمانانِ عالم اپنے پورے فقہی ذخیرے کے قبول ورد کا واحد معیار اور میزان اسی کتاب کو بنائیں اور چونکہ قرآن کی ایک خصوصیت اس کا ''فرقان'' ہونا بھی ہے۔ جس کا صاف اور صریح مطلب یہی ہے کہ وہ کھرے، کھوٹے اور صحیح، غلط کے مابین خط امتیاز کھینچ دے۔

پس اصول تلفیق سے استفادہ، قرآن کی ان ہر دو خصوصیات کی روشنی میں کیا جائے گا۔ یہاں توضیح مزید کے لئے مولانا امین احسن اصلاحیؒ کے دو مختصر اقتباسات یقیناً بے محل نہ ہوں گے۔

''صحیح اصول یہ ہے کہ مختلف مسائل میں جس کا اجتہاد بھی ہمیں کتاب وسنت کے زیادہ موافق اور حالات اور مصالح سے زیادہ ہم آہنگ نظر آئے۔ ہمیں وہ اختیار کر لینا چاہیئے۔ خواہ وہ کسی امام کی طرف بھی منسوب ہو، معقولیت کا تقاضا بھی یہی ہے اور اسلام نے ہمیں تاکید اسی چیز کی' کی ہے۔

> اجتہادی معاملات میں اسلام نے ہمیں امام ابوحنیفہ یا امام شافعی کی پیروی کی ہدایت نہیں کی ہے بلکہ اس اجتہاد کی پیروی کی ہدایت کی ہے جو کتاب وسنت سے زیادہ موافقت رکھنے والا نظر آئے۔ اس چیز کی تاکید ان بزرگ آئمہ نے بھی فرمائی ہے۔ اگر ہم تدوین قانون کے معاملہ میں یہ روش اختیار کریں گے تو اس سے کئی نہایت واضح فائدے ہوں گے'' (۴۰)۔
>
> ''اسلام نے اجتہادی مسائل میں ہم کو کسی متعین فقہ کی تقلید کی بجائے **اوفق بالکتاب والسنه** (قرآن وسنت سے زیادہ موافق) کی پیروی کا حکم دیا ہے۔ اور یہ چیز صرف اسی صورت میں ممکن ہے جب ہم کسی متعین فقہ کی تقلید کے بجائے ہر امر میں یہ دیکھنے کی کوشش کریں کہ اس کے بارے میں فقہاء ومجتہدین کے جو اقوال منقول ہیں۔ ان میں سے کتاب وسنت سے قریب تر قول کون سا ہے؟'' (۴۱)۔

مذکورہ بالا جن آٹھ اصولوں پر ہم نے اپنی گزارشات پیش کی ہیں۔

ان میں سے بعض اصول جداگانہ نوعیت کے ہیں۔ گویا تفرد کے حامل ہیں۔ اور بعض ایک دوسرے کے مترادف لگتے ہیں۔ جیسے ایک دوسرے کی تفسیر ہوں۔ اس لیے کہ ان کا منشاء و مقصد بھی ایک ہی ہے مگر ہم نے قرآنی الفاظ کی رعایت میں انہیں الگ سے نمایاں کیا ہے۔ بہرحال یہ تکرار معنویت سے خالی نہیں ہے۔ دوسرے یہ کہ بعض اصولوں کے تحت کم مثالیں دی گئی ہیں اور بعض کے تحت زیادہ۔ اس کمی و زیادتی سے نفس مسئلہ پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔ کیونکہ ہمارا مقصود اصول واضح کرنا تھا اور بس۔ البتہ ان اصولوں میں مزید اصولوں کا اضافہ ضرور ممکن ہے۔

حوالہ جات

١۔ الحجر١٥ :٨٨۔

٢۔ الحج ٢٢:٤١۔

٣۔ الانفال ٨:٦٠۔

٤۔ البقرۃ ٢:٢٥٦۔

٥۔ القمر٥٤:١٧۔

٦۔ القمر ٥٤:٢٢۔

٧۔ القمر٥٤:٣٢۔

٨۔ القمر٥٤:١٧۔

٩۔ مریم ١٩:٩٧۔

١٠۔ الدخان ٤٤ :٥٨۔

١١۔ الاعلیٰ ٨٧ :٩٨۔

١٢۔ البقرہ ٢: ١٨٥۔

١٣۔ المزمل ٧٣:٢٠۔

١٤ ۔البقرہ ٢: ١٩٦۔

١٥۔ البقرہ ٢: ١٩٦۔

١٦۔ الکھف ١٨ :٨٨۔

١٧۔ البقرہ ٢: ٢٨٠۔

١٨۔ البقرہ ٢: ٢٣٣۔

١٩۔ البقرہ ٢: ٢٨٦۔

٢٠۔ الانعام ٦: ١٥٢۔

٢١۔ الاعراف ٧ :٤٢۔

٢٢۔ المومنون٢٣: ٦٢۔

٢٣۔ البقرہ٢:١٨٤۔

٢٤۔ البقرہ ٢: ١٨٤۔

٢٥۔ البقرہ ٢: ١٩٤۔

۲۶۔ النساء ۴:۹۲۔

۲۷۔ المائدہ ۵ : ۸۹۔

۲۸۔ المجادلہ ۸۵ :۳۔

۲۹۔ المجادلہ ۸۵ :۴۔

۳۰۔ الاعراف ۷ :۱۵۷۔

۳۱۔ المائدہ ۵ :۶۔

۳۲۔ حج ۲۲:۷۸۔

۳۳۔ الاحزاب۳۳ :۳۷۔

۳۴۔ الاحزاب ۳۳ :۳۸۔

۳۵۔ النساء ۴ :۲۸۔

۳۶۔ البقرہ ۲:۱۷۸۔

۳۷۔ الانفال ۸:۶۶۔۶۵۔

۳۸۔ البقرہ ۲:۲۲۵۔

۳۹۔ الاحزاب ۳۳:۵۔

۴۰۔ امین احسن اصلاحی، جدید اسلامی ریاست میں قانون سازی اور مسائل، لاہور، دار التذکیر، ۲۰۰۵ء، ص۹۴۔

۴۱۔ امین احسن اصلاحی، اسلامی ریاست میں فقہی اختلافات کا حل، لاہور، فاران فاؤنڈیشن، ۱۹۹۱ء، ص۱۱۷۔

فقہی قواعد کلیہ میں فقہاء کا اسلوب و منہج

ڈاکٹر ذوالفقار علی☆

قواعد کلیہ کا تعارف

لغت میں قاعدہ کسی چیز کی اساس اور بنیاد کو کہتے ہیں(۱) اور اس کی جمع قواعد آتی ہے۔اس بنا پر عمارت کی بنیادوں کو"قَواعِدُالبَیتِ"اور ہودے کی لکڑیوں کو"قَواعِدُ الهَودَجِ" کہا جاتا ہے۔قرآنِ مجید میں دوجگہ قواعد کا لفظ اسی لغوی مفہوم کے اعتبار سے وارد ہوا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿وَاِذْ یَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَیْتِ وَ اِسْمٰعِیْلُ﴾(۲)۔

(اور یاد کرو جب اٹھاتے تھے ابراہیم علیہ السلام بنیادیں خانۂ کعبہ کی اور اسماعیل علیہ السلام)۔

﴿فَاَتَی اللّٰهُ بُنْیَانَهُمْ مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَیْهِمُ السَّقْفُ مِنْ فَوْقِهِم﴾ (۳)۔

(پھر پہنچا حکم اللہ کا ان کی عمارت پر بنیادوں سے، پھر گر پڑی ان پر چھت اوپر سے)۔

فقہاء قواعد کلیہ کے اصطلاحی مفہوم کو اس طرح بیان کرتے ہیں :

اَلْقَاعِدَةُ: هِیَ قَضِیَّةٌ کُلِّیَّةٌ مُنْطَبِقَةٌ عَلٰی جَمِیعِ جُزْئِیَاتِهَا (۴)

(قاعدہ وہ حکمِ کلی ہے جو اپنی تمام جزئیات پر منطبق ہوتا ہو)۔

اَلْقَاعِدَةُ: حُکْمٌ کُلِّیٌّ یَنْطَبِقُ عَلٰی جَمِیعِ جُزْئِیَاتِهٖ لِیُتَعَرَّفَ اَحْکَامُهَا مِنْهُ (۵)

(قاعدہ وہ حکمِ کلی ہے جو اپنی تمام جزئیات پر منطبق ہوتا ہو، تاکہ اس سے جزئیات کے احکام معلوم کیے جاسکیں)۔

قاعدے کی درجِ بالا دونوں تعریفیں اپنے اصطلاحی مفہوم کے اعتبار سے ایک جیسی ہیں سوائے اس کے کہ پہلی تعریف کی نسبت دوسری تعریف میں زیادہ توضیح پائی جاتی ہے۔قاعدے کی اس قسم کی تعریف اگرچہ دیگر علوم وفنون کے لیے تو درست ہے مگر فقہی اور قانونی مسائل و احکام کے لیے ناقص معلوم ہوتی ہے۔جیسے نحو کا قاعدہ ہے: فاعل مرفوع،مفعول منصوب اور مضاف الیہ مجرور ہوتا ہے۔عربی زبان وادب کے یہ تینوں اصول، فاعل،مفعول اور مضاف الیہ اپنی تمام تر جزوی صورتوں کا احاطہ کرتے ہیں یعنی کوئی فاعل،مفعول یا مضاف الیہ ایسا نہیں ہے جس کی کوئی جزئی اپنے قاعدہ

☆ اسسٹنٹ پروفیسر،شعبہ اسلامیات، گورنمنٹ کالج کلر سیداں، راولپنڈی

کلیہ سے باہر ہو۔شریعت اسلامیہ کو سمجھنے والے علماءِ اصولیین ایک قاعدہ بیان کرتے ہیں کہ:''اَلْأَمْرُ لِلْوُجُوبِ وَالنَّهْيُ لِلتَّحْرِيمِ'' (٦)۔(امر وجوب کے لیے اور نہی تحریم کے لیے ہوتی ہے)۔یہ قاعدہ بھی اپنی تمام جزئیات پر پوری طرح منطبق ہوتا ہے۔مگر فقہ اسلامی کے قواعد کلیہ کا معاملہ ان اصولی معاملات سے ذرا مختلف نوعیت کا ہوتا ہے۔ان میں سے کوئی قاعدہ کلیہ بھی اپنی تمام تر جزئیات وفروعات پر حاوی نہیں ہوتا بلکہ اس کی بہت سی استثنائی صورتیں ایسی بھی ہوتی ہیں جو اپنے قاعدے کے اطلاق سے باہر رہتی ہیں۔مثلاً:فقہی قاعدہ ہے:''اَلْقَدِيمُ يُتْرَكُ عَلٰى قِدَمِهٖ'' (٧)۔(قدیم کو اس کی قدامت پر چھوڑا جائے گا) لیکن ضرر کو اس سے استثنائی صورت حاصل ہوگی یعنی''اَلضَّرَرُ لَا يَكُونُ قَدِيمًا'' (٨)۔(ضرر کبھی قدیم نہ ہوگا)۔اسی طرح سِیَر کے حوالے سے قاعدہ ہے: ''اَلْجِهَادُ وَاجِبٌ عَلٰى الْمُسْلِمِينَ'' (٩)۔(مسلمانوں پر جہاد واجب ہے)۔اب اس میں بہت سی ایسی استثنائی صورتیں بھی ہیں جن کے تحت جہاد ہر مسلمان پر واجب نہیں ہوتا (١٠)۔اس لیے بعض فقہاء فقہی قاعدے کی تعریف ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں:

حُكْمٌ اَكْثَرِيٌّ لَا كُلِّيٌّ يَنْطَبِقُ عَلٰى اَكْثَرِ جُزْئِيَّاتِهٖ لِتُعْرَفَ اَحْكَامُهَا مِنْهُ (١١)۔

(قاعدہ وہ حکمِ اکثری ہے نہ کہ کلی، جس کا اپنی اکثر جزئیات پر اطلاق ہوتا ہو اور اس سے فقہی احکام معلوم ہو سکیں)۔

هُوَ الْحُكْمُ الْكُلِّيُّ أَوِ الْاَكْثَرِيُّ الَّذِيْ يُرَادُ بِهٖ مَعْرِفَةُ حُكْمِ الْجُزْئِيَّاتِ (١٢)۔

(قاعدہ وہ کلی یا اکثریتی حکم ہے جس کا مقصد یہ ہو کہ اس کے ذریعے جزئیات کا حکم معلوم کیا جا سکے)۔

قاعدے کی درج بالا دونوں تعریفوں میں جو چیز مشترکہ طور پر پائی جاتی ہے وہ یہ ہے کہ قاعدہ وہ اصول یا مقولہ ہے جس کے کہنے سے ایک عام آدمی کو بہت سے قانونی اور شرعی احکام سمجھ میں آ جائیں۔اگر عام زبان میں اس کا مفہوم ادا کیا جائے تو وہ ''ایک جامع بات یا فارمولے'' کے مفہوم کے قریب تر ہے۔جہاں تک اس کی قانونی اور دستوری حقیقت و ماہیت کا تعلق ہے تو مصطفیٰ احمد الزرقاء (م ١٤٢٠ھ/١٩٩٩ء) کے بقول:''اُصُولٌ فِقْهِيَّةٌ كُلِّيَّةٌ فِيْ نُصُوْصٍ مُوْجَزَةٍ دَسْتُوْرِيَةٍ تَتَضَمَّنُ اَحْكَامًا تَشْرِيْعِيَّةً عَامَةً فِي الْحَوَادِثِ الَّتِيْ تَدْخُلُ تَحْتَ مُوْضُوْعِهَا'' (١٣)۔یعنی قواعد کلیہ وہ فقہی اصول ہیں جنہیں مختصر قانونی زبان میں اس طرح مرتب کیا گیا ہو کہ ان میں اپنے موضوع کے تحت آنے والے تمام شرعی احکام شامل ہو جائیں)۔

کتبِ فقہ میں پائے جانے والے کثیر تعداد میں قواعد کلیہ اپنی وسعت اور دائرہ کار کے اعتبار سے ایک جیسے نہیں ہیں۔ان میں سے بعض قواعد کلیہ کو اساسی حیثیت حاصل ہے جن کی فروعات تمام فقہی ابواب میں پائی جاتی ہیں۔جیسے ''اَلْقَوَاعِدُ الْخَمْسُ'' ہیں اور بعض قواعد کلیہ ایسے بھی ہیں جن میں اتنی گہرائی یا وسعت نہیں پائی جاتی، ان کی جزئیات صرف ایک آدھ باب کو ہی شامل ہوتی ہیں۔ایسے قاعدے کلیے کو فقہاء ضابطہ یا فائدہ کا نام دیتے ہیں (١٤)۔ ابن نجیم (م ٩٧٠ھ/١٥٦٣ء) قاعدے اور ضابطے کے درمیان فرق بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:''اِنَّ الْقَاعِدَةَ تَجْمَعُ

فُرُوْعًا مِنْ اَبْوَابٍ شَتّٰی، وَالضَّابِطُ یَجْمَعُهَا مِنْ بَابٍ وَاحِدٍ'' (۱۵)۔(قاعدہ وہ ہے کہ جس کی فروعات مختلف ابواب کا مجموعہ ہوں جب کہ ضابطہ وہ ہے کہ جس کی فروعات ایک ہی باب پر مشتمل ہوں)۔اس اعتبار سے ''اَلْیَقِیْنُ لَایَرُفَعُ بِالشَّکِ'' (۱۶)۔(یقین شک کی وجہ سے زائل نہ ہوگا)۔قاعدہ کلیہ ہے کیوں کہ اس کی فروعات کسی خاص باب کے بجائے ہر باب میں پائی جاتی ہیں، جب کہ ''شَعْرُ الْحَیَوَانِ فِیْ حُکْمِ الْمُنْفَصِلِ عَنْهُ لَافِیْ حُکْمِ الْمُتَّصِلِ'' (۱۷)۔(جانور کے بالوں کا حکم اس سے جدا چیز کا حکم ہے نہ کہ متصل کا)۔قاعدہ کے بجائے ضابطہ ہے کیوں کہ اس کا تعلق صرف باب الحیوانات سے ہے۔اگر قاعدے اور ضابطے کے اس فرق کو سامنے رکھ کر فقہاء کی قواعد کلیہ سے متعلق کتب کا مطالعہ کیا جائے تو یہ تفریق واضح طور پر نظر آتی ہے۔مثلاً:

علامہ سبکیؒ (م ۷۷۱ھ/۱۳۶۹ء) نے اپنی کتاب ''اَلْاَشْبَاهُ وَ النَّظَائِرُ'' میں بعض قواعد کلیہ کو ''اَلْقَوَاعِدُ الْعَامَةُ'' کے عنوان کے تحت لکھا ہے جب کہ کئی ایک قواعد کو ''اَلْقَوَاعِدُ الْخَاصَّةُ'' کا نام بھی دیا ہے اور انھیں فقہی ابواب کی ترتیب پر مدون کیا ہے۔اسی ترتیب کو امام سیوطیؒ (م ۹۱۱ھ/۱۵۰۵ء) نے اختیار کیا ہے۔انھوں نے اپنی کتاب ''اَلْاَشْبَاهُ وَ النَّظَائِرُ'' کے پہلے باب میں پانچ بنیادی قواعد کو مکمل شرح وبسط کے ساتھ لکھا پھر ''ضوابط'' کو کتاب کے پانچویں باب میں جا کر جگہ دی ہے۔ایسے ہی ابن نجیم (م ۹۷۰ھ/۱۵۶۳ء) نے اپنی کتاب ''اَلْاَشْبَاهُ وَ النَّظَائِرُ'' میں چھ بنیادی قواعد کلیہ کو ''اَلْفَنُّ الْاَوَّلُ'' کے عنوان کے تحت اور ضوابط کو ''اَلْفَنُ الثَّانِی'' کے عنوان کے تحت ترتیب دیا ہے۔البتہ یہ بات ملحوظ رہے کہ قاعدے اور ضابطے کے درمیان مذکورہ بالا فرق بعض متاخرین فقہاء کا وضع کردہ ہے۔جہاں تک قدیم فقہاء کی ترتیب کا تعلق ہے تو ان کے پیش نظر ایسی کوئی تفریق موجود نہ تھی بلکہ انھیں کتبِ فقہ سے جو بھی قاعدہ کلیہ دستیاب ہوا یا انھوں نے خود مستنبط کیا تو اسے قاعدہ یا ضابطہ کا نام دیئے بغیر حسبِ ضرورت اپنی کتب میں درج کر دیا۔ایسے بے شمار قواعد کلیہ قاضی ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۸۲ھ/۷۹۸ء) کی ''کتاب الخراج''، شیبانی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۸۹ھ/۸۰۵ء) کی کتاب ''السیر الکبیر'' امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ (م ۲۰۴ھ/۸۱۹ء) کی کتاب ''الأم'' اور ''الرسالة'' امام سرخسی رحمۃ اللہ علیہ (م ۴۹۸ھ/۱۰۹۷ء) کی کتاب ''المبسوط'' اور ''شرح السیر الکبیر''، کاسانی رحمۃ اللہ علیہ (م ۵۸۷ھ/۱۱۹۱ء) کی کتاب ''البدائع الصنائع''، مرغینانی رحمۃ اللہ علیہ (م ۵۹۳ھ/۱۱۹۷ء) کی کتاب ''الهداية'' وغیرہ میں کثرت سے پائے جاتے ہیں۔قواعد کلیہ کے موضوع پر پائی جانے والی بعض ایسی وقیع اور شہرہ آفاق کتب بھی ہیں جن میں ضوابط، فوائد یا استثنائی صورتوں ہی کا ذکر ہے لیکن ان آئمہ کبار نے انھیں بھی قواعد کلیہ کا نام دیا ہے۔مثلاً قرافی رحمۃ اللہ علیہ (م ۶۸۴ھ/۱۲۸۵ء) نے ''اَلْفُرُوْقُ'' میں ''اَلضَّابِطُ'' کی جگہ ''اَلْقَاعِدَةُ'' یا ''اَلْمَسْئَلَةُ'' کا لفظ استعمال کیا ہے۔اسی طرح ابن رجب رحمۃ اللہ علیہ (م ۷۹۵ھ/۱۳۹۳ء) کی کتاب ''القواعد فی الفقه الاسلامی'' فقہی ابواب اور احکام و مسائل پر مشتمل ہے لیکن وہ انھیں ''قواعد'' کا نام دیتے ہیں۔

فقہاء کے نزدیک اصولی اور فقہی قاعدہ کلیہ کے درمیان بنیادی قسم کا فرق پایا جاتا ہے، کیوں کہ ان فنون میں سے ہر ایک فن اپنا مستقل وجود اور موضوع رکھتا ہے(۱۸)۔جس بنا پر فقہاء کی ان دونوں فنون یعنی ''اصول فقہ اور احکام فقہ'' میں الگ الگ کتابیں پائی جاتی ہیں اور ان دونوں میں وہ ایسا ہی فرق روا رکھتے ہیں جیسا کہ شریعت اور فقہ میں فرق پایا جاتا ہے(۱۹)۔ بہر حال اصولی اور فقہی قواعد کلیہ کا بغور مطالعہ کیا جائے تو ان کے مابین حسبِ ذیل قسم کا فرق نمایاں طور پر نظر آتا ہے:

الف۔ اصولی قاعدہ کلیہ ادلہ شرعیہ پر مشتمل ہوتا ہے، جب کہ فقہی قاعدہ کلیہ جزئیات کے مجموعے کو کہتے ہیں۔

ب۔ اصولی قاعدہ کلیہ سے شرعی احکام مستنبط کیے جاسکتے ہیں جب کہ فقہی قاعدہ کلیہ میں یہ صلاحیت نہیں ہوتی۔

ج۔ اصولی قاعدہ کلیہ کی تمام جزئیات اپنے موضوع پر منطبق ہوتی ہیں جب کہ فقہی قاعدہ کلیہ میں تمام جزئیات کی بجائے اکثر جزئیات منطبق ہوتی ہیں اور ہر قاعدہ کلیہ میں کوئی نہ کوئی استثنائی صورت بھی موجود ہوتی ہے۔

د۔ اصولی قاعدہ کلیہ کو فقہی قاعدہ کلیہ پر ایسی ہی برتری حاصل ہے جیسی کہ اصولی طور پر قرآن مجید کو سنت نبویہؐ پر۔

ھ۔ اصولی اور فقہی قاعدہ کلیہ میں ایک فرق یہ بھی ہے کہ مجتہد اصولی قواعد کلیہ کو سامنے رکھ کر احکام شرعیہ مستنبط کرتا ہے جب کہ فقہی قاعدہ کلیہ کو احکام اور جزئیات کی تخریج کے بعد وضع کیا جاتا ہے۔

اہمیت وافادیت

فقہی قواعد کلیہ کو دنیا بھر کے مروجہ قوانین میں بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ان کی سچائی اور افادیت کو آفاقی طور پر تسلیم کیا جاتا ہے۔فقہ اسلامی میں پائے جانے والے قواعد کلیہ کی تخریج اور استنباط چوں کہ قرآن وسنت اور اس کے ذیلی ماٰخذ ومصادر پر مبنی ہوتی ہے۔اس لیے یہ قواعد کلیہ دنیا بھر کے قانونی ضابطوں پر کئی گنا فوقیت رکھتے ہیں۔تاریخ گواہ ہے کہ ایسے فقہائے کرام رحمۃ اللہ علیہم جنھوں نے فقہ اسلامی کے قواعد کلیہ کو مرتب کیا یا زبانی یاد کیا تو انھیں وہ مقام ومرتبہ حاصل ہو گیا جو دیگر عام علماء وفقہاء کے حصے میں نہیں آیا تھا۔اس بنا پر ہر دور میں ایسے علماء وفقہاء پیدا ہوتے رہے ہیں جنھوں نے قواعد کلیہ کی جمع وتدوین کو ہی اپنی تحقیق کا موضوع بنائے رکھا جس کی وجہ سے آج ہمیں سینکڑوں کتب اور ہزاروں کی تعداد میں قواعد کلیہ کا وسیع ذخیرہ دستیاب ہے۔

علامہ قرافیؒ (م ۶۸۴ھ/۱۲۸۵ء) فقہ اسلامی میں قواعد کلیہ کی اہمیت وافادیت کے سلسلے میں لکھتے ہیں:

''وَ هٰـذِهِ الْـقَـوَاعِـدُ مُهِـمَّةٌ فِى الْـفِـقْـهِ، عَـظِيْـمَـةُ الـنَّفْعِ،وَبِقَدْرِ الْاِحَاطَةِ بِهَا يَعْظُمُ قَـدْرَالْـفِـقِيْـهِ وَ يَشْـرُفُ وَ يَـظْهَـرُ رَوْنَـقُ الْـفِقْهِ وَ يُعْرَفُ، وَ تَتَّضِحُ مَنَاهِجُ الْفَتَاوٰى وَتُـكْشَفُ،فِيْهَـا تَـنَـافَـسَ الْعُلَمَاءُ،وَ تَفَاضَلَ الْفُضَلَاءُ،وَ بَرَزَ الْقَارِحُ عَلَى الْجَذَعِ، وَحَـازَ قَـصَبَ السَّبْقِ مَنْ فِيْهَابَرَعَ،وَمَنْ جَعَلَ يُخْرِجُ الْفُرُوْعَ بِالْمُنَاسَبَاتِ الْجُزْئِيَّةِ

دُوْنَ الْقَوَاعِدِ الْكُلِّيَّةِ،تَنَاقَضَتْ عَلَيْهِ الْفُرُوْعُ، وَ اخْتَلَفَتْ، وَ تَزَلْزَلَتْ خَوَاطِرُه' فِيْهَا وَ اضْطَرَبَتْ، وَضَاقَتْ نَفْسُه' لِذٰلِكَ وَ قَنَطَتْ،وَ احْتَاجَ اِلَى حِفْظِ الْجُزْئِيَّاتِ الَّتِى لاتَتَنَاهَى، وَ انْتَهَى الْعُمُرُ، وَلَمْ تَقْضِ نَفْسُه' مِنْ طَلَبِ مُنَاهَا، وَمَنْ ضَبَطَ الْفِقْهَ بِقَوَاعِدِهٖ اسْتَغْنَى عَنْ حِفْظِ اَكْثَرِ الْجُزْئِيَّاتِ،لِاِنْدِرَاجِهَا فِى الْكُلِّيَّاتِ، وَاتَّحَدَعِنْدَهٗ مَا تَنَاقَضَ عِنْدَغَيْرِهٖ وَ تَنَاسَبَ، وَأَجَابَ الشَّاسِعَ الْبَعِيْدَ وَ تَقَارَبَ،وَحَصَّلَ طِلْبَتَهٗ فِىْ أَقْرَبِ الْأَزْمَانِ، وَانْشَرَحَ صَدْرُهٗ لِمَاأَشْرَقَ فِيْهِ مِنَ الْبَيَانِ، فَبَيْنَ ا لْمَقَامَيْنِ شَأْوٌبَعِيْدٌ،وَ بَيْنَ الْمَنْزِلَتَيْنِ تَفَاوُتٌ شَدِيْدٌ"(۲۰)۔

(فقہ اسلامی میں قواعد کلیہ کی بہت زیادہ اہمیت اورافادیت ہے۔کوئی فقیہ جتنا ان پر حاوی ہوگا اتنی ہی اس کی قدر ومنزلت بڑھے گی فقہ کی بہار اس پر عیاں ہوگی اور وہ باخبر عالم ہوگا۔فتویٰ دینے کے مختلف اسلوب اس پر واضح اور منکشف ہوں گے، علماء اس علم کے حصول میں ایک دوسرے پر مسابقت کرتے ہیں اور فضلاء ایک دوسرے پر فضلیت کے دعوے کرتے ہیں۔اس علم کے حاصل کرنے پر بڑا عالم چھوٹے عالم سے نمایاں ہوجاتا ہے۔اس علم کے ماہر کے قلم کی نوک مقابلے میں سبقت حاصل کرتی ہے اور جو قواعد کلیہ کو چھوڑ کر جزئیات کی مناسبت سے احکام مرتب کرتا ہے، اس پر فروعی احکام میں پائے جانے والے اختلافات مشتبہ ہوجاتے ہیں،اور خیالات اس کے متزلزل و مضطرب ہوجاتے ہیں اور کٹھن محسوس کرتے ہوئے مایوس ہوجاتا ہے اور وہ لامتناہی جزئیات یاد کرنے کا محتاج بن جاتا ہے۔عمر گزر جاتی ہے مگر اس کے نفس کی طلب پوری نہیں ہوتی۔ اس کے مقابلے میں وہ شخص جو فقہی قواعد کو ضبط کر لیتا ہے تو وہ کثیر تعداد میں جزئیات یاد کرنے سے مستغنی ہوجاتا ہے کیوں کہ یہ جزئیات ان کلیات میں شامل ہوتے ہیں۔دوسروں کے ہاں متناقض امور اس کے ہاں یکجا اور متناسب ہوجاتے ہیں،وہ عالم چھوٹے اور بڑے مسائل کا جواب دے سکتا ہے اور اپنی علمی طلب کو مختصر وقت میں حاصل کر لیتا ہے اور اسے اس وقت شرح صدر ہوجاتا ہے جب کوئی بیان اس کے سامنے ظاہر ہوتا ہے۔ان دو مقاموں کے درمیان واضح فرق ہے)۔

علاّمہ قرافیؒ "الذخیرۃ" میں لکھتے ہیں:

"فَاِنَّ كُلَّ فِقْهٍ لَمْ يُخَرَّجْ عَلَى الْقَوَاعِدِ فَلَيْسَ بِشَئٍ"(۲۱)

(یعنی ہر وہ فقہ جس کی تخریج قواعد کے مطابق نہ ہوئی ہو، وہ کسی کام کی نہیں)۔

عثمانی ترکوں کے دور میں معرض وجود میں آنے والے ''مجلة الاحکام العدلیة'' کے مرتبین نے جہاں مجلّہ میں معاملات سے متعلقہ مسائل واحکام مرتب کیے ہیں، وہاں انھوں نے ننانوے دفعات پر مشتمل قواعد کلیہ بھی جمع کیے ہیں جن کی اہمیت وافادیت بیان کرتے ہوئے وہ لکھتے ہیں:

''اِنَّ الْمُحَقِّقِیْنَ مِنَ الْفُقَهَاءِ قَدْ أَرْجَعُوا الْمَسَائِلَ الْفِقْهِیَّةَ اِلَی قَوَاعِدَ کُلِّیَّةٍ، کُلٌّ مِنْهَا ضَابِطٌ وَ جَامِعٌ لِمَسَائِلَ کَثِیْرَةٍ وَ تِلْکَ الْقَوَاعِدُ مُسَلَّمَةٌ مُعْتَبَرَةٌ فِی الْکُتُبِ الْفِقْهِیَّةِ تُتَّخَذُ أَدِلَّةً لِاِثْبَاتِ الْمَسَائِلِ وَ تَفَهُّمِهَا فِی بَادِیءِ الْأَمْرِ یُوْجِبُ الْاِسْتِئْنَاسُ بِالْمَسَائِلِ وَ یَکُوْنُ وَسِیْلَةً لِتَقَرُّرِهَا فِی الْأَذْهَانِ.......... ثُمَّ اِنَّ بَعْضَ هٰذِهِ الْقَوَاعِدِ وَ اِنْ کَانَ بِحَیْثُ اِذَا انْفَرَدَ یُوْجَدُ مِنْ مُشْتَمَلَاتِهِ بَعْضُ الْمُسْتَثْنَیَاتِ، لٰکِنْ لَا تَخْتَلُّ کُلِّیَّتُهَا وَ عُمُوْمُهَا مِنْ حَیْثُ الْمَجْمُوْعِ، لِمَا أَنَّ بَعْضَهَا یُخَصِّصُ وَ یُقَیِّدُ بَعْضَهَا آخَرَ''(۲۲)۔

(محققین فقہاء نے مسائل فقہیہ کو قواعد کلیہ کے تحت درج کیا ہے۔ ان میں سے ہر قاعدہ ایک ضابطہ ہے جو بہت سے مسائل کا جامع ہے۔ یہ قواعد کلیہ فقہی کتب میں بڑے معتبر اور مسلم سمجھے جاتے ہیں۔ مسائل کے حل کے لیے انھیں بطور دلیل بنایا جاتا ہے۔ ابتدائی طور پر مسائل سے مانوس ہونے اور انھیں ذہن نشین کرنے کے لیے یہ قواعد وسیلہ بنتے ہیں۔ پھر ان میں سے بعض ایسے قواعد کلیہ بھی ہیں جن کا اگر الگ حیثیت سے جائزہ لیا جائے تو ان کی جزئیات میں بعض مستثنیات بھی شامل ہوتی ہیں، لیکن اس سے مجموعی طور پر ان کی کلی اور عمومی حیثیت متاثر نہیں ہوتی کیوں کہ اگر کسی ایک قاعدے میں کوئی تخصیص پیدا ہو جاتی ہے تو دوسرے میں کوئی اور استثنائی صورت بھی پیدا ہو رہی ہوتی ہے)۔

قواعد کلیہ پر مشتمل بہت سی کتب ایسی ہیں جو ''الْأَشْبَاهِ وَ النَّظَائِرِ'' کے نام سے معروف ہیں۔ فقہاء نے ان کتب میں ملتے جلتے مسائل واحکام اور ان کے اسرار و رموز کو قواعد کلیہ کے تحت جمع کر دیا ہے۔

علامہ سیوطیؒ (م ۹۱۱ھ/۱۵۰۵ء)(۲۳) اس سلسلے میں رقمطراز ہیں۔

''اِعْلَمْ أَنَّ فَنَّ الْأَشْبَاهِ وَ النَّظَائِرِ فَنٌّ عَظِیْمٌ، بِهٖ یُطَّلَعُ عَلَی حَقَائِقِ الْفِقْهِ وَمَدَارِکِهٖ، وَمَآخِذِهٖ وَ أَسْرَارِهٖ، وَ یُتَمَهَّرُ فِیْ فَهْمِهٖ وَاسْتِحْضَارِهٖ، وَ یُقْتَدَرُ عَلَی الْاِلْحَاقِ وَ التَّخْرِیْجِ، وَ مَعْرِفَةُ أَحْکَامِ الْمَسَائِلِ الَّتِی لَیْسَتْ بِمَسْطُوْرَةٍ، وَالْحَوَادِثُ وَ الْوَقَائِعُ

الَّتِی لَا تَنْقَضِی عَلَی مَمَرِّ الزَّمَانِ"(۲۴)

(جان لیجیے کہ اشباہ و نظائر کا فن(علم) ایک عظیم فن ہے۔اسی سے فقہی حقائق، اس کے مفاہیم، مآخذ اور اسرار و رموز پر اطلاع ہوتی ہے اور اسی فن سے فقہی فہم میں مہارت اور اس کے مسائل کا استحضار رہتا ہے۔الحاق اور تخریج پر قدرت حاصل ہوتی ہے اور ان مسائل کے احکام کی معرفت حاصل ہوتی ہے جو ضبطِ تحریر میں نہیں آسکتے اور ایسے حادثات و واقعات جو گردش زمانہ سے ختم نہیں ہوتے)۔

مذکورہ بالا عبارات کا اگر تجزیہ کیا جائے تو قواعد کلیہ کی اہمیت و افادیت کے لیے حسبِ ذیل نکات سامنے آتے ہیں:

الف۔ قواعد کلیہ سے فقہ کی فہم اور شریعتِ اسلامیہ کے اسرار و رموز کا علم حاصل ہوتا ہے۔

ب۔ قواعد کلیہ کو یاد کرنے والے علماء کی قدر و منزلت بڑھ جاتی ہے۔

ج۔ قواعد کلیہ کے حفظ کی بنا پر علماء مذاکروں اور مباحثوں میں دوسروں پر سبقت حاصل کرتے ہیں۔

د۔ قواعد کلیہ کے ازبر ہونے سے کثیر تعداد میں جزئیات یاد کرنے سے نجات مل جاتی ہے۔

ھ۔ امتِ مسلمہ کے تمام مکاتبِ فکر کے علماء و فقہاء قواعد کلیہ کی اہمیت و افادیت کو تسلیم کرتے ہیں اس لیے ان کی کتب میں جزئیات کے ساتھ ساتھ قواعد کلیہ بھی پائے جاتے ہیں۔

و۔ قواعد کلیہ میں مہارت کی وجہ سے فکری انتشار اور فقہی اختلافات سے بچا جا سکتا ہے۔

ز۔ عمومی قواعد کلیہ کی معرفت سے مقاصد شریعت کا ادراک حاصل ہوتا ہے۔جیسے قاعدہ کلیہ ہے:"اَلضَّرُورَاتُ تُبِیْحُ الْمَحْظُورَاتِ" ضرورتیں حرام چیزوں کو مباح کر دیتی ہیں۔اس قاعدے سے معلوم ہوا کہ بندوں سے تکالیف دور کرنا اور ان کے لیے آسانیاں پیدا کرنا مقاصدِ شریعت میں سے ہے۔

عصر حاضر میں بھی قانون سازی کے وقت قواعد کلیہ (Legal Maxims) سے رہنمائی لی جاتی ہے۔ چنانچہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دساتیر ۱۹۵۶ء، ۱۹۶۲ء اور ۱۹۷۳ء میں ان سے استفادہ کیا گیا۔موخرالذکر دستور کے آرٹیکل ۲۹ تا ۴۰ میں Principles of Policy (حکمت عملی کے اصول) کے عنوان کے تحت انھیں درج کیا گیا ہے تاکہ آئندہ قانون سازی میں انہیں پیش نظر رکھا جا سکے۔ہماری ملکی عدالتیں بھی قانونی مقدمات کے فیصلوں میں ان قواعد کلیہ سے استفادہ کرتی ہیں۔ایک انگریزی مقولہ ہے:

"If the law is inadequate, the maxim serves in its place."

(یعنی قانون کی عدم موجودگی میں مقولے اس کی جگہ لیتے ہیں)۔

قواعد کلیہ کا دائرۂ کار

قواعد کلیہ چوں کہ فقہی احکام و جزئیات پر مشتمل ہوتے ہیں۔اس لیے ان کے دائرہ کار اور وسعت پذیری میں فقہی ادب کا بہت زیادہ عمل دخل رہا ہے۔انسانی زندگی کے جملہ شعبوں سے متعلق جیسے قرآن وحدیث اور کتبِ فقہ میں احکام پائے جاتے ہیں ایسے ہی ان احکام پر مشتمل قواعد کلیہ کا بھی وسیع ذخیرہ پایا جاتا ہے۔مرورِ زمانہ کے ساتھ ساتھ ان دونوں شعبوں میں یکساں ترقی لازم وملزوم ہے۔

فقہاء نے قرآنِ مجید، کتب احادیث اور فقہائے کرام رحمۃ اللہ علیہ کی کتب میں بیان کردہ قواعد کلیہ کی ابواب بندی کرتے ہوئے انھیں فقہی احکام کی طرح آٹھ بڑے شعبوں میں تقسیم کیا ہے جن کا مختصر اًتعارف حسبِ ذیل ہیں:

ا۔عبادات

فقہ اسلامی کا اولین شعبہ عبادات سے متعلق ہے جس میں طہارت،نماز،روزہ،زکوٰۃ اور حج وغیرہ کے احکام بیان کیے جاتے ہیں۔فقہ کی ہر کتاب اسی ترتیب سے مرتب کی گئی ہے۔اسے ''فقہ العبادات'' کا نام بھی دیا جاتا ہے۔اس باب میں پائے جانے والے چند قواعد کلیہ یہ ہیں:

- لاثَوَابَ اِلَّا بِالنِّيَّةِ(۲۵)

  (نیت کے بغیر ثواب حاصل نہیں ہوتا)۔

- اِسْتِقْبَالُ الْقِبْلَةِ شَرْطٌ فِى صِحَّةِ الصَّلَاةِ(۲۶)

  (نماز کی درستی میں قبلہ کی طرف رخ کرنا شرط ہے)۔

- لاتَجِبُ الصَّلَاةُ اِلَّا عَلٰى مُسْلِمٍ(۲۷)

  (نماز صرف مسلمان پر ہو فرض ہوتی ہے)۔

- صَلَاةُ الرَّجُلِ فِى الثَّوْبِ الْحَرِيْرِ مُحَرَّمَةٌ(۲۸)۔

  (ریشمی کپڑے میں مرد کا نماز پڑھنا حرام ہے)۔

- لايَنْبَغِى لِلْمُؤَذِّنِ وَالْإِمَامِ اِنتِظَارُ أَحدٍاِلَّاأن يَّكُوْنَ شَرِيْراً(۲۹)۔

  (مؤذن اور امام کے لیے کسی کا انتظار کرنا درست نہیں ہے۔سوائے اس کے کہ وہ شریر ہو)۔

- لَاتَصُوْمُ الْمَرْأَةُتَطَوُّعَااِلَا بِاِذْنِ الزَّوْجِ أَوْ كَانَ مُسَافِرًا(۳۰)۔

  (عورت کا نفل روزہ رکھنا جائز نہیں ہے۔البتہ شوہر کی اجازت ہو یا وہ سفر پر ہو تو پھر جائز ہے)۔

- كُلُ الصَّدَقَاتِ حَرَامٌ عَلٰی بَنِی هَاشِمٍ(۳۱)۔
(بنی ہاشم پر کسی بھی طرح کے صدقات ممنوع ہیں)۔
- اِذَا کَانَ الْغَالِبُ السَّلَامَةَ عَلَی الطَّرِیقِ فَالْحَجُّ فَرْضٌ وَ اِلَّا لَا (۳۲)۔
(جب راستے میں غلبہ سلامتی کا ہو تو حج فرض ہے ورنہ نہیں)۔
- اَلْحَجُّ تَطَوُّعًا أَفْضَلُ مِنَ الصَّدَقَةِ النَّافِلَةِ(۳۳)۔
(نفلی حج کرنا، نفلی صدقہ کرنے سے افضل ہے)۔

۲۔مناکحات

فقہ اسلامی کا دوسرا بڑا شعبہ مناکحات کا ہے جس میں عائلی زندگی سے متعلقہ امور یعنی نکاح، طلاق، خلع، ظہار، ایلاء، لعان، حقوق زوجین اور حقوق اولاد ایسے احکام بیان کیے جاتے ہیں۔اس باب کو "اَلْأَحْـــــــوَالُ الشَّخْصِیَّةُ" یا "فِقْهُ الْأُسْرَةِ" کا نام بھی دیا جاتا ہے۔اس باب سے متعلقہ چند قواعد کلیہ یہ ہیں:
- اَلْاَصْلُ فِی الْأَبْضَاعِ التَّحْرِیْمُ(۳۴)۔
(شرمگاؤں میں اصل حرمت ہے)۔
- اَلنِّکَاحُ لَایَفْسُدُ بِفَسَادِ الصَّدَاقِ(۳۵)۔
(حق مہر میں کمی بیشی سے نکاح فاسد نہیں ہوتا)۔
- کُلُ عُضْوٍ حُرِّمَ النَّظْرُاِلَیْهِ، حُرِّمَ مَسُّهُ بِطَرِیْقِ الْاَوْلٰی(۳۶)۔
(جس عضو کی طرف دیکھنا حرام ہو اُس کو چھونا بطریق اولیٰ حرام ہوتا ہے)۔
- اَلْوَطِیءُ فِی دَارِالْاِسْلَامِ لَایَخْلُوْعَنْ حَدٍّ أَوْ مَهْرٍ اِلَّافِی مَسْأَلَتَیْنِ(۳۷)۔
(دارالاسلام میں عورت سے صحبت سوائے دو مسئلوں کے حد یا مہر سے خالی نہیں ہوتی)۔

۳۔معاملات

فقہ اسلامی کا تیسرا بڑا شعبہ معاملات کا ہے جس میں بیع وشراء، شراکت، مضاربت، مزارعت، مساقات، اجارہ اور دیگر عقود مالیہ وغیرہ سے متعلق احکام بیان کیے جاتے ہیں۔جدید اصطلاح میں اسے "فِقْهُ الْمُعَامَلَاتِ" کا نام بھی دیا جاتا ہے۔اس شعبے سے متعلقہ چند قواعد کلیہ یہ ہیں۔
- اَلْمَعْرُوْفُ بَیْنَ التُّجَّارِ کَالْمَشْرُوْطِ بَیْنَهُم (۳۸)۔
(تاجروں میں جو بات معروف ہو وہ ایسے ہی ہے جیسے ان کے درمیان شرط ہو)۔

- كُلُ مَاجَازَ بَيْعُهُ جَازَ رَهْنُهُ وَمَالَا يَجُوْزُ بَيْعُهُ لَايَجُوْزُ رَهْنُه(۳۹)۔

(ہر وہ چیز جس کی بیع جائز ہو اس کا رہن بھی جائز ہوتا ہے اور جس کی بیع جائز نہ ہو اس کا رہن بھی جائز نہیں ہے)۔

- كُلُ مَاجَازَ بَيْعُهُ جَازَتْ هِبَتُهُ وَ مَالَافَلَا(۴۰)۔

(ہر وہ چیز جس کی بیع جائز ہے اس کا ہبہ بھی جائز ہے اور جس کی بیع جائز نہ ہو اس کا ہبہ بھی جائز نہیں ہے)۔

۴۔معاشرت

فقہ اسلامی کا چوتھا بڑا شعبہ معاشرت کا ہے جس میں مسلمانوں کی تہذیب وتمدن، رہن سہن، لباس، پردہ، کھانے پینے کے آداب، حلت وحرمت، غیر مسلموں سے تعلقات وغیرہ سے متعلق احکام بیان کیے جاتے ہیں۔اسے ''اَلْحَظْرُ وَ الْإِبَاحَة'' یا''فِقْهُ التَّعَامُلِ الْإِجْتِمَاعِي'' ایسے ناموں سے موسوم کیا جاتا ہے۔اس باب سے متعلقہ چند قواعد کلیہ یہ ہیں:

- مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَمِنْهُمْ(۴۱)۔

(جو شخص جس قوم کے ساتھ مشابہت اختیار کرے گا اس کا شمار اسی سے ہوگا)۔

- اِذَا اجْتَمَعَ الْحَلاَلُ وَالْحَرَامُ غَلَبَ الْحَرَامُ(۴۲)۔

(جب حلال اور حرام جمع ہو جائیں تو حرام غالب تصور ہوگا)۔

- اَلْأَصْلُ فِي الْأَشْيَاءِ الْإِبَاحَةُ حَتّٰى يَدُلَّ الدَّلِيْلُ عَلٰى التَّحْرِيْمِ(۴۳)۔

(اشیا میں اصل اباحت ہے جب تک کہ اس پر حرمت کی دلیل قائم نہ ہو)۔

- مَا حُرِّمَ أَخْذُهُ حُرِّمَ إِعْطَاءُ ہ'(۴۴)۔

(جس چیز کا لینا حرام ہے اس کا دینا بھی حرام ہے)۔

- لُبْسُ الْحَرِيْرِ الْخَالِصِ حَرَامٌ عَلٰى الرَّجُلِ اِلَّالِدَفْعِ قُمَّلٍ أَوْ حَكَّةٍ(۴۵)۔

(خالص ریشم کا پہننا مرد پر حرام ہے سوائے اس کے کہ اس کا پہننا خارش یا جوؤں کے دفع کے لیے ہو)۔

۵۔خلافت وامارت

فقہ اسلامی کا پانچواں بڑا شعبہ خلافت وامارت کا ہے۔اس میں معاشرے کے لیے حکومت و ریاست کی ضرورت، سربراہِ مملکت و انتظامیہ اور رعایا کے حقوق وفرائض اور انتظامیہ وغیرہ سے متعلق احکام بیان کیے جاتے ہیں۔اسے احکامِ سلطانیہ، سیاستِ شرعیہ اور فقہِ دستوری ایسے نام بھی دیے جاتے ہیں۔اس شعبے سے

متعلقہ چند قواعد کلیہ یہ ہیں۔

- تَصَرُّ فُ الْإِمَامِ عَلَى الرَّعِيَّةِ مَنُوْطٌ بِالْمَصْلَحَةِ(۴۶)۔

(امام کا عوام پر اقتدار ان کی فلاح و بہبود سے وابستہ ہے)۔

- لَيْسَ لِلْإِمَامِ أَن يُّخْرِجَ شَيْئاً مِنْ يَدِأَحَدٍاِلَّا بِحَقٍّ ثَابِتٍ مَعْرُوْفٍ(۴۷)۔

(امام کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ کسی کی ملکیت سے کوئی چیز خارج کرے سوائے اس کے کہ کوئی معروف اور ثابت شدہ حق ہو)۔

- اِقَامَةُ الْحُدُوْدِ وَ رَفْعُ التَّنَازُعِ فِى الْحُقُوْقِ يَخْتَصُّ بِالْحُكَّامِ(۴۸)۔

(حدود کا قائم کرنا اور معاملات میں جھگڑوں کو ختم کرنا حکام کے ساتھ خاص ہے)۔

- مَنْزِلَةُ الْإِمَامِ مِنَ الرَّعِيَّةِ مَنْزِلَةُ الْوَلِيِّ مِنَ الْيَتِيْمِ(۴۹)۔

(عوام کی جانب سے امام کا مقام یتیم کی طرف سے ولی کے مقام کی طرح ہوتا ہے)۔

- اَلْوِلَايَةُ الْخَاصَّةُ أَقْوٰى مِنَ الْوِلَايَةِ الْعَامَّةِ(۵۰)۔

(خاص سرپرستی عام سرپرستی سے قوی تر ہوتی ہے)۔

۶۔جنایات

فقہ اسلامی کا چھٹا شعبہ جنایات یعنی قانون فوجداری (Criminal Law) سے متعلق ہے۔اس باب میں انسانی جان کے خلاف سرزد ہونے والے جرائم اور ان کی سزاؤں سے متعلق احکام بیان کیے جاتے ہیں۔اس باب سے متعلق چند قواعد کلیہ یہ ہیں۔

- اَلْحُدُوْدُ تَسْقُطُ بِالشُّبُهَاتِ(۵۱)۔

(شبہات سے حدود ساقط ہو جاتی ہیں)۔

- اَلتَّعْزِيْرُ اِلَى الْإِمَامِ عَلٰى قَدْرِ عِظَمِ الْجُرْمِ وصِغَرِهٖ(۵۲)۔

(امام کی طرف سے تعزیری سزا جرم کے چھوٹے اور بڑے ہونے کے حساب سے ہوگی)۔

- اَلْعَاقِلَةُ لَاتَعْقِلُ الْعَمَدَاِلَّا فِىْ مَسْئَلَةٍ(۵۳)۔

(عاقلہ عمداً سرزد ہونے والے جرم میں ساتھ نہ دیں گے سوائے ایک مسئلہ کے"

- جِنَايَةُ الْعَجْمَاءِ جُبَارٌ(۵۴)۔

(جانوروں کی تقصیر معاف ہوتی ہے)۔

۷۔ادب القاضی

فقہ اسلامی کا ساتواں شعبہ ادب القاضی ہے۔اس شعبے میں اسلام کے عدالتی نظام پر بحث کی جاتی ہے۔جس میں منصب قضا کی اہمیت،فضلیت،قاضی کے لیے شرائط تقرر وعزل،آداب عدالت،قاضی کے لیے مراعات،دعویٰ اور جوابِ دعویٰ کے اسباب اور ارکان وشرائط،مدعی،مدعی علیہ،دائرہ اختیار سماعت،فیصلے کا طریق کار،سمن اور طلبی،شہادت اور نصاب شہادت وغیرہ سے متعلق احکام بیان کیے جاتے ہیں۔اس شعبے سے متعلق چند قواعد کلیہ یہ ہیں:

- **اَلْقَاضِیُ لَایَقْضِیُ اِلَّا بِالْحُجَّۃِ(۵۵)**۔(قاضی بغیر کسی دلیل کے فیصلہ نہیں کرتا)۔
- **خَطَأُ الْقَاضِی فِیْ بَیْتِ الْمَالِ(۵۶)**۔(قاضی کی غلطی کا ہرجانہ بیت المال سے ادا ہوگا)۔
- **اَلْبَیِّنَۃُ عَلَی الْمُدَّعِیْ وَ الْیَمِیْنُ عَلَی مَنْ أَنْکَرَ(۵۷)**۔
(دلائل کا پیش کرنا مدعی پر ہے اور قسم اس پر ہے جو انکار کرے)۔
- **اَلثَّابِتُ بِا لْبَیِّنَۃِ الْعَادِلَۃِ کَا لثَّابِتِ مُعَایَنَۃَ(۵۸)**۔
(جو چیز دلائلِ صحیحہ سے ثابت ہو وہ عینی طور پر ثابت شدہ چیز کی مانند ہوگی)۔
- **اَلْمَرْءُ مُؤَاخِذٌ بِاِقْرَارِہٖ(۵۹)**۔(آدمی اپنے اقرار سے پکڑا جاتا ہے)۔
- **اِذَا نَکَلَ الْمُدَّعٰی عَلَیْہِ رُدَّتِ الْیَمِیْنُ عَلَی الْمُدَّعِی(۶۰)**۔
(جب مدعیٰ علیہ قسم اٹھانے سے انکار کرے تو مدعی پر قسم کو لوٹایا جائے گا)۔

۸۔السِّیَر

فقہ اسلامی کا آٹھواں شعبہ السِیَر سے متعلق ہے۔جسے اسلام کے بین الاقوامی قانون جنگ وصلح اور جہاد ایسے ناموں سے تعبیر کیا جاتا ہے۔قرآن وحدیث اور کتبِ فقہ میں اس سے متعلق مفصل احکام اور قواعد کلیہ پائے جاتے ہیں۔جن میں سے چند یہ ہیں۔

- **اَلْجِهَادُ وَ اجِبٌ عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ (۶۱)**۔(جہاد تمام مسلمانوں پر واجب ہے)۔
- **فَرْضُ الْجِهَادِ فِی الْجَمَاعَۃِ دُوْنَ الْاِنْفِرَادِ(۶۲)**۔
(جہاد مسلمانوں پر انفرادی فرض کی بجائے اجتماعی فریضہ ہے)۔
- **فَرْضِیَّۃُ الْخُرُوْجِ عِنْدَ النَّفِیْرِ الْعَامِّ کَفَرْضِیَّۃِ الصَّوْمِ وَالصَّلَاۃ(۶۳)**۔
(نفیر عام کے وقت جنگ کے لیے نکلنے کی فرضیت روزے اور نماز کی طرح فرض ہے۔''
- **لَایَجِبُ الْجِهَادُ عَلَی غَیْرِ مُسْتَطِیْعٍ (۶۴)**۔

(جس مسلمان میں استطاعت نہ ہو اس پر جہاد واجب نہیں ہے)۔

- مَایُعِیْنُ الْمَرْءَ عَلَی الْجِهَادِ فَهُوَ مَنْدُوْبٌ اِلَی اِکْتِسَابِهٖ (٦٥)۔
(جو چیز جہاد کے موقع پر معاون ہو اس کا حاصل کرنا مستحب ہے)۔
- دَارُالْبَغْیِ کَدَارِ الْحَرْبِ (٦٦)۔(باغیوں کے زیر قبضہ علاقہ دارا لحرب کی مانند ہوتا ہے)۔
- اِنَّ الْبُغَاۃَ مُسْلِمُوْنَ (٦٧)۔(بلاشبہ [شرعی اعتبار سے] باغی مسلمان ہوتے ہیں)۔
- اَلغُنُمُ بِالغُرُمِ (٦٨)۔(غنیمت نقصان کے مقابلے میں ہوتی ہے)۔
- أَمَانُ الْوَاحِدِ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ بِمَنْزِلَةِ أَمَانِ جَمَاعَتِهِم (٦٨)۔
(مسلمانوں میں سے کسی ایک شخص کی طرف سے امان بمنزلہ جماعت کی امان ہوگی)۔
- أَمَانُ الْخَوَارِجِ لِأَهْلِ الْحَرْبِ جَائِزٌ کَأَمَانِ أَهْلِ الْعَدْلِ (٧٠)۔
(اہل حرب کے لیے خوارج کی امان اہل عدل کی امان کی مانند جائز ہے)۔
- اِنَّ الرَّسُوْلَ مِنَ الْجَانِبَیْنِ یَکُوْنُ آمِناً مِنْ غَیْرِ اسْتِئْمَانٍ (٧١)۔
(سفیر بغیر امان لیے دونوں جانب سے مامون ومحفوظ ہوگا)۔
- عِبَارَۃُ الرَّسُوْلِ کَعِبَارَۃِ الْمُرْسِلِ (٧٢)۔
(سفیر کی بات گویا سفیر بھیجنے والے کی بات ہوتی ہے)۔

جمع وتدوین میں اسلوب ومنہج

عصر حاضر میں قواعد کلیہ کے موضوع پر پائی جانے والی کتب کے مطالعہ سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ فقہاء نے قواعد کلیہ کی جمع وتدوین کے وقت کسی خاص منہج اور اسلوب کو اختیار نہیں کیا بلکہ جب بھی کسی فقیہ نے اس موضوع پر قلم اٹھایا تو اس نے ایک نئی طرح ڈالی اور جدت کو اختیار کیا، جس کی وجہ سے ہمارے پاس آج قواعد کلیہ کے متعدد مناہج اور اسالیب پائے جاتے ہیں، جن میں سے چند معروف اسلوب حسبِ ذیل ہیں:

ا۔ بلاعنوان ترتیب

یہ اسلوب عام طور پر قواعد کلیہ کی ابتدائی کتب میں پایا جاتا ہے، جن میں اصولی اور فقہی قواعد کلیہ کی تفریق کے بغیر ہر طرح کے قواعد کو جمع کیا گیا ہے مثلاً: امام کرخیؒ کا رسالہ "اصول الکرخی"، اور ابن وکیل کی "الأشباہ و النظائر" اور الونشریسی کی "إیضاح المسالک الی قواعد الامام مالک" وغیرہ ایسی کتب میں یہ اسلوب واضح طور پر نظر آتا ہے۔

۲۔ فقہی ابواب کی ترتیب

بعض فقہاء نے فقہی ابواب کی ترتیب کو ملحوظ رکھتے ہوئے قواعد کلیہ اور ان کی جزئیات کو مدون کیا ہے، یہ اسلوب بغیر عنوان وترتیب کی نسبت بہتر ہے۔اسے مقری نے اپنی کتاب "**القواعد**"، ابن الملقن نے اپنی کتاب "**الأشباه و النظائر**"، ابن خطیب الدھشۃ نے اپنی کتاب "**مختصر قواعد العلائی**" اور محمود حمزہ نے اپنی کتاب "**الفرائد البهية فی القواعد و الفوائد الفقهية**" میں اختیار کیا ہے۔

۳۔ موضوعی ترتیب

بعض فقہاء نے کسی خاص موضوع کو سامنے رکھ کر قواعد کلیہ کو جمع کیا ہے مثلاً: دبوسیؒ نے اپنی کتاب "**تاسیس النظر**"، میں فقہاء کے اختلافات کو موضوع بنا کر قواعد کلیہ کو جمع کیا ہے۔اسی طرح "**مجلة الاحكام العدلية**" کی ابتدائی ۲ تا ۱۰۰ (۹۹) دفعات میں صرف معاملات سے متعلق قواعد کلیہ کو جمع کیا گیا ہے۔

۴۔ الف بائی ترتیب

بعض فقہاء نے حروفِ تہجی کی ترتیب سے قواعد کلیہ کو جمع کیا ہے جیسے: زرکشی نے "**المنثور فی القواعد**" اور خادمی نے "**مجامع الحقائق**" میں اس ترتیب کو پیشِ نظر رکھا ہے۔

۵۔ حسب اہمیت ترتیب

کتبِ فقہ میں پائے جانے والے قواعد کلیہ چونکہ یکساں اہمیت کے حامل نہیں ہیں اس لیے بعض فقہاء نے ان کی ضرورت واہمیت کے پیشِ نظر ان میں تقدیم وتاخیر کو روا رکھا ہے۔جیسے سبکی نے اپنی کتاب "**الأشباه و النظائر**" میں قواعد کلیہ کو تین اقسام پر تقسیم کیا ہے یعنی:

(i) **القواعدالخمس**

(ii) **القواعد العامة**

(iii) **القواعد الخاصة**

سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب "**الاشباه والنظائر فی الفروع**" میں اور ابن نجیم رحمۃ اللہ علیہ نے "**الاشباه والنظائر**" میں جزوی ترمیم کے ساتھ مصنف مذکور کی اسی ترتیب کو اختیار کیا ہے جب کہ العلائی نے اپنی کتاب "**قواعد العلائی**" میں قواعدِ خمس کے بعد قواعدِ اصولیہ اور پھر **قواعدِ فقهيه** کو اہمیت کے اعتبار سے مرتب کیا ہے۔

استنباط میں اسلوب و منہج

فقہاء نے قواعد کلیہ کے استنباط میں متعدد اسلوب اختیار کیے ہیں ان میں سے چند ایک یہ ہیں:

لفظ ''اَلْأَصْلُ'' کا استعمال

اس اسلوب کے بانی ابوالحسن الکرخی (م ۳۴۰ھ/۹۵۱ء) ہیں۔ انھوں نے تمام قواعد کلیہ کی ابتداء لفظ ''الاصل'' سے کی ہے مثلاً: اَلْأَصْلُ اَنَّ مَاثَبَتَ بِالْیَقِیْنِ لَایَزُوْلُ بِالشَّکِّ (۷۳)۔ یعنی (اصول یہ ہے کہ جو چیز یقین سے ثابت ہو وہ شک کی بنیاد پر زائل نہ ہوگی)۔ اس اسلوب کو بعد میں آنے والے کئی فقہاء نے کلی طور پر اور بعض نے جزوی طور پر اختیار کیا ہے۔ مثلاً دبوسی (م ۴۳۰ھ/۱۰۳۹ء) نے ''تَأْسِیْسُ النَّظَرِ'' میں تمام قواعد کلیہ کی ابتداء لفظ ''اَلْأَصْلُ'' سے ہی کی ہے جیسے: اَلْأَصْلُ اَنَّ أُمَّ الْوَلَدِلَیْسَتْ بِمَالٍ وَ لَا قِیْمَةٍ لَهَا عِنْدَه، خِلَافاً لَهُمَا (۷۴)۔ ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اصول یہ ہے کہ ام ولد نہ تو مال ہے اور نہ ہی اس کی کوئی قیمت ہے جب کہ صاحبین اس اصول سے اختلاف کرتے ہیں۔

جن فقہاء نے جزوی طور پر اس اسلوب کو اختیار کیا، ان میں سبکیؒ (م ۷۷۱ھ/۱۳۶۹ء) سیوطیؒ (م ۹۱۱ھ/۱۵۰۵ء) اور ابن نجیم (م ۹۷۰ھ/۱۵۶۳ء) وغیرہ ایسے فقہاء شامل ہیں، ان کی کتب میں پائے جانے والے چند قواعد کلیہ یہ ہیں۔

- اَلْأَصْلُ بَرَاءَ ةُ الذِّمَّةِ (۷۵)۔ (ذمہ داری سے برأت اصل ہے)۔
- اَلْأَصْلُ فِی الْمَیْتَاتِ اَلنَّجَاسَةُ (۷۶)۔ (مردہ جانوروں میں اصل نجاست ہے)۔
- اَلْأَصْلُ فِی الْحَیْوَانَاتِ اَلطَّهَارَةُ (۷۷)۔ (زندہ جانوروں میں اصل طہارت ہے)۔
- اَلْأَصْلُ فِی الْاَشْیَاءِ اَلْاِبَاحَةُ حَتّٰی یَدُلَّ الدَّلِیْلُ عَلَی التَّحْرِیْمِ (۷۸)۔
  (اشیا میں اصل اباحت ہے جب تک کہ ان کی حرمت پر کوئی دلیل قائم نہ ہو)۔
- اَلْأَصْلُ فِی الْأَبْضَاعِ اَلتَّحْرِیْم (۷۹)۔ (عورتوں کے معاملات میں اصل حرمت ہے)۔
- اَلْأَصْلُ فِی الْکَلَامِ اَلْحَقِیْقَةُ (۸۰)۔ (کلام میں اصل حقیقت ہے)۔

۲۔ لفظ ''کُلُّ'' کا استعمال

سبکیؒ (م ۷۷۱ھ/۱۳۶۹ء) زرکشیؒ (م ۷۹۴ھ/۱۳۹۲ء) اور کچھ دیگر فقہاء نے بعض قواعد کلیہ کی ابتدا لفظ ''کُلُّ'' سے کی ہے مثلاً:

- کُلُّ مَیْتَةٍ نَجِسَةٌ اِلَّا السَّمَکُ وَ الْجَرَادُ (۸۱)۔ (مچھلی اور ٹڈی کے علاوہ ہر مردار نجس ہے)۔
- کُلُّ حُرٍّ یُقْبَلُ خَبَرُه، تُقْبَلُ شَهَادَتُه، (۸۲)۔ (ہر آزاد آدمی جس کی خبر قابلِ قبول ہو، اس کی شہادت بھی

قابلِ قبول ہوگی)۔

- كُلُّ مَاحَرُمَ نَظَرُہ' حَرُمَ مَسُّہ'(۸۳)۔ ہر وہ چیز جس کا دیکھنا حرام ہو، اس کا مس کرنا بھی حرام ہے۔

۳۔ لفظ ''هَلْ'' کا استعمال

اختلافی مسائل سے متعلق قواعد کلیہ کو بعض علماء استفہامی اسلوب میں مدون کرتے ہیں اور پھر ان کے ذیل میں مسائل استنباط کرنے کے بعد درج کرتے ہیں۔ ابن رجبؒ (م۷۹۵ھ/۱۳۹۳ء) نے اپنی کتاب ''القواعد فی الفقه الاسلامی'' اور ابن اللحام (م۸۰۴ھ/۱۴۰۱ء) نے ''القواعد والفوائد الاصولیة'' میں اس اسلوب کو اختیار کیا ہے۔ چنانچہ ان کی کتب میں پائے جانے والے چند قواعد کلیہ یہ ہیں:

- اَلْمَاءُ الْجَارِیْ هَلْ هُوَ کَالرَّاکِدِ اَوْ کُلُّ جَرْیَةٍ مِنْهُ لَهَا حُکْمُ الْمَاءِ الْمُنْفَرِدِ(۸۴)۔(کیا جاری پانی کا حکم کھڑے پانی کی طرح ہے یا ہر جاری پانی کا الگ سے حکم ہے؟)
- اَلْحَمْلُ هَلْ لَه' حُکْمٌ قَبْلَ اِنْفِصَالِهِ أَمْ لاَ؟ (۸۵)(کیا حمل کے لیے اس کے انفصال سے قبل الگ حکم ہے یا نہیں؟)
- اَلْوَاجِبُ بِالنَّذْرِ، هَلْ یَلْحَقُ الْوَاجِبُ بِالشَّرُوْعِ أَوْ بِالْمَنْدُوْبِ؟ (۸۶) نذر واجب شرعی واجب سے ملحق ہے یا مستحب سے؟
- اَلْفَرَضُ وَالْوَاجِبُ هَلْ هُمَا مُتَرَادِفَانِ شَرْعاً؟(۸۷) کیا فرض اور واجب شرعی اعتبار سے دونوں مترادف ہیں؟
- اِجْمَاعُ الْخُلَفَاءِ الْاَرْبَعَةِ هَلْ هُوَ حُجَّةٌ أَوْلَا؟ (۸۸) کیا خلفائے اربعہ رضی اللہ عنہم کا اجماع حجت ہے یا نہیں؟
- اَلْکُفَّارُ مُخَاطَبُوْنَ بِالْاِیْمَانِ اِجْمَاعًا،وَهَلْ یُخَاطَبُوْنَ بِفُرُوْعِ الْاِسْلَامِ؟(۸۹) کفار اجتماعی طور پر تو ایمان کے مخاطبین ہیں۔ کیا وہ فروعاتِ اسلام کے بھی مخاطب ہیں؟

۴۔ سادہ جملوں کا استعمال

قواعد کلیہ اور فقہی احکام کی کتب میں کثیر تعداد ایسے قواعد کلیہ کی بھی ہے جو اپنی ساخت اور بناوٹ میں تو انتہائی سادہ جملے معلوم ہوتے ہیں لیکن مفہوم کے اعتبار سے وہ جوامع الکلم ہیں اور قواعد کلیہ کے معیار پر پورا اترتے ہیں۔ قواعد کلیہ کا یہ اسلوب قرآن وسنت کے مزاج ومنہج کے بہت زیادہ قریب ہے۔

قواعد کلیہ پر فقہاء کی تحقیقی کتب

قواعد کلیہ کو بطور فن قرار دینے اور انھیں فقہی کتب سے علیحدہ کر کے یاد کرنے اور مدون کرنے کا کام اگرچہ

فقہائے احناف نے شروع کیا تھا لیکن بعد کے ادوار میں اس موضوع نے اتنی اہمیت اختیار کی اور شہرت پائی کہ تمام مشہور فقہی مسالک کے علماء وفقہاء کو اس پر قلم اٹھانا پڑا۔ یہی وجہ ہے کہ آج قواعد کلیہ اور ان کی تشریحات پر مشتمل کثیر تعداد میں تمام مکاتبِ فکر کی کتب پائی جاتی ہیں۔ جن میں سے ہر فقہی مسلک کی بنیادی کتب کا مختصر اًتعارف حسبِ ذیل ہے۔

فقہائے احناف کی کتب

اُصُوْلُ الْکَرْخِی (م۳۴۰ھ/۹۵۱ء)

اس کتاب کے مؤلف عبیداللہ بن الحسین بن دَلاّل ہیں جو ''ابو الحسن الکرخی'' کے نام سے مشہور ہیں۔ کرخ عراق کے مضافات میں ایک بستی ہے جس کی وجہ سے کرخی کہلائے، بغداد میں رہے اور ادھر سے ہی تعلیم حاصل کرنے کے بعد درس و تدریس کا کام شروع کیا، یہاں تک کہ عراق میں انھیں احناف کے چوٹی کے علماء میں شمار کیا گیا۔ ''اُصُوْلُ الشَّاشِی'' کے مصنف ابوعلی احمد بن محمد الشَّاشِی (م۳۴۴ھ/۹۵۵ء) (۹۰) ''اَحکَامُ الْقُرْآنِ'' کے مصنف ابوبکر الجَصَّاص (م۳۷۰ھ/۹۸۰ء) (۹۱) ایسے لوگ ان کے شاگرد ہوئے ہیں۔ انھوں نے محمد بن حسن اَلشَّیْبَانِی کی کتب ''الجامع الصغیر'' اور ''الجامع الکبیر'' کی شروح بھی لکھی ہیں (۹۲)۔ ''اُصُوْلُ الْکَرْخِی'' قواعد کلیہ سے متعلق ان کا مختصر سا رسالہ ہے جس میں انھوں نے چالیس قواعد کلیہ کو جمع کیا ہے۔ جن کے متعلق ان کی رائے ہے کہ یہ فقۂ حنفی کی بنیاد ہیں۔ ان میں سے کچھ قواعد کلیہ تو عمومی نوعیت کے ہیں جنہیں فقہ اسلامی کا سرمایہ کہا جاسکتا ہے۔ جیسے قاعدہ نمبر ا ہے: ''اَلْأَصْلُ اَنَّ مَاثَبَتَ بِالْیَقِیْنِ لَایَزُوْلُ بِالشَّکِّ'' یعنی (قاعدہ یہ ہے کہ جو چیز یقین سے ثابت ہو وہ شک کی بنیاد پر زائل نہ ہوگی)۔ بعض قواعد کلیہ ایسے ہیں جو محض حنفی طرز استدلال اور اسلوب اجتہاد کا پتہ دیتے ہیں جیسے قاعدہ نمبر ۴ ہے: ''اَلْأَصْلُ اَنَّہٗ یُعْتَبَرُ فِی الدَّعَاوِیْ مَقْصُوْدُ الْخَصْمَیْنِ فِی الْمُنَازَعَةِ دُوْنَ الظَّاھِرِ'' یعنی ''قاعدہ یہ ہے کہ فوجداری مقدمات میں ظاہر کی بجائے جھگڑا کرنے والے فریقین کے مقصود کا اعتبار کیا جائے گا)۔ ان کے بیان کردہ قواعد میں سے بعض ایسے قواعد کلیہ بھی ہیں جنہیں غیر حنفی فقہاء نے شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے مثلاً قاعدہ نمبر ۲۹: ''اَلْأَصْلُ اَنَّ کُلَّ آیَةٍ تُخَالَفُ اَصْحَابَنَا فَإِنَّھَا تُحْمَلُ عَلَی النَّسْخِ أَوْ عَلَی التَّرْجِیْحِ وَالْاَوْلٰی اَنْ تُحْمَلَ عَلَی التَّاوِیْلِ مِنْ جِھَةِ التَّوْفِیْقِ'' یعنی قاعدہ یہ ہے کہ ہر وہ آیت جو ہمارے اصحاب (احناف) کے قول کے خلاف ہو تو اسے منسوخ یا کسی اور دلیل کو اس پر ترجیح سمجھا جائے اور اولیٰ یہ ہے کہ حسب توفیق اس کی تاویل کر دی جائے'' امام کرخی کے اس قاعدے یا اس جیسے ایک آدھ اور قاعدے کو بعض علماء قواعد کلیہ میں شمار نہیں کرتے جس کی وجہ سے مختلف کتب میں ان کی تعداد ایک جیسی نہیں ہے (۹۳)۔

بہر حال ان اختلافی قواعد کلیہ کو نکال بھی دیا جائے تو ''اصول الکرخی'' کو اپنے موضوع پر سب سے پہلی کتاب ہونے کا جو شرف حاصل ہے وہ کسی اور کتاب کو حاصل نہیں۔ کرخی کے بیان کردہ قواعد کلیہ کی بعد میں آنے والے

ایک نامور حنفی فقیہ نجم الدین نسفیؒ (م۵۳۷ھ/۱۱۴۲ء)(۹۴) نے ان کی تشریح و توضیح کی اور ہر قاعدے کے تحت اس کی جزئی صورتوں کو مثالوں سے واضح کر کے کتاب کی افادیت کو دوبالا کر دیا ہے۔

تأسيس النظر (م۴۳۰ھ/۱۰۳۹ء)

اس کتاب کے مؤلف ابوزید عبیداللّٰہ بن عمر بن عیسیٰ، اَلْدَّبُوْسِی ہیں۔ بخارا اور سمرقند کے درمیان ایک چھوٹے سے شہر "الدَّبُوسِیَّة" کی نسبت سے دبوسی کہلائے۔ یہ اپنے علاقے کے ایسے شیخ تھے جو شرعی دلائل میں ضرب المثال مانے جاتے تھے، اس لیے بخارا و سمرقند میں مناظر کے طور پر مشہور ہوئے (۹۵)۔ ابن خَلِّکان (م۶۸۱ھ/۱۲۸۲ء)(۹۶) کے نزدیک دبوسی فقہ حنفی کے کبار علماء میں سے تھے، فقہاء میں سے یہ وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے "عِلْمُ الخِلَافِ"، وضع کیا تھا (۹۷)۔

دبوسی نے "تَأْسِيسُ النَّظَر" میں کل چھیاسی قواعد کلیہ بیان کیے ہیں جنہیں حسب ذیل آٹھ اقسام پر تقسیم کیا جاتا ہے یعنی:

قسم اوّل: ابوحنیفہ اور صاحبین (ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ و محمد رحمۃ اللہ علیہ) کے درمیان اختلاف پر مبنی قواعد کلیہ۔

قسم دوم: شیخین (ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ و ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ) اور محمد رحمۃ اللہ علیہ کے درمیان اختلافات پر مبنی قواعد کلیہ۔

قسم سوم: طرفین (ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ و محمد رحمۃ اللہ علیہ) اور ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے درمیان اختلافات پر مبنی قواعد کلیہ۔

قسم چہارم: صاحبین (ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ اور محمد رحمۃ اللہ علیہ) کے درمیان اختلافات پر مبنی قواعد کلیہ۔

قسم پنجم: فقہائے ثلاثہ (ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ، ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ اور زفر رحمۃ اللہ علیہ) کے درمیان اختلافات پر مبنی قواعد کلیہ۔

قسم ششم: ائمہ احناف اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے درمیان اختلافات پر مبنی قواعد کلیہ۔

قسم ہفتم: ائمہ احناف اور ابن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ کے درمیان اختلافات پر مبنی قواعد کلیہ۔

قسم ہشتم: ائمہ احناف اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے درمیان اختلافات پر مبنی قواعد کلیہ۔

دبوسی رحمۃ اللہ علیہ نے ائمہ کے مابین پائے جانے والے اصولی اختلافات کو سمجھانے کے لیے ہر قاعدے کے ساتھ فقہی احکام کی مثالیں بھی دی ہیں۔

الأشباہ والنظائر لابن نُجَیم (م ۹۷۰ھ/۱۵۶۳ء)

اس کتاب کے مؤلف زین الدین بن ابراہیم بن محمد ہیں جو ابن نجیم کے نام سے مشہور ہیں۔ انھوں نے اپنی کتاب کو سات مختلف حصوں میں تقسیم کیا ہے اور ہر حصے کو ایک مستقل فن کی حیثیت دی ہے۔ جیسے:

اَلْفَنُّ الْاَوَّلُ: فَنُّ الْقَوَاعِدِ

اَلْفَنُّ الثَّانِیُ: فَنُّ الْفَوَائِدِ

اَلْفَنُّ الثَّالِثُ: فَنُّ الْجَمْعِ وَ الْفَرْقِ

اَلْفَنُّ الرَّابِعُ: فَنُّ الْاَلْغَازِ

اَلْفَنُّ الْخَامِسُ: فَنُّ الْحِیَلِ

اَلْفَنُّ السَّادِسُ: فَنُّ الْفُرُوْقِ

اَلْفَنُّ السَّابِعُ: فَنُّ الْحِکَایَاتِ وَ الْمُرْسَلَاتِ

مذکورہ بالا فنون کا مختصراً تعارف حسبِ ذیل ہے:

اَلْفَنُّ الْاَوَّل میں کل پچیس (۲۵) قواعد کلیہ بیان کیے گئے ہیں اور پھر ان پچیس کو دو انواع پر تقسیم کیا گیا ہے۔ نوعِ اوّل میں چھے بنیادی قواعد کلیہ بیان کیے ہیں جن کے متعلق ابن نجیم کی رائے ہے کہ یہ فقہ اسلامی کے وہ اساسی قواعد کلیہ ہیں جن پر فقہ اسلامی کی تمام عمارت قائم ہے اور دیگر قواعد کلیہ اور فوائد کی حیثیت ثانوی اور فروعی ہے۔ یہ چھے اساسی قواعد کلیہ حسبِ ذیل ہیں:

اَلْقَاعِدَۃُ الْاُوْلٰی: لَاثَوَابَ اِلَّا بِالنِّیَّۃِ: (ثواب نہیں ہے مگر نیت کے ساتھ)۔

اَلْقَاعِدَۃُ الثَّانِیَۃ: اَلْاُمُوْرُ بِمَقَاصِدِھَا: (معاملات اپنے مقاصد کے ساتھ رہتے ہیں)۔

اَلْقَاعِدَۃُ الثَّالِثَۃ: اَلْیَقِیْنُ لَایَزُوْلُ بِالشَّکِّ: (شک کی وجہ سے یقین زائل نہ ہوگا)۔

اَلْقَاعِدَۃُ الرَّابِعَۃ: اَلْمَشَقَّۃُ تَجْلِبُ التَّیْسِیْرَ: (مشقت آسانی لاتی ہے)۔

اَلْقَاعِدَۃُ الْخَامِسَۃ: اَلضَّرَرُ یُزَالُ: (نقصان کو دور کیا جائے گا)۔

اَلْقَاعِدَۃُ السَّادِسَۃ: اَلْعَادَۃُ مُحَکَّمَۃٌ: (عوام میں رائج عادت مضبوط بنیاد ہوتی ہے)۔

نوعِ ثانی میں انھوں نے کل انیس قواعد کلیہ جمع کیے ہیں جن کے متعلق ان کی رائے ہے کہ جزئی صورتوں پر ان کا انحصار نہیں ہوتا، ان میں سے چند قواعد حسبِ ذیل ہیں:

- اَلْاِجْتِھَادُ لَایُنْقَضُ بِالْاِجْتِھَادِ: (ایک اجتہاد کو دوسرے اجتہاد سے باطل نہ کیا جائے گا)۔
- اِذَا اجْتَمَعَ الْحَلَالُ وَ الْحَرَامُ غَلَبَ الْحَرَامُ (جب حلال اور حرام جمع ہو جائیں تو حرام کو غالب متصور

کیا جائے گا)۔

- اَلتَّابِعُ تَابِعٌ (تابع تابع ہی رہے گا)۔
- تَصَرُّفُ الْإِمَامِ عَلَى الرَّعِيَّةِ مَنُوْطٌ بِالْمَصْلِحَةِ
  (امام کا عوام پر اقتدار ان کی فلاح و بہبود سے وابستہ ہے)۔
- اَلْحُدُوْدُ تُدْرَءُ بِالشُّبُهَاتِ: (حدود شبہات کی وجہ سے ساقط ہو جاتی ہیں)۔

اَلْفَنُّ الثَّانِیُ جو کہ ''الفُوَائِدُ'' سے متعلق ہے اس میں انھوں نے فقہ حنفی کی مشہور کتب ''الھدایة'' اور ''الکنز'' کی ترتیب پر بہت سے فوائد جمع کیے ہیں۔ جن کی تعداد کوئی پانچ سو کے قریب ہے۔ مصنف مذکور نے انھیں قواعد کے مقابلے میں ضوابط اور مستثنیات کا نام دیا ہے۔

اَلْفَنُّ الثَّالِث جو کہ ''الجَمْعُ وَالفرقُ'' سے متعلق ہے۔ اس میں مصنف نے ایسے احکام جمع کیے ہیں جن سے کسی فقیہ کا جاہل رہنا بہت ہی معیوب تصور کیا جاتا ہے۔ مثلاً: اَحْکَامُ النَّاسِیُ، اَحْکَامُ الْجَھْلِ، اَحْکَامُ الْاِکْرَاہِ اور اُحْکَامُ الصِّبْیَانِ وغیرہ۔ جہاں تک احکام میں ''الفرقُ'' کا تعلق ہے تو اس فن میں ملتے جلتے مسائل کے درمیان فرق کو واضح کیا گیا ہے۔ مثلاً وضو اور غسل میں فرق، زکوٰۃ اور صدقہ میں فرق، مرتد اور کافرِ اصلی میں فرق وغیرہ۔

''اَلْفَنُّ الرَّابِع ''اَلْغَازُ'' یعنی پہیلیوں سے متعلق ہے۔ مثلاً:

- ''مَا اَفْضَلُ الْمِیَاہِ'' کون سا پانی سب سے افضل ہے؟
- ''أَیُّ رَجُلٍ اَفْطَرَ بِلَاعُذْرٍ وَلَا کَفَارَةً عَلَیْهِ''
  کون سا وہ آدمی ہے جو بلا عذر روزہ افطار کرے مگر اس پر کفارہ لازم نہ آئے؟
- ''أَیُّ رَجُلٍ طَلَّقَ وَلَمْ یَقَعْ'' (کون سا وہ آدمی ہے جو عورت کو طلاق دے مگر وہ واقع نہ ہو)۔

اَلْفَنُّ الْخَامِس شرعی حیلوں سے متعلق جب کہ اَلْفَنُّ السَّادِس فروق سے متعلق ہے جس میں ملتے جلتے مسائل کے درمیان پائے جانے والے فرق کو واضح کیا گیا ہے۔ اس طرح آخری فن، اَلْفَنُّ السَّابِع جیسا کہ اپنے موضوع سے واضح ہے کہ اس میں مختلف حکایات بیان کی گئی ہیں نیز علماء کے درمیان مختلف فیہ مسائل کے سلسلے کی ہونے والی مراسلت پر بحث کی گئی ہے۔ مصنف نے اپنی کتاب میں سبکی (م ۷۷۱ھ/۱۳۶۹ء) اور سیوطی (م ۹۱۱ھ/۱۵۰۵ء) کی کتب سے استفادہ کیا ہے۔ یہ کتاب بعد کے ادوار میں علماء احناف میں بہت زیادہ مقبول ہوئی، جس کی وجہ سے اس کی بہت سی شرحیں اور تعلیقات لکھی گئیں جن کی تعداد اب بیالیس (۴۲) تک پہنچ چکی ہے۔ جن میں سے ''تَنْوِیْرُ الْبَصَائِرِ عَلَی الْاَشْبَاہِ وَ النَّظَائِرِ لشرف الدین الغزّی (۱۰۰۵ھ) غَمْزُ عُیُوْنِ الْبَصَائِرِ شَرْحُ الْأَشْبَاہِ وَ النَّظَائِرِ لِلْحَمْوِی (۱۰۹۸ھ/۱۶۸۷ء) اور عُمْدَةُ ذَوِی الْبَصَائِرِ لِحَلِّ مُهِمَّاتُ الْأَشْبَاہِ وَالنَّظَائِرِ لِابْنِ بِیرِی (م ۱۰۹۹ھ/۱۶۸۸ء) ''عُمْدَةُ النَّاظَرِ عَلَی الْأَشْبَاہِ وَ النَّظَائِرِ لِاَبِی السَّعُودِ الحُسَینِی'' (۱۱۷۲ھ/۱۷۵۹ء)

وغیرہ ایسی شرحیں بھی شامل ہیں۔

"خاتمة" مجامع الحقائق

یہ کتاب **ابو سعید محمد بن محمد بن مصطفی الخادمی** (م ۱۱۷۶ھ/۱۷۶۲ء) کی ہے۔اصلاً یہ کتاب اصول فقہ سے متعلق ہے جس کا آخری باب قواعد کلیہ پر ہے۔مصنف نے اس باب میں حروفِ تہجی کے اعتبار سے ۱۵۴ قواعد کلیہ جمع کیے ہیں۔ بعد میں مصنف نے خود ہی "**منافع الحقائق**" کے نام سے اس کی شرح بھی لکھی۔اس کی ایک اور شرح مصطفیٰ ہاشم نے بھی لکھی تھی جو "**حفید قوجه**" کے نام سے مشہور ہیں۔

"قواعد" مجلة الاحكام العدلية(۱۲۹۳ھ/۱۸۷۶ء)

یہ مجلّہ سلطان غازی عبدالعزیز عثمانی کے حکم سے احمد جودت پاشا کی سربراہی میں علماء کی ایک کمیٹی نے تقریباً سات سال کے عرصے میں مرتب کیا تھا۔مجلّہ،ایک مقدمے اور سولہ ابواب پر مشتمل ہے جس میں "۱۸۸۱" دفعات ہیں۔مجلّے کی ابتدائی ۲ تا (۹۹) ۱۰۰ دفعات قواعد کلیہ سے متعلق ہیں جو ابن نجیم کی کتاب "**الأشباه و النظائر**" اور ابو سعید خادمی کی کتاب "**مجامع الحقائق**" کے آخری باب سے لیے گئے ہیں، مجلّے کی کئی شرحیں لکھی گئیں جن میں سے خالد اتاسی، علی حیدر، منیر القاضی، یوسف آصاف اور سلیم بن رستم باز لبنانی کی شرحیں زیادہ مشہور ہیں۔

الفرائد البهية فی القواعد و الفوائد الفقهية

یہ کتاب محمود بن محمد بن نسیب بن حسین (م ۱۳۰۵ھ/۱۸۸۸ء) کی ہے جو اپنے اسلاف کی نسبت سے "ابن حمزة" کے نام سے مشہور ہیں،ان کی کئی اور کتب بھی ہیں جیسے "**الفتاوی الحمزاوية**" یا "**المحمودية**" جو دو ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے۔انھوں نے امام محمد کی کتاب "**الجامع الصغير**" کو نظم میں تحریر کیا تھا،جس کے تین ہزار اشعار ہیں، اسی طرح "**كواكب الزاهرة فی الاحاديث المتواترة،كتاب ترجيح البينات**" جو "**الطريقة الواضحة**" کے نام سے معروف ہے۔ ان کی ایک کتاب "**قواعد الاوقاف فی الفقه**" کے نام سے بھی ہے(۹۸)۔ "**الفرائد البهية فی القواعد والفوائد الفقهية**" میں مصنف نے قواعد کلیہ اور اصول وضوابط کو فقہی ابواب کی ترتیب سے مدون کیا ہے۔

قواعد الفقه

یہ کتاب مفتی محمد عمیم الاحسان المجد دی البرکتی کی ہے۔وہ بنگلہ دیش کے بڑے عالم وفاضل،سنی العقیدہ اور مدرسہ عالیہ ڈھاکہ کے صدر مدرس تھے۔ان کی تالیفات کی تعداد سو سے اوپر ہے۔مذکورہ بالا کتاب "**قواعد الفقه**" اصل میں پانچ رسائل کا مجموعہ ہے۔جن میں سے پہلا رسالہ امام کرخی کے ان چالیس قواعد کلیہ پر مشتمل ہے۔جن پر فقہائے احناف کی کتب کا مدار رہے۔انھوں نے ہر قاعدے کے ضمن میں امام نسفی کی بیان کردہ شرح سے مثالیں دی ہیں۔دوسرا رسالہ امام

دبوسی کی کتاب ''تاسیس النظر'' میں پائے جانے والے قواعد کلیہ پر مشتمل ہے۔تیسرا رسالہ فقہی قواعد کلیہ سے متعلق ہے جوانھوں نے ''شرح السیر الکبیر، اصول الکرخی، تاسیس النظر،الهداية، منار الاصول،الاشباه و النظائر، البحر الرائق، درالمختار، مسلم الثبوت،رد المحتاراور مجلة الاحكام العدلية'' وغیرہ سے لیے ہیں۔ان قواعد کلیہ کی وضاحت فقہی کتب میں بیان کردہ مثالوں سے کی گئی ہے۔چوتھا رسالہ فقہی اصطلاحات پر مشتمل ہے جب کہ پانچواں رسالہ فقہ حنفی کے مطابق فتوی لکھنے اوراس کے آداب سے متعلق ہے۔

فقہائے مالکیہ کی کتب

فقہائے مالکیہ میں سے قواعد کلیہ پر کام کرنے والے چند نمایاں فقہاء اوران کی کتب کا مختصراً تعارف حسبِ ذیل ہے

اصول الفتيا

اس کتاب کے مؤلف محمد بن حارث الخشنی (م۳۶۱ھ/۹۷۲ء) ہیں،قواعد کلیہ پر فقہ مالکی کی یہ پہلی کتاب ہے۔مصنف نے اسے فقہی ابواب کی ترتیب پر مرتب کیا ہے جس میں قواعد کلیہ بیان کرنے کے بعد ''المدونة'' سے جزئیات لائی گئی ہیں۔ہر قاعدے کولفظ''کل''یا''اصل''سے شروع کیا گیا ہے۔

أَنوَارُ البُرُوقِ فِي أَنوَاءِ الفُرُوق

یہ کتاب ابوالعباس احمد بن ابی العلاء ادریس بن عبدالرحمن الصنهاجی المصری (م۶۸۴ھ/۱۲۸۳ء) کی ہے آپ کا لقب شہاب الدین تھا۔ ''قَرَافه'' نامی ایک محلے کی نسبت سے ''القَرَافِی'' مشہور ہوئے اوران کی کتاب نے''الفُرُوق''کے نام سے شہرت پائی۔مصنف نے اس کتاب میں اپنی ہی ایک دوسری کتاب ''الذخيرة'' میں پائے جانے والے قواعد کلیہ اور جزئیات کو یک جا کیا ہے۔کتاب میں قواعد و فروعات کے مابین پائے جانے والے فرق کو واضح کرتے ہوئے ۵۴۸ قواعد کلیہ اور ۲۷۴ فروق کو جمع کیا ہے۔

إِدرَارُ الشُّرُوق عَلى أَنوَاءِ الفُرُوقِ

یہ کتاب قاسم بن عبداللہ بن محمد الانصاری (م۷۲۳ھ/۱۳۲۲ء) کی ہے جو ''ابن الشَّاط'' کے نام سے معروف ہیں۔یہ کتاب اصل میں ''القَرَافِی''کی کتاب ''الفُرُوق'' کی تصحیح وتصویب شدہ شکل ہے۔

القواعد

یہ کتاب محمد بن محمد بن احمد مقری (م۷۵۸ھ/۱۳۵۷ء) کی ہے۔افریقہ کی ایک بستی''مَقَّرة'' کی نسبت سے ''المَقَّری'' کہلائے۔وہ اپنے دور کے بہت بڑے عالم وفاضل علماء میں سے تھے۔ابواسحاق شاطبیؒ (م ۷۹۰ھ/۱۳۸۸ء)اور مؤرخ ابن خلدون (م۸۰۸ھ/۱۴۰۶ء) ایسے لوگ ان کے شاگرد ہوئے ہیں۔مقری قواعد کے

صرف ناقل ہی نہیں ہیں بلکہ انھوں نے کئی نئے قواعد بھی مستنبط کیے ہیں۔قواعد کلیہ میں ان کا اسلوب یہ ہے کہ وہ قاعدے میں ایسا اختصار کرتے ہیں کہ جس کے تحت کثیر معانی اور فقہی فروعات آ جائیں۔انھوں نے اس کتاب میں قواعد کلیہ کو فقہی ابواب کی صورت میں مدون کیا ہے اور مذاہبِ اربعہ کے درمیان پائے جانے والے اصولی اختلافات کو بھی ذکر کیا ہے۔اس لحاظ سے ان کی کتاب دبوسی کی کتاب "تاسیس النظر" میں پائے جانے والے "قَوَاعِدُ الْخِلَافِ" کے مشابہ ہے۔ وہ قواعد خلافیہ میں تینوں ائمہ یعنی امام بوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ (م۱۵۰ھ/۷۶۷ء)، امام مالک رحمۃ اللہ علیہ (م۱۷۹ھ/۷۹۵ء) اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ (م۲۰۴ھ/۸۱۹ء) کے درمیان پائے جانے والے اختلاف کا ذکر کرتے ہیں۔اسی طرح وہ فقہائے مالکیہ کے درمیان پائے جانے والے اختلاف کو بھی واضح کرتے ہیں۔

إيضاح المسالك الى قواعد الامام مالك

یہ کتاب ابو العباس احمدبن یحییٰ بن محمد التلمسانی،الونشریسی (م۹۱۴ھ/۱۵۰۸ء) کی ہے۔کتاب میں جمع کیے گئے قواعد کلیہ قرافی کی کتاب الفروق اور مقری کی القواعد سے لیے گئے ہیں۔جن کی کل تعداد تقریباً ۱۱۸ کے قریب ہے اور اکثر قواعد میں استفہامی انداز اختیار کیا گیا ہے۔مثلاً:

۱۔ اَلْعِصْيَانُ هَلْ يُنَافِي التَّرَخُّصَ أَمْ لَا؟ (کیا نافرمانی رخصت کے منافی ہوتی ہے یا نہیں؟)

۲۔ اَلْاَصْغَرُ هَلْ يَنْدَرِجُ تَحْتَ الْاَكْبَرِ أَمْ لَا؟ (کیا چھوٹا مسئلہ بڑے مسئلے کے تحت درج ہوسکتا ہے یا نہیں؟)

فقہائے شافعیہ کی کتب

قواعد الأحكام في مصالح الأنام

یہ کتاب عزالدین عبدالعزیز بن عبدالسلام،السلمی (م۶۶۰ھ/۱۲۶۲ء) کی ہے۔جو "سُلطانُ العلماءِ" کے لقب سے یاد کیے جاتے ہیں۔قواعد کلیہ پر فقہ شافعی کی یہ اولین کتاب ہے جسے قبولیت عامہ کا شرف حاصل ہوا۔کتاب میں مصالح کے حصول اور مفاسد کے دفعیہ کو موضوع بنایا گیا اور اس میں بیان ہونے والے بعض قواعد کلیہ اساسی نوعیت اور بعض دیگر فروعات سے متعلق ہیں۔

الأشباه و النظائر لابن الوكيل (م۷۱۶ھ/۱۳۱۶ء)

یہ کتاب صدرالدین محمد بن عمر بن مکی کی ہے جو شام میں ابن الوکیل المصری کے نام سے معروف تھے جو اپنے دور کے شیخ الشافعیہ تھے۔موصوف کثرت مطالعہ اور حافظہ کی شہرت رکھتے تھے۔قواعد کلیہ کی یہ پہلی کتاب ہے جو اس نام کے ساتھ لکھی گئی تھی۔ابتداءً یہ کتاب غیر مرتب شکل میں تھی جسے بعد میں مصنف کے بھتیجے زین الدین محمد بن عبداللہ بن المرحل (م۷۳۷ھ/۱۳۳۷ء) نے بعض اضافوں کے ساتھ ترتیب دیا تھا۔

المجموع المذهب فی قواعد المذهب

یہ کتاب صلاح الدین خلیل بن کیکلدی العلائی (م۷۶۱ھ/۱۳۵۹ء) کی ہے۔مصنف کتاب میں پہلے پانچ بنیادی قواعد اور پھر قواعد اصولیہ کو لائے ہیں۔اس کے بعد حسب اہمیت قواعد کلیہ کو جمع کیا ہے اور آخر میں ایسے قواعد کلیہ کو درج کیا ہے جن کا تعلق صرف ایک آدھ مسئلے سے ہی ہے۔کتاب کو مرتب کرنے میں ابن القاص، ابن الوکیل، عز ابن عبدالسلام اور قرافی کی کتب سے استفادہ کیا گیا ہے۔

الأشباه والنظائر لتاج الدین السُبکی

یہ کتاب تاج الدین عبدالوہاب بن علی بن عبدالکافی السبکی (م۷۷۱ھ/۱۳۶۹ء) کی ہے۔مصنف نے کتاب کو حسب ذیل سات حصوں میں تقسیم کیا ہے:

الف. اَلْقَوَاعِدُ الْخَمْسُ

ب. اَلْقَوَاعِدُ الْعَامَةُ

ج. اَلْقَوَاعِدُ الْخَاصَةُ

د. أُصُوْلٌ كَلامِيَةٌ يُبْنَى عَلَيْهَا فُرُوْعَ فِقْهِيَّةٍ

ہ. مَسَائِلٌ أُصُوْلِيَةٌ يَتَخَرَّجُ عَلَيْهَا فُرُوْعَ فِقْهِيَّةٍ

و. بَعْضُ الْكَلِمَاتِ الْعَرَبِيَةِ وَ الْكَلِمَاتِ النَّحْوِيَةِ

ز. اَلْخِلافُ فِى الْفُرُوْعِ بَعْدَ الْأِتِفَاقِ عَلَى اُصُوْلِهَا

کتاب کے تمام ابواب میں قواعد کے ساتھ ساتھ فقہی جزئیات کو بھی بیان کیا گیا ہے، اپنے موضوع کے اعتبار سے یہ ایک عمدہ کتاب ہے۔

المنثور فی القواعد

یہ کتاب ابی عبداللہ بدر الدین محمد بن بهادر بن عبداللہ الشافعی (م۷۹۴ھ/۱۳۹۲ء) کی ہے جو "الزَّرکَشِی" کے نام سے معروف تھے۔اپنے موضوع اور ترتیب میں پہلی کتاب ہے جس میں قواعد کلیہ "حروفِ تہجی" کے تحت لکھے گئے ہیں مثلاً: "حرف الالف" میں "اباعة" سے متعلق قواعد کی ابتداء کر کے حرف الیا تک قواعد کی ترتیب قائم کی گئی ہے، سوائے حرف "الثا" کے، کیوں کہ اس حرف سے کسی قاعدے کی ابتداء نہیں ہوتی۔کتاب میں بعض ایسی مباحث بھی ہیں جن کا تعلق قواعد کلیہ سے نہیں ہے۔مثلاً: اَلْمُطَارَحَاتُ، اَلْمُمْتَحِنَاتُ، اَلْمُغَالَطَاتُ اور مَسْئَلَةٌ جَدَلِيَّةٌ وغیرہ (۹۹)۔

الأشباه والنظائر لابن المُلَقِّن

یہ کتاب ابوحفص سراج الدین عمر بن علی بن احمد الانصاری (م۸۰۴ھ/۱۴۰۲ء) کی ہے جو "ابن الملقن" کے نام سے معروف ہیں۔ کتاب کوفقہی ابواب کی ترتیب سے مدون کیا گیا ہے۔ وہ فقہ شافعی کے مطابق قاعدہ بیان کرتے ہیں اور دیگر ائمہ سے اختلاف کی صورت میں جزئیات میں اس کا ذکر کردیتے ہیں اور فقہ شافعی کے مطابق دلائل لاتے ہیں، مصنف نے عزالدین کی "قواعد الاحکام"، قرافی کی "الفروق" ابن الوکیل کی "الأشباه و النظائر" اور علائیؒ کی المجموع المذهب فی قواعد المذهب ایسی کتب سے استفادہ کرتے ہوئے اسے بہتر شکل وصورت میں مرتب کیا ہے۔

القواعد

یہ کتاب تقی الدین ابوبکر بن محمد بن عبدالمومن الحصینی (م۸۲۹ھ/۱۴۲۶ء) کی ہے۔ مصنف نے کتاب کی ابتداء قواعد اصولیہ سے کی ہے جس میں حکم شرعی اور اس کی اقسام مفصل تحریر کرنے کے بعد "قواعد فقهيه" کو تحریر کیا ہے اور دیگر مصنفین کی طرح پہلے اساسی قواعد اور پھر دیگر مسائل اور فوائد کو جمع کیا ہے۔ کتاب "قواعد العلائی" کی طرح "قواعد اصولیه" اور "قواعد فقهيه" کی جامع ہے۔

مختصر قواعد العَلائی

یہ کتاب ابوالثناء محمود بن احمد الحموی (م۸۳۴ھ/۱۴۲۱ء) کی ہے جو "ابن خطیب الدهشته" کے نام سے معروف تھے۔ مصنف نے کتاب میں علامہ علائی اور الاسنوی کے قواعد کو جمع کیا ہے اور ان کی تنقیح کے ساتھ ساتھ کچھ اضافے بھی کیے ہیں اس کتاب کا پورا نام "مُخْتَصَرٌ مِنْ قَوَاعِدِ الْعَلَائِیْ وَ کَلَامِ الْاَسْنَوِیْ" ہے اور اسے امام نووی رحمۃ اللہ علیہ (م۶۷۷ھ/۱۲۷۸ء) کی کتاب "منهاج" کے فقہی ابواب کی ترتیب کے تحت مرتب کیا گیا ہے۔

الأشباه و النظائر للسیوطی

یہ کتاب جلال الدین عبدالرحمن بن ابی بکر السیوطی (م۹۱۱ھ/۱۵۰۵ء) کی ہے۔ قواعد کلیہ کے حوالے سے فقہ شافعی کی سب سے مشہور کتاب یہی ہے۔ فقہائے اسلام کے ہاں اسے ہر دور میں قبولیت کا شرف حاصل رہا ہے۔ اس اعتبار سے یہ کتاب فقہائے شافعیہ کی سابقہ تمام کتب پر فوقیت رکھتی ہے۔ بلکہ بعد کے ادوار میں بھی کوئی فقہی عالم اس کی مثل کتاب مرتب نہ کرسکا۔ یہ کتاب حسب ذیل سات کتب کا مجموعہ ہے۔

اَلْكِتَابُ الْأَوَّلُ: یہ کتاب قواعد خمس اور متعلقہ فقہی مسائل و احکام پر مشتمل ہے۔

اَلْكِتَابُ الثَّانِیُ: اس کتاب میں وہ قواعد کلیہ ہیں جن کا انحصار ان کی جزئی صورتوں پر نہیں ہوتا۔ یہ کتاب چالیس قواعد کلیہ پر مشتمل ہے۔

اَلْكِتَابُ الثَّالِثُ: اس کتاب میں وہ بیس قواعد کلیہ ذکر کیے گئے ہیں جنھیں فقہاء کے مابین اختلافی قرار دیا جاتا ہے۔

اَلْکِتَابُ الرَّابِعُ: اس کتاب میں وہ قواعد کلیہ اور احکام بیان کیے گئے ہیں، جن سے کسی عالم کا لاعلم رہنا انتہائی معیوب تصور کیا جاتا ہے۔

اَلْکِتَابُ الْخَامِسُ: اس کتاب میں مختلف فقہی ابواب کے نظائر پیش کیے گئے ہیں۔

اَلْکِتَابُ السَّادِسُ: اس کتاب میں متشابہ چیزوں کے درمیان پائے جانے والے فرق کو واضح کیا گیا ہے۔ مثلاً لمس اور مس میں فرق، وضو اور غسل میں فرق، سجدہ سہو اور سجدہ تلاوت میں فرق وغیرہ۔

اَلْکِتَابُ السَّابِعُ: اس کتاب میں متفرق ابواب سے نظائر پیش کیے گئے ہیں اور آخر میں کسی عالم وفاضل شاعر کی ایک طویل نظم ہے جس میں ان چالیس صورتوں کا ذکر کیا گیا ہے، جن سے لاعلمی عذر نہیں بن سکتی۔

فقہائے حنابلہ کی کتب

القواعد النورانية الفقهية

یہ کتاب شیخ الاسلام تقی الدین، ابوالعباس، احمد بن عبدالعلیم بن عبدالسلام بن عبداللہ بن تیمیہ الحرانی (م ۷۲۸ھ/۱۳۲۸ء) کی ہے۔ مصنف نے کتاب فقہی موضوعات کی اساس پر تحریر کی ہے یعنی بَابُ الطَّهَارَةِ وَ النَّجَاسَةِ سے کتاب کی ابتداء کر کے بَابُ الْإِيْمَانِ وَ النُّذُوْرِ پر اسے ختم کیا ہے اور ہر باب میں متعلقہ قواعد وضوابط، فقہاء کے اختلافات اور آراء کے ساتھ ساتھ جزئیات کا احاطہ بھی کیا ہے۔

تقرير القواعد و تحرير الفرائد

یہ کتاب حافظ ابی الفرج عبدالرحمٰن بن رجب الحنبلی (م ۷۹۵ھ/۱۳۹۳ء) کی ہے جو "قَوَاعِدُ ابْنِ رَجَبٍ" کے نام سے معروف ہے۔ کتاب فقہی ابواب کی ترتیب سے مرتب کی گئی ہے جو "بَابُ الْمِيَاهِ وَ الْآنِيَةِ" سے شروع ہو کر "بَابُ الْقَضَاءِ وَ الشَّهَادَاتِ وَمَا يَتَعَلَّق بِهٖ" پر ختم ہوتی ہے۔ ان ابواب میں کل ایک سو ساٹھ (۱۶۰) قواعد کلیہ کو موضوعِ بحث بنایا گیا ہے جن کے آخر میں اکیس فوائد ذکر کیے گئے ہیں، جن سے متعلق مصنف مذکور کا کہنا ہے کہ یہ وہ مشہور مسائل ہیں جن میں فقہاء کا اختلاف ہے اور فقہ اسلامی میں اس کا خاص مقام و مرتبہ ہے۔

القواعد و الفوائد الاصولية

یہ کتاب ابوالحسن علاء الدین بن محمد بن عباس البعلی الحنبلی (م ۸۰۳ھ/۱۴۰۱ء) کی ہے جو "ابن اللحّام" کے نام سے معروف ہیں، کتاب کا پورا نام "اَلْقَوَاعِدُ وَالْفَوَائِدُ الْاُصُوْلِيَّةُ وَ مَايتعلق بِهَا مِنَ الْاَحْكَامِ الْفَرِعِيَّةِ" ہے، مصنف نے چھیاسٹھ قواعد کلیہ درج کیے ہیں اور ہر قاعدے کے ضمن میں فقہی جزئیات بھی تحریر کی ہیں، بعض قواعد کلیہ میں استفہامیہ انداز اختیار کیا گیا ہے جن کی تشریح و توضیح کے ذریعے حقیقت واضح کی گئی ہے۔

خلاصہ بحث

لغوی اعتبار سے قاعدہ کے معنی اساس اور بنیاد کے ہیں اس کی جمع قواعد آتی ہے۔فقہی اصطلاح میں قواعد کلیہ سے مراد وہ فقہی اصول وضوابط ہیں جنہیں مختصر قانونی زبان میں اس طرح مرتب کیا گیا ہو کہ ان میں اپنے موضوع سے متعلقہ آنے والے تمام شرعی احکام شامل ہوں۔فقہی کتب میں پائے جانے والے اکثر قواعد کلیہ کو اساسی حیثیت حاصل ہوتی ہے کیوں کہ ان کی جزئیات تمام ابواب میں پھیلی ہوتی ہیں البتہ کچھ قواعد کلیہ ایسے بھی ہوتے ہیں جن کی جزئیات صرف ایک آدھ باب کا ہی احاطہ کرتی ہیں۔قاعدہ اور ضابطہ کے شرعی حکم اور اسلوب میں چونکہ کوئی خاص فرق نہیں پایا جاتا اس لیے اگر قاعدے کی جگہ ضابطہ اور ضابطے کی جگہ قاعدہ کا لفظ استعمال کر دیا جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔انسانی زندگی کے جملہ شعبوں سے متعلق قرآن وحدیث اور فقہی کتب میں احکام کے ساتھ ساتھ قواعد کلیہ بھی پائے جاتے ہیں۔ قواعد کلیہ کی جمع وتدوین میں ہر دور کے جید علمائے کرام رحمۃ اللہ علیہم اور فقہائے عظام رحمۃ اللہ علیہم نے کام کیا ہے۔ان فقہاء کی قواعد کلیہ پر ترتیب دی ہوئی کتب کو تحقیقی نقطہ نگاہ سے دیکھا جائے تو ان میں جمع وتدوین اور ساخت کے حوالے سے متعدد مناہج واسالیب پائے جاتے ہیں۔جمع وتدوین میں بلاعنوان ترتیب، فقہی ابواب کی ترتیب، موضوعی ترتیب، الفبائی ترتیب اور حسب ضرورت واہمیت ترتیب وغیرہ کے عنوانات دیئے جاسکتے ہیں جب کہ ان کے استنباط میں لفظ ''اَلْأَصْلُ''، ''کُلُّ''، ''هَلْ'' کے علاوہ سادہ جملوں کا استعمال بھی کیا گیا ہے۔قواعد کلیہ کی ضرورت واہمیت کی وجہ سے تمام مشہور مسالک کے فقہاء نے اس موضوع پر کام کیا ہے اور ان کی کتب دستیاب ہیں۔عصر حاضر میں قانون ساز ادارے قانون سازی کے وقت اور عدالتیں اپنے فیصلوں میں ان قواعد کلیہ سے راہنمائی لیتے ہیں۔

حوالہ جات وحواشی

۱۔ دیکھیے: الراغب الاصفہانی، الحسین بن محمد، ابی القاسم (م۵۰۲ھ/۱۱۰۹ء) "المفردات فی غریب القرآن"، تحقیق وضبط، محمد سید کیلانی، نور محمد کارخانہ تجارت، آرام باغ، کراچی (س۔ن) ص۴۰۹۔

۲۔ البقرۃ ۲:۱۲۷۔

۳۔ النحل :۱۶:۲۶۔

۴۔ الجرجانی، علی بن محمد الشریف (م۸۱۶ھ/۱۴۱۳ء) "کتاب التعریفات" دار المنار، بیروت، لبنان (س۔ن) ص۱۲۱۔

۵۔ الحموی، احمد بن محمد المصری (م۱۰۹۸ھ/۱۶۸۷ء) "غمز عیون البصائر شرح الأشباہ والنظائر" ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیۃ، کراچی پاکستان (۱۴۱۸ھ)، ۱/۶۳۔

۶۔ القرافی، احمد بن ادریس، ابو العباس، الصنہاجی (م۶۸۴ھ/۱۲۸۵ء) "الفروق أو انوار البروق فی انواء الفروق" تحقیق: خلیل المنصور، دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان (س۔ن)، ۱/۶۔

۷۔ "مجلة الاحکام العدلیة" المکتبۃ الحقانیۃ محلّہ جنگی پشاور پاکستان (س۔ن)، ۱۶۔

۸۔ "مجلة الاحکام العدلیة" (م/۷) ص۱۷۔

۹۔ السرخسی، محمد بن احمد بن ابی سہل، ابی بکر (م۴۹۰ھ/۱۰۹۷ء) "شرح السیر الکبیر" تحقیق: ابو عبداللہ محمد حسن محمد حسن اسماعیل الشافعی، دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان (۱۴۱۷ھ۔۱۹۹۷ء)، ۱/۱۳۱۔

۱۰۔ دیکھیے: سورۃ التوبہ ۹:۹۱۔

۱۱۔ الحموی، ۱/۶۳۔

۱۲۔ علی حیدر "درر الحکام فی شرح مجلة الاحکام" دار صادر، بیروت، لبنان (س۔ن)، ۱/۹۱۔

۱۳۔ الزرقاء، مصطفیٰ احمد "المدخل الفقهی العام" دار القلم دمشق (۱۴۲۵ھ۔۲۰۰۴ء)، ۲/۹۶۵۔

۱۴۔ دیکھیے: السبکی، تاج الدین عبدالوہاب بن علی ابن عبدالکافی "الأشباہ والنظائر" تحقیق عادل احمد عبدالموجود وعلی محمد عوض، دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان (۱۴۲۲ھ۔۲۰۰۱ء)، ۱/۱۱۔

۱۵۔ ابن نجیم، زین الدین بن ابراہیم بن محمد، "الأشباہ والنظائر مع حاشیة الشیخ محمد علی الرافعی" ایچ ایم سعید کمپنی، ادب منزل کراچی پاکستان، ۸۲۔

۱۶۔ السبکی، م۔ن، ۱/۱۱۔

۱۷۔ ابن رجب، عبدالرحمٰن، ابو الفرج "القواعد فی الفقه الاسلامی" دار المعرفۃ بیروت لبنان (س۔ن)، قاعدہ ثانیہ، ص۴۔

۱۸۔ دیکھیے: القرافی، ۱/۶۔

۱۹۔ شریعت، قرآن وسنت کے ان احکامات کو کہا جاتا ہے جو اللہ تعالیٰ نے وحی کے ذریعے حضرت محمد ﷺ پر نازل کیے۔ جب کہ فقہ

سے مراد علماء وفقہاء کے مرتب شدہ وہ احکام ہیں جو انہوں نے قرآن وسنت سے اپنی فہم کے مطابق مستنبط کیے ہوں۔(دیکھیے: الزرقا"المدخل الفقهی العام")،۱/۱۵۳۔

۲۰۔ القرافی،م۔ن ۱/۶۔۸۔

۲۱۔ القرافی، احمد ادریس الصنعاجی "الذخیرة"،تحقیق: محمد بوخبزة، دار الغرب الاسلامی، ۱/۵۰۔

۲۲۔ "مجلة الاحکام العدلية" طبع: المکتبۃ الحقانیہ، پشاور، پاکستان (س۔ن)(م۱/)ص۱۶۔

۲۳۔ السیوطی کا نام عبدالرحمٰن بن ابی بکر اور لقب جلال الدین ہے۔وہ مصر کی سیوط نامی ایک بستی کی نسبت سے سیوطی کہلائے۔متعدد علوم کے ماہر اور مجتہد ہوئے۔ تصانیف کی تعداد سات سو کے قریب ہے۔(دیکھیے: عبداللہ بن سلیمان الجرھزی الشافعی "المواهب السنية"،ص۲۱؛ الزرکلی "الاعلام"،۳/۳۰۱)۔

۲۴۔ السیوطی، جلال الدین (م۹۱۱ھ/۱۵۰۵ء) "الاشباه والنظائر فی الفروع" دارالفکر، بیروت، لبنان، ۱۴۱۵ھ،ص۶۔

۲۵۔ ابن نجیم "الأشباه والنظائر"،م۔ن،ص۸۔

۲۶۔ السبکی "الأشباه والنظائر"، ۱/۲۰۷۔

۲۷۔ ابن الملقن، عمر بن علی الانصاری ابی حفص سراج الدین (م۸۰۴ھ/۱۴۰۱ء) "الأشباه والنظائر" تحقیق ودراسة: احمد بن عبدالعزیز بن احمد الخضری، ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ، کراچی پاکستان، (۱۴۱۷ھ/)ص۱۵۹۔

۲۸۔ السبکی، ۱/۲۰۷۔

۲۹۔ ابن نجیم،ص۸۵۔

۳۰۔ ایضاً،ص۸۷۔

۳۱۔ ایضاً،ص۸۶۔

۳۲۔ ایضاً،ص۸۹۔

۳۳۔ ایضاً،ص۸۹۔

۳۴۔ الزرکشی، محمد بن بہادر، بدرالدین، ابوعبداللہ (م۷۹۴ھ/۱۳۹۲ء) "المنثور فی القواعد" دارالکتب العلمية بیروت، (۱۴۲۱ھ/۲۰۰۰ء)ص۸۷ ؛ السیوطی،م۔ن،ص۴۵؛ ابن نجیم،ص۳۔

۳۵۔ السبکی، ۱/۳۶۷۔

۳۶۔ ایضاً، ۱/۳۶۷۔

۳۷۔ ابن نجیم،ص۹۱۔

۳۸۔ "مجلة الاحکام العدلية" (م۴۴/)ص۲۱۔

۳۹۔ الزرکشی "المنثور فی القواعد"۳/۲۴۳۔

۴۰۔ الزرکشی، ۲/۲۴۳۔

۴۱۔ ابوداوٗد، سلیمان بن الاشعث السجستانی (م ۲۷۵ھ/۸۸۹ء) "السنن" دارالفکر، بیروت (س۔ن)، کتاب اللباس، باب فی لبس الشھرۃ (ح/۴۰۳۱)، ۴/۴۴۔

۴۲۔ السیوطی، "الأشباہ والنظائر فی الفروع"، ص۷۵؛ ابن نجیم، "الأشباہ والنظائر"، ص۵۵۔

۴۳۔ السیوطی، م۔ن، ص۴۴۔

۴۴۔ السیوطی، ص۱۰۳؛ ابن نجیم، م۔ن، ص۷۹؛ "مجلۃ الاحکام العدلیۃ" (م/۳۴)، ص۲۰۔

۴۵۔ ابن نجیم، ص۱۵۹۔

۴۶۔ السیوطی، م۔ن، ص۸۴؛ ابن نجیم، م۔ن، ص۶۲؛ "مجلۃ الاحکام العدلیۃ" (م/۵۸)، ص۲۲۔

۴۷۔ ابو یوسف، یعقوب بن ابراہیم الانصاری (م۱۸۲ھ/۷۹۸ء) "کتاب الخراج" تحقیق: محمد ابراہیم البنا، مکتبہ فاروقیہ، پشاور، ۱۹۸۱ء، ص۱۴۱؛ ابن نجیم، م۔ن، ص۶۳۔

۴۸۔ الندوی، علی احمد "القواعد الفقھیۃ" دارالقلم، دمشق، (۱۴۲۵ھ/۲۰۰۴ء)، ص۲۰۲۔

۴۹۔ السیوطی، م۔ن، ص۸۴۔

۵۰۔ السیوطی، م۔ن، ص۱۰۵؛ ابن نجیم، م۔ن، ص۸۰؛ "مجلۃ الاحکام العدلیۃ" (م۵۹)، ص۲۳۔

۵۱۔ السیوطی، م۔ن، ص۸۵۔

۵۲۔ ابو یوسف، ص۳۲۹۔

۵۳۔ ابن نجیم، م۔ن، ص۱۲۰۔

۵۴۔ مجلۃ الاحکام العدلیۃ (م/۹۴)، ص۲۷۔

۵۵۔ ابن نجیم، ص۱۱۶۔

۵۶۔ ابن حمزۃ، محمود بن محمد، الحسینی (۱۳۰۵ھ/۱۸۸۸ء) "الفرائد البھیۃ فی قواعد و الفوائد الفقھیۃ" مطبع حبیب آفندی خالد، دمشق، ۱۲۹۰ھ، ص۳۱۹۔

۵۷۔ مجلۃ الاحکام العدلیۃ (م/۷۶)، ص۲۵۔

۵۸۔ الندوی "القواعد الفقھیۃ"، ص۳۴۵۔

۵۹۔ مجلۃ الاحکام العدلیۃ (م/۷۹)، ص۲۵۔

۶۰۔ السیوطی، م۔ن، ص۲۸۲۔

۶۱۔ الشیبانی "السیر الکبیر" ص۱/۱۳۱ یہ قاعدہ کلیہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ (م۱۵۰ھ/۷۶۷ء) کے قول پر مشتمل ہے جب کہ ابن شُبرمۃ (م۱۴۴ھ/۷۶۱ء) کا قول ہے: "اَلْجِہادُ لَیْسَ بِوَاجِبٍ" (الطحاوی "مختصر اختلاف الفقھاء" ۳/۵۰۹) اسی طرح سفیان ثوری (م۱۶۱ھ/۷۷۸ء) کہتے ہیں: "اَلْقِتَالُ مَعَ الْمُشْرِکِیْنَ لَیْسَ بِفَرْضٍ اِلَّا اَنْ تَکُوْنَ الْبِدَایَۃُ مِنْھُمْ" (الشیبانی "السیر الکبیر" ص۱/۱۳۱) عبداللہ بن الحسن کہتے ہیں: اِنَّھَا تَطَوُّعٌ (ابن رشد "بدایۃ المجتھد ونھایۃ

المقتصد''ص ۲۷۸)۔

۶۲۔ الشیرازی،المھذب،۲/۲۳۳۔

۶۳۔ السرخسی''شرح السیر الکبیر''،۱/۱۳۹۔

۶۴۔ البکری''اعانۃ الطالبین''،۳/۱۹۴۔

۶۵۔ ابن نجیم "البحر الرائق"، ۵/۸۲۔

۶۶۔ ابن نجیم "البحر الرائق"، ۵/۲۲۵۔

۶۷۔ السرخسی،م۔ن،۱۰/۱۳۳؛ابن الھمام،م۔ن،۶/۱۰۲؛الزیلعی "تبیین الحقائق"، ۱۰/۳۶۔

۶۸۔ السرخسی''المبسوط''،ص۱۰/۱۵؛مجلۃ الاحکام العدلیۃ(م/۸۷)،ص۲۶۔

۶۹۔ السرخسی،۲/۱۱۲۔

۷۰۔ الشیبانی"السیر الکبیر"، ۲/۲۱۷۔

۷۱۔ السرخسی "شرح السیر الکبیر"، ۳/۹۶۔

۷۲۔ السرخسی "شرح السیر الکبیر"، ۲/۴۳،۲/۱۱۱۔۱۱۲۔

۷۳۔ الکرخی،عبیداللہ بن الحسین بن دلال،ابوالحسن،"اصول الکرخی مع قواعد الفقہ"، تحقیق:محمد عمیم الاحسان المجددی، البرکتی،الصدف پبلشرز،کراچی(۱۴۰۷ھ/۱۹۸۶ء)،ص 11 ومابعد۔

۷۴۔ الدبوسی،عبیداللہ بن عمر بن عیسیٰ،ابوزید،"تاسیس النظر مع قواعد الفقہ"تحقیق:محمد عمیم الاحسان المجددی،البرکتی،الصدف پبلشرز،کراچی(۱۴۰۷ھ/۱۹۸۶ء)،ص۲۷ومابعد۔

۷۵۔ السبکی "الأشباہ و النظائر"، ۱/۲۱۸؛ السیوطی"الأشباہ و النظائر فی الفروع"ص۴۰؛ابن نجیم "الأشباہ و النظائر"ص۲۹۔

۷۶۔ السبکی،۱/۲۱۸؛ ابن الملقن "الأشباہ و النظائر"۱/۲۷۱۔

۷۷۔ السبکی،۱/۲۱۸؛ ابن الملقن،۱/۲۷۰۔

۷۸۔ السیوطی،ص۴۴۔

۷۹۔ ایضاً،ص۴۵؛ ابن نجیم،ص۳۳۔

۸۰۔ السیوطی،ص۴۶؛ابن نجیم،ص۳۵۔

۸۱۔ السبکی،۱/۲۰۰۔

۸۲۔ السبکی،۱/۴۴۴۔

۸۳۔ الزرکشی"المنثور فی القواعد"، ۲/۲۲۴۔

۸۴۔ ابن رجب"القواعد فی الفقہ الاسلامی" (قاعدہ/۱)،ص۳۔

۸۵۔ ابن رجب، (قاعدہ/۸۴)،ص ۱۷۸۔

۸۶۔ ابن رجب، (قاعدہ/۱۰۰)،ص ۲۲۸۔

۸۷۔ ابن اللحام "القواعد والفوائد الاصولیة"، ص ۲۷۔

۸۸۔ ابن اللحام، ص ۲۹۸۔

۸۹۔ ابن اللحام، ص ۵۸۔

۹۰۔ شاشی کا نام احمد بن محمد بن اسحاق اورکنیت ابوعلی ہے۔ وہ فقہ حنفی کے بہت بڑے عالم اورفقیہ تھے۔انتہا درجے کے ذہین وفطین اور مسائل اصولیہ میں خصوصی مہارت رکھتے تھے۔(اللکنوی "الفوائد البھیة" ص ۴۱؛ الزرکلی "الأعلام"، ۱/۲۹۳)۔

۹۱۔ الجصاص کا نام احمد بن علی ابوبکر الرازی ہے۔اپنے دور کے بہت بڑے عالم، زاہد،فقیہ،اور فقہ حنفی کے امام تھے۔تصنیفات میں "احکام القرآن، شرح مختصر الکرخی،شرح مختصر الطحاوی، شرح جامع محمد، اصول الفقه، شرح الاسماء الحسنی اور ادب القضاء" وغیرہ زیادہ معروف ہیں۔(اللکنوی "الفوائد البھیة فی تراجم الحنفیة"، ص ۳۶)۔

۹۲۔ دیکھیے: السمعانی، عبدالکریم بن محمد ابوسعید "الانساب" تحقیق: عبدالفتاح محمد الحلو، دار محمد امین بیروت، لبنان (۱۴۰۱ھ/۱۹۸۱ء)، ۱۰/۳۹۰؛ اللکنوی، ص ۱۳۹-۱۴۰؛ القرشی "الجواھر المضیة فی طبقات الحنفیة"، ۱/۳۲۷۔

۹۳۔ مفتی محمد عمیم الاحسان البرکتی المجددی نے ان قواعد کی تعداد چالیس لکھی ہے (دیکھیے: "قواعد الفقه" ص ۱۱-۲۳) جب کہ مصطفیٰ احمد الزرقا کے نزدیک ان کی تعداد سینتیس ہے (دیکھیے: "المدخل الفقھی العام"، ۲/۹۷۱)۔

۹۴۔ النسفی کا نام عمر بن محمد بن احمد بن اسماعیل بن محمد بن لقمان ہے۔(۴۶۱ھ/۱۰۶۹ء) وہ ماوراء النہر کے شہر نسف میں پیدا ہوئے۔ فقہائے احناف میں سے بہت بڑے مفسر، محدث، فقیہ، اور ادیب ہوئے۔ان کی کتب میں "التیسر فی التفسیر العقائد النسفیة،" اور "کتاب المواقیت" وغیرہ زیادہ مشہور ہیں۔(دیکھیے: االلکنوی، ص ۱۹۳-۱۹۴)۔

۹۵۔ دیکھیے: السمعانی "الانساب" ص ۵/۳۲۷؛ اللکنوی "الفوائد البھیة" ص ۱۴۰)۔

۹۶۔ ابن خلکان کا نام احمد بن محمد بن ابراہیم بن ابی بکر، ابوالعباس، اربلی ہے۔وہ عراق میں موصل کے قریب دجلہ کے مشرقی کنارے آباد شہر "اِربل" میں (۶۰۸ھ/۱۲۱۱ء) پیدا ہوئے اس لیے اِربلی کہلائے۔ اپنے دور کے بہت بڑے مؤرخ اور ادیب ہوئے۔شام کے قاضی بھی رہے۔"وفیات الاعیان و ابناء انباء الزمان" ان کی معروف تصنیف ہے۔(الزرکلی "الاعلام"، ۱/۲۲۰)۔

۹۷۔ ابن خلکان، "وفیات الاعیان و ابناء انباء الزمان" تحقیق سالم مکرم، دار الشرق، بیروت لبنان (س۔ن)، ۳/۴۲۔

۹۸۔ دیکھیے: کتاب مذکور، ۲/۴۳۹-۴۴۳؛ الزرکلی "الأعلام" ۸/۶۳ومابعد۔

۹۹۔ دیکھیے: کتاب مذکور، ۲/۴۳۹-۴۴۳۔

امام شافعیؒ کا منہج استنباط اور اجتہادی اصول

ڈاکٹر سلیم الرحمٰن ☆ ڈاکٹر محمد ریاض خان الازہری ☆☆

قرآن وسنت اور ان سے مستفاد اصولوں کی روشنی میں فقہی مسائل کے استنباط اور استخراج کا سلسلہ تابعین بلکہ صحابہؓ کے زمانے سے جاری تھا لیکن اس سلسلے کو کوئی باقاعدہ علمی شکل نہیں دی گئی تھی۔ جس طرح اہلِ زبان کسی عبارت سے کسی نتیجہ یا حکم کا استنباط محض وجدان یا ذوق لسانی کی بنیاد پر کرتے ہیں اور انھیں معلوم نہیں ہوتا کہ ان کا استنباط کس قاعدہ یا اصول کے تحت ہے اور اس کی کیا قیود وشرائط ہیں، فقہی احکام بھی اسی طرح معلوم کیے جاتے تھے، اس کے لئے علمی اصطلاحات وضع ہوئی تھیں اور نہ اصول وضوابط کو منضبط کیا گیا تھا۔

قرآن وسنت دونوں عربی لغت میں ہیں۔ صحابہ کرامؓ کی زبان بھی عربی تھی۔ انہیں زبان پر ملکہ حاصل تھا۔ نزول قرآن کا زمانہ بھی پایا اور اس کے اسالیب بیان کو صاحب وحی کی سیرت وتعلیمات کی روشنی میں سیکھا اور سمجھا، قرآن حکیم کی ہر آیت کے سبب نزول اور مقام نزول تک سے واقف تھے۔ سند حدیث پر بھی غور وفکر کی انہیں چنداں ضرورت نہ تھی اس لیے کہ راویانِ حدیث یہ خود یا ان کے ہم عصر تھے اور یا قریب العصر تھے۔ وہ ان کے احوال سے بخوبی واقف تھے اس طرح وہ وہبی ذہانت کے ساتھ صحبت نبوی کی وجہ سے سلامتی فکر اور طہارت باطنی کے حامل اور اسرار شریعت کے امین تھے۔ الغرض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم قرآنی نصوص اور ارشادات نبویﷺ کی تصریحات اور تلمیحات سمجھنے کا طبعی سلیقہ اور فطری ملکہ رکھتے تھے اس لیے ان حضرات کو کسی مسئلے کے سمجھنے میں زیادہ دقت محسوس نہیں ہوتی تھی، اور قرآن وسنت سے استفادۂ معانی اور استخراج احکام میں انہیں لغت یا کسی اصول یا قاعدے کی ضرورت نہیں پڑتی تھی۔ ان کے فتاوی صرف مسائل واقعیہ تک محدود تھے ان میں اقامت دلیل وبرہان طرز کی عملی ملمع سازی نہیں ہوتی تھی۔

چنانچہ صحابہ کرامؓ ان مصادر کو ان کے اصطلاحی ناموں اور عنوان کی تعبیر کے بغیر پیش آمدہ مسائل میں بروئے کار لاتے:

☆ اسسٹنٹ پروفیسر ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک تھیالوجی، اسلامیہ کالج پشاور خیبر پختونخوا

☆☆ اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ علوم اسلامیہ ومطالعہ مذاہب ہزارہ یونیورسٹی مانسہرہ خیبر پختونخوا

”لم یکن الصحابة والتابعون مهتمون بالعناوین والمصطلحات التی ظهرت بعدهم مثال الرأی والقیاس والأستحسان ولکنهم فی آرائهم وفتاو یهم وأقضیتهم کانوا یفزعون بلا ریب إلی الاجتهاد الذی أذن فیه الرسول ﷺ وذلک عند ما لا یجدون فی الحادثة نصاً من کتاب الله أو سنة رسو ل الله ﷺ“(۱)۔

صحابہ کرامؓ اور تابعین کے دور میں نہ تو کسی عنوان کا اہتمام کیا جاتا تھا اور نہ ہی ایسی فنی اصطلاحات وضع کی گئیں تھیں جو بعد میں منظر عام پر آئیں مثلاً رائے، قیاس واستحسان وغیرہ۔اس کی بجائے ہر ایسے معاملے میں کہ جس میں کتاب اللہ یا سنت رسول اللہ سے کوئی نص دستیاب نہ ہوتی تو بغیر کسی تردد کے وہ اپنی آراء، فتاویٰ اور فیصلوں کے معاملہ میں اجتہاد کی طرف رجوع فرماتے تھے جس کی اجازت انہیں بارگاہ نبوی ہی سے مرحمت ہوئی تھی۔

یہ بات مسلمہ ہے کہ صحابہ کرام کو استخراج احکام میں گو کہ لغوی اور علمی قواعد کی چنداں ضرورت نہ تھی تاہم ان کے طریقہ کار سے یہ بات ثابت شدہ ہے کہ وہ بھی استنباط احکام میں کچھ اصول ضرور سامنے رکھتے تھے اگرچہ یہ اصول وقواعد لفظی جامہ میں منظر عام پر نہیں آئے تھے بلکہ ان کے فکری ملکہ اور سلامتی طبع کا نتیجہ ہوتے تھے۔ابوزہرہ لکھتے ہیں:

”فان الفقهاء من بینهم کابن مسعود وعلی ابن ابی طالب وعمر بن الخطاب ما کانوا یقولون اقوالهم من غیر قید ولا ضابطة فاذا سمع السامع علی ابن ابی طالب یقول فی عقوبة الشارب إنه إذا شرب هذی ، واذا هذی قذف(۲)

فیجب حد القذف یجد ذالک الامام الجلیل ینهج منهاج الحکم بالمآل“(۳)۔

صحابہ کرامؓ میں سے فقہاء مثلاً حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، حضرت علیؓ اور حضرت عمرؓ کے اقوال، حدود وقیود اور ضوابط واصول سے خالی بھی نہ ہوتے تھے، مثلاً حضرت علیؓ نے شرابی پر حد خمر جاری کرنے کا فتویٰ دیا۔اس میں آپ کا طرز استدلال یہ تھا کہ جب شراب پیئے گا تو ہذیان بکے گا اور جب ہذیان بکے گا تو زنا کی تہمت لگائے گا جب تہمت لگائے گا تو حد قذف واجب ہوجائے گی۔اس سے معلوم ہوا، آپ جیسے جلیل القدر امام نے استنباط احکام کے سلسلے میں حکم بالمآل کے اعتبار کرنے کا منہج طے فرمایا ہے۔

صحابہ کرامؓ کے فقہی استدلالات کی ایسی بہت سی مثالیں تفسیر، حدیث اور فقہ کی کتابوں میں موجود ہیں، جن سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ عمومی اصول وضوابط جو بہت بعد میں اپنی موجودہ عبارتوں میں مرتب ہوئے اپنی ابتدائی اور مجرد شکل میں صحابہ کرام کے سامنے تھے لیکن پھر بھی صراحۃً اصول بیان کئے بغیر اپنی خداداد صلاحیت کی بنیاد پر ان اصول کا اطلاق

واستعمال کرتے تھے اوران کا اجتہاد ان اصول وقواعد کی روشنی میں ہوا کرتا تھا(۴)۔

خلفائے راشدین کے دور میں تعلیم وتربیت، قضاء وافتا اور دیگر دینی اغراض کی تکمیل کے لیے صحابہ کرام مختلف علاقوں میں پھیل گئے۔حضرات صحابہؓ جہاں بھی جا کر مقیم ہوتے۔تو بندگان خدا تعلیم وتعلم اور احکام ومسائل کے سلسلے میں ان کی طرف رجوع کرتے اوران حضرات سے قرآن وسنت اور فتاویٰ حاصل کر کے محفوظ کرتے۔اور ہر علاقے کے لوگ اپنے شہر میں مقیم صحابہ کرامؓ کی روایات، احادیث اور فتاوی کے ساتھ منسلک ہوگئے اور صحابہ کرام کے شاگردوں نے اخذ واستفادہ کی طرح استنباط اور افادہ میں اپنے اساتذہ کا راستہ اور منہج اختیار کرلیا۔اس طرح صحابہ کرامؓ کے اسلوب اجتہاد اور استدلال کو تابعین نے آگے بڑھایا۔صغار تابعین کے زمانے میں واقعات ومسائل کے تنوع کی بناء پر اجتہاد میں وسعت ناگزیر تھی۔

چنانچہ استنباط احکام اور استخراج مسائل کے اصولوں کا دائرہ وسیع تر ہوگیا۔تابعین کے بعد ائمہ مجتہدین کے زمانے میں استنباط کے مناہج اور اجتہاد کے اصول اور بھی زیادہ واضح ہوگئے۔فقہاء کرام واضح اور صریح عبارتوں میں ان اصولوں کی نشاندھی کرنے لگے۔

اس علمی سلسلے کو مستقل فن کی حیثیت سے مرتب کرنے کے لئے استنباط اور استخراج احکام کے اصول وقواعد وضع کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی۔امام شافعی کی دینی خدمات میں سب سے اہم اور قابل داد کارنامہ انہی اصولوں کی تدوین ہے جن کی بدولت اس علمی سلسلے نے مستقل فن کی صورت اختیار کی اور آپ ہی اس فن کے مدون قرار پائے، آپ کا مخصوص منہج قائم ہوا اور دوسرے بڑے فقہی مذہب کے متبوع امام بنے۔

امام شافعی کی حیات وخدمات پر ایک نظر:

آپ کا اصل نام محمد بن ادریس بن عباس بن عثمان بن شافع ہے۔عبد مناف پر جا کر آپ کا سلسلہ نسب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مل جاتا ہے۔ائمہ اربعہ میں فقط آپ کو یہ شرف حاصل ہے کہ آپ قریشی النسب ہے۔شافع آپ کے جداعلیٰ تھے انھیں کی طرف نسبت کی وجہ سے ''شافعی'' کے نام سے مشہور ہوئے۔۱۵۰ھ میں صوبہ عسقلان میں بمقام غزہ پیدا ہوئے(۵)۔

امام شافعی دو برس کے تھے کہ ان کی والدہ ''ام الحسن بنت حمزہ بن القاسم بن یزید بن امام حسن'' انھیں عسقلان سے وطن حجاز لے آئی۔والدہ کا تعلق یمن کے قبیلہ الأزد سے تھا۔وہیں اپنے بیٹے سمیت رہائش اختیار کرلی۔امام شافعی کا گھرانہ فقر وفاقہ میں تھا۔لیکن والدہ کی مساعی جمیلہ سے سات برس کی عمر میں حفظ قرآن اور دس برس کی عمر میں ''مؤطا'' کو حفظ کرلیا(٦)۔

تنگدستی کے باوجود آپ نے تحصیل علم کا سلسلہ جاری رکھا۔چنانچہ حصول علم کے لئے آپ جو انتظام کرتے تھے

اس کے بارے میں خود فرماتے ہیں:

"لم يكن لي مال وكنت أطلب العلم في الحداثة وكنت أذهب إلى الديوان أستوهب الظهور فاكتب فيها"(۷)۔

میرے پاس وسائل کی کمی تھی اور ابتدائی عمر میں علم کے حصول میں لگ گیا۔ دفتر مال جاتا اور بلاعوض چمڑے وغیرہ حاصل کرتا اور اسمیں لکھتا رہا۔

زمانہ کے دستور کے مطابق فصاحت و بلاغت کے حصول کے لئے باہر بدوی قبائل میں بچوں کو بھیجا جاتا تھا۔ امام شافعی کو قبیلہ ھذیل (۸) بھیجا گیا۔ حضرت امام نے اس قبیلہ میں تقریبا سات سال گزارے۔ یہاں رہ کر آپ نے مختلف علوم وفنون کی تکمیل کی۔ تیراندازی، فن لغت، فن تاریخ، علم الانساب، عروض اور فراست میں اس قدر کمال پیدا کیا کہ میدان عرب نے آپ کو ماہر فن تسلیم کیا (۹) واپس مکہ آ کر اخبار العرب، ایام العرب، شعر وشاعری اور ادب کے دوسرے اصناف میں ہر طرف آپ کا چرچا ہونے لگا۔ کسی آدمی کے متوجہ کرنے پر آپ فقہ کی طرف مائل ہوگئے۔ آپ خود فرماتے ہیں۔

"فلما رجعت إلى مكة، جعلت أنشد الأشعار وأذكر الاداب والأخبار وأيام العرب فمر بي رجل من الزبيديين من بني عمي، فقال لي: يا أبا عبد الله عز علي ألايكون مع هذه اللغة وهذه الفصاحة والذكاء فقه' فتكون قدسدت أهل زمانك. قلت: فمن بقي نقصده، فقال لي: مالك بن أنس سيد المسلمين يومئذ فوقع في قلبي"(۱۰)۔

ھذیل میں سات سال گذارنے کے بعد جب مکہ لوٹ آیا تو اشعار پڑھنے لگا اور اخبار اور ایام العرب کا تذکرہ کرنے لگا تو قبیلہ کے کسی آدمی نے کہا۔ کہ اے ابوعبداللہ! ہمارے لئے یہ بات باعث اذیت ہے کہ زبان پر دسترس، فصاحت میں مہارت اور ذہانت کے ہوتے ہوئے فقاہت موجود نہیں۔ جس کے ذریعہ آپ اپنے معاصرین کے سردار بن پاتے۔ تو میں نے کہا کوئی ہے جس کا ہم (استفادہ فقہ کی غرض سے) قصد کریں۔ تو اس نے کہا: مالک بن انس اس وقت کے مسلمانوں کے سردار۔ میرے دل پر اس بات نے اثر کیا۔

چنانچہ مکہ مکرمہ میں مسلم بن خالد زنجی (متوفی ۱۸۰ھ) (۱۱) اور سفیان بن عینیہ (متوفی ۱۹۸ھ) (۱۲) اور ان جیسے دیگر محدثین سے حدیث میں استفادہ کے بعد مدینہ منورہ چلے گئے۔ اور امام مالک سے پوری موطا "قراءۃً" پڑھی (۱۳)۔

امام مالک کی وفات یعنی ۱۷۹ھ تک ان ہی کے دامن تربیت سے وابستہ رہے پھر یمن وعراق کی طرف علمی اسفار کیے۔ اور یہاں کے اہل علم اور ائمہ حدیث وفقہ سے استفادہ کیا۔ ان کے علاوہ امامِ شام امام اوزاعی کے شاگرد عمرو بن ابی سلمہ (متوفی ۲۱۴ھ) (۱۴) اور امام مصر لیث بن سعد (متوفی ۱۷۵ھ) (۱۵) کے تلمیذ یحیٰی بن حسان (۱۶) کے

سامنے زانوئے تلمذ تہہ کیے۔ خلیفہ ہارون الرشید کے عہد میں کچھ عرصہ کے لئے نجران کے والی مقرر ہوئے لوگوں نے سادات کی طرفداری کا الزام لگایا، گرفتار ہو کر ۱۸۴ھ میں خلیفہ وقت ہارون الرشید کے پاس رقہ لائے گئے۔ لیکن خلیفہ ہارون الرشید کے حاجب فضل بن الربیع (م ۲۰۷ھ) کی سفارش سے نہ صرف رہائی پائی اور بلکہ اپنے عہدے پر بھی بحال کیے گئے۔ مگر زیادہ عرصہ تک وہاں نہ رہ سکے، ملازمت چھوڑ دی اور عراق چلے گئے (۱۷)۔

امام ابوحنیفہ کے تلمیذ خاص محمد بن الحسن الشیبانی کے یہاں آمد ورفت شروع کی اور مدرسہ الشام اور مدرسہ المصر سے استفادہ کے بعد امام محمد سے فقہ حنفی کے اصول وفروع میں کمال حاصل کیا۔ اس سلسلے میں آپ نے خود فرمایا:

"حملت عن محمد بن الحسن حمل بختی ومرة قال بعیر لیس علیه الاسماعی منه" (۱۸)۔

میں نے امام محمد سے دو اونٹ کے بوجھ برابر علم کثیر سماع کر کے حاصل کیا۔

اسی طرح امام شافعی طریقہ علماء حدیث، طریقہ علماء حجاز بواسطہ امام مالک اور طریقہ علماء عراق بواسطہ امام محمد بن حسن تینوں کے جامع ہوئے۔ پھر مکہ واپس آئے اور وہاں آنے جانے والے علماء امصار سے تبادلہ خیال اور علمی استفادے کا مزید موقعہ ملا۔

چنانچہ مختلف علماء سے استفادے کی خاطر حجاز سے یمن، عراق، اور مصر میں بارہا اقامت پذیر ہوئے۔

حدیث وفقہ سمیت تمام مروجہ علوم میں سے ہر ایک میں امام شافعی نے اس قدر کمال حاصل کیا کہ ہر علم میں آپ کی مہارت تسلیم کی گئی۔ جس کا ثبوت معاصرین کے وہ اقوال ہیں جو آپ کے بارے میں کہے گئے۔ جن سے آپ کی جلالت علمی کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے۔ ابھی آپ کی عمر بیس سال بھی نہیں ہوئی تھی کہ آپ کے استاد مسلم بن خالد زنجی نے آپ کو مسند افتاء پر بیٹھنے کی اجازت دی اور کہا:

"یا أبا عبد الله أفت الناس آن لک واللّٰه أن تفتی وهو ابن دون العشرین سنة" (۱۹)۔

امام احمد بن حنبل نے کہا:

"الشافعی فیلسوف فی أربعة أشیاء فی اللغة، واختلاف الناس والمعانی والفقه" (۲۰)۔

امام شافعی چار علوم لغت، اختلاف الناس، معانی اور فقہ میں نامور عالم تھے۔ امام شافعی مسند تدریس پر رونق افروز ہونے کے بعد جہاں بھی گئے علمی قابلیت اور جاذب شخصیت کی وجہ سے مرجع خلائق بنے رہے اور خلق کثیر نے آپ سے استفادہ کیا۔ آپ کی سوانح سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے زیادہ تر تین جگہوں مکہ، عراق اور مصر میں سکونت اختیار کی جب کہ عمر کا کچھ حصہ یمن میں بسر کیا۔ ان تمام مقامات پر آپ کا علمی حلقہ قائم ہوتا رہا۔ مکہ میں جب آپ نوجوان تھے حرم میں آپ کا حلقہ درس شروع ہوا۔ تو آہستہ آہستہ سفیان بن عیینہ کے حلقہ درس تک دراز ہوا۔ پھر بعض مسائل میں استاد بھی آپ کی کی طرف رجوع کرنے لگے (۲۱)۔ اور یوں آپ کا حلقہ درس سب سے بڑا حلقہ بنا۔ آپ کے استاد مسلم بن خالد

زنجی نے آپ کو بیس سال سے کم عمر میں مسند افتاء پر بیٹھنے کی اجازت دی (۲۲) اس سلسلے میں ایک قول نقل کیا گیا ہے:

"وقفت بمكة على حلقة عظيمة و فيها رجل فسألت عنه : فقيل هذا محمد بن ادريس الشافعي" (۲۳)

مکہ مکرمہ میں قیام کے بعد غالباً ۱۹۵ھ میں جب امام شافعی بغداد تشریف لے گئے تو آپ کی آمد سے پہلے محدث عراق عبدالرحمٰن بن مہدی (متوفی ۱۹۸ھ) (۲۴) کے ذریعے اہل عراق آپ کی شہرت سن چکے تھے۔ نیز امام احمد بن حنبل کے ذریعہ بھی آپ کی یہاں شہرت ہو چکی تھی کیونکہ آپ مکہ میں امام شافعی کا علمی حلقہ دیکھ چکے تھے۔ بغداد میں بھی امام شافعی نے درس وتدریس کا حلقہ لگایا جو انتہائی سرعت کیساتھ جامع عراق میں سب سے بڑا حلقہ بنا۔ خطیب بغدادی (متوفی ۴۶۳ھ) کہتے ہیں:

" لما قدم الشافعي إلى بغداد كان في الجامع نيف وأربعون أوخمسون حلقة فلما دخل بغداد و ما زال يقعد في حلقة حلقة ويقول لهم: قال الله وقال الرسول، وهم يقولون: قال أصحابنا حتى مابقي في المسجد حلقة غيره"(۲۵)۔

امام شافعی جس وقت بغداد آئے تو جامع عراق میں چالیس یا پچاس کے اوپر حلقات درس قائم تھے۔ عراق آمد کے بعد آپ مسلسل ہر حلقہ میں جا کر اُن سے کہتے اللہ تعالیٰ نے یہ کہا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں کہا۔ جب کہ وہ حضرات یوں کہتے کہ ہمارے مشائخ نے یوں کہا۔ یہاں تک کہ جامع عراق میں آپ کے حلقہ کے علاوہ کوئی حلقہ باقی نہ رہا۔ یہاں آپ کو ناصر الحدیث کے شایان شان لقب سے نوازا گیا۔

بغداد میں قیام کے دوران امام شافعی نے اہل عراق میں اپنا طریق اجتہاد اور منہج استنباط متعارف کرایا جو اہل الرائے سے مختلف تھا۔ باشندگان عراق کی بڑی تعداد نے اس مذہب کو اختیار کیا اور اہل الرائے کے مذہب کو ترک کیا اور یہی امام شافعی کا مذہب قدیم یا عراقی مذہب کہلاتا ہے۔ اس دوران آپ نے اپنی "کتاب الحجۃ" مرتب کی اور عراق کے تلامذہ کبار نے اس کی روایت کی۔ عراق میں دو سال گزارنے کے بعد آپ پھر حجاز واپس ہوئے (۲۶)۔

۱۹۸ھ میں پھر عراق آئے اور چند مہینے قیام کے بعد مصر کا قصد کیا۔ مصر میں مالکی فقیہ عبد اللہ بن عبدالحکم (متوفی ۲۱۴ھ) (۲۷) کے پاس قیام کیا (۲۸) مکہ اور عراق کی طرح یہاں بھی آپ کا علمی حلقہ قائم ہوا۔ لیکن سابقہ حلقات سے یہ حلقہ مختلف نوعیت کا تھا۔ مکہ اور عراق میں آپ کا تعلیمی حلقہ روایات اور فقہی مباحث پر مشتمل ہوتا تھا جب کہ مصری حلقہ درس میں متنوع علوم زیر بحث آتے خطیب بغدادی کہتے ہیں :

"كما كان للشافعي حلقة في المسجد الحرام بمكة وثانية بالجامع الكبير في بغداد فقدصارت له حلقة أكبر و أرحب في جامع عمر وبالفسطاط ولكنها حلقة متعددة العلوم ومتنوعة الفروع ذالك أنه مايكا ديفرغ من صلاة الصبح حتىٰ يجيئه أهل

القرآن فيسالونه فإذا طلعت الشمس أ قاموا وجاء أهل الحديث فيسالونه عن معانيه وتفسيره فاذا ارتفعت الشمس قاموا واستوت الحلقة للمناظرة و المذاكرة فاذا ارتفع النهار تفرقوا و جاء أهل العربية والعروض والشعر والنحو حتى يقرب انتصاف النهار ثم ينصرف إلى منزله"(۲۹)۔

اہل مصر آپ پر ٹوٹ کر گرے۔ ہر طرف آپ کی شہرت کا ڈھنکا بجا۔ یمن، عراق اور دور دراز سے لوگوں نے آپ کا رخ کیا۔

آپ کے شاگرد ربیع بن سلیمان (متوفی ۲۵۶ھ) کہتے ہیں:

"والله لقد فشت فى الناس شهرته كما فشا ذكر على بن أبى طالب"(۳۰)۔

مصر آمد کے بعد آپ نے یہاں کے اجتماعی، معاشرتی اور اقتصادی حالات عراق اور حجاز سے مختلف پائے یہاں کے علماء کیساتھ بحث ومباحثہ اوران سے افادہ واستفادہ ہوا۔ اپنی آراء کا تنقیدی جائزہ لیا اور انجام کار بعض قدیم اقوال سے رجوع کیا اور یوں بہت سارے مسائل میں آپ کی رائے کے اندر تبدیلی آئی اوران کو ,,کتاب الام،، میں مدون کیا اور اس کا نام مذہب جدید رکھا (۳۱)۔

ان گونا گوں مشاغل نے آپ کی صحت پر شدید اثر کیا اور ۲۰۴ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا اور فسطاط کے مقام پر مدفون ہوئے۔

امام شافعی کا منہج استنباط:

امام شافعی کو اصحاب حدیث اور صحاب الرائے کے طریقہ اجتہاد کا جامع سمجھا جاتا ہے، تاریخی لحاظ سے ائمہ اربعہ میں امام شافعی تیسرے نمبر پر آتے ہیں۔ آپ سے پہلے دو ائمہ امام ابوحنیفہ اور امام مالک کے فقہی مذاہب وجود میں آئے تھے۔ اول الذکر مدرسۃ الرائے کے علمبردار اور فقہاء عراق کے زعیم مانے جاتے تھے۔ جب کہ مؤخر الذکر مدرسۃ الحدیث کے سرخیل اور علماء حجاز کے رئیس تسلیم کیے گئے۔ امام شافعی نے اہل حدیث اور اہل الرائے دونوں کے علوم کو جمع کیا۔ فقہ امام مالک اور فقہ امام ابوحنیفہ سے آگاہی حاصل کی۔ مشہور مورخ ابن خلدون (متوفی ۸۰۸ھ) کہتے ہیں کہ امام شافعی، امام مالک سے بلا واسطہ تحصیل علم کے بعد عراق گئے۔ اور امام ابوحنیفہؒ کے تلامذہ (بالخصوص امام محمد بن حسن الشیبانی) سے ملے اور اُن سے مزید علم حاصل کیا پھر اہل حجاز اور اہل عراق کے مسالک کو باہم ملا کر ایک نئے فقہی مسلک کی بنیاد رکھی اور اپنے مذہب میں بہت سے مسائل میں اپنے استاد امام مالک سے اختلاف کیا (۳۲)۔

ابن حجر عسقلانی (متوفی ۸۵۲ھ) فرماتے ہیں:

" انتهت رياسة الفقه بالمدينة الى مالك بن انس رحل اليه واخذ منه و انتهت

ریاسۃالفقہ بالعراق الی امام ابی حنیفه فاخذ عن صاحبه محمد بن الحسن حملا لیس فیه شی الا وقد سمعه علیه فاجتمع له علم اهل الرای وعلم اهل الحدیث فتصرف ذالک حتی اصل الاصول و قعد القواعد واذ عن له الموافق والمخالف واشتهر امره وعلاذکره وارتفع قدره حتی صارمنه ما صار،،(۳۳)۔

مدینہ کی ریاست فقہ امام مالک بن انس پرختم ہوتی تھی ان کی خدمت میں رہ کر اکتساب فیض کیا۔عراق کی ریاست فقہ امام ابوحنیفہ پرختم ہوتی تھی،ان کے شاگرد محمد بن الحسن سے ان کی مکمل فقہ سیکھی۔اس طرح اہل الرائے اور اہل الحدیث دونوں کا علم مجتمع ہوگیا پھر آپ نے اس علم کی روشنی میں اپنے اصول وقواعد وضع کئے،موافق ومخالف آپ کے فضیلت علمی کے معترف ہوئے۔آپ کوشہرت وقدرومنزلت حاصل ہوگئی اور آپ کیا سے کیا ہوگئے۔

امام شافعی تمام علوم وفنون بالخصوص فقہ،لغت اور حدیث وآثار کے متبحر عالم تھے اور عملی تجربہ بھی رکھتے تھے،فصیح البیان اور دقیق الفکر تھے۔استنباط مسائل اور معانی وعلل کی بحث وتمحیص میں کامل مہارت رکھتے تھے۔انہی خصوصیات کی بنا پر آپ میں بجا طور پر مدرسۃ الرأئے اور مدرسۃ الحدیث کے مناہج کو متحد کرنے کی پوری صلاحیت موجود تھی۔چنانچہ آپ نے قرآن وسنت اور فقہ اسلامی کے صحیح تناظر میں ہر دو مذاہب سے اخذ کیا اس طرح آپ کے فقہی مذہب میں دونوں سابقہ مذاہب کا اشتراک اور امتزاج پایا جاتا ہے۔

امام احمد بن حنبل فرماتے ہیں:

"....مازلنا نلعن أهل الرأی وهم یلعنوننا حتیٰ جاء الشافعی فمزج بیننا،،(۳۴)۔

کہ ہم (اصحاب حدیث) اہل رائے کو برا بھلا کہتے اور وہ ہمیں کہتے یہاں تک کہ امام شافعی نے آکر ہمارے درمیان امتزاج پیدا کیا۔مذہب شافعی میں مذہب اہل الرائے اور مدرسۃ الحدیث کا اس قدر اشتراک اور امتزاج پایا جاتا ہے کہ بعض محققین نے اس کو مساوی اور متوازن اشتراک قرار دیا(۳۵)جب کہ دیگر محققین کے نزدیک اشتراک کے باوجود مدرسۃ الرائے کی نسبت آپ مدرسۃ الحدیث کی طرف زیادہ مائل نظر آتے ہیں(۳۶)۔دونوں آراء کے لئے اپنی اپنی جگہ اگرچہ مؤیدات موجود ہیں تاہم آپ نے نہ اہل الرائے کا منہج پورے طور پر اپنایا اور نہ اہل حدیث کا۔آپ نے اہل عراق کے استحسان کا رد کیا جس طرح آپ تعامل اہل مدینہ کی تردید کرتے تھے۔اہل عراق کی تردید میں آپ کی تحریریں موجود ہیں۔تو تعامل اہل حجاز کی تردید میں بھی آپ ایک کتاب تحریر کر چکے ہیں۔اس اعتبار سے کہا جا سکتا ہے کہ مذہب شافعی میں دونوں مذاہب کا اشتراک مساوی ہے۔

دوسرے نقطۂ نظر کی تائید اس امر سے ہوتی ہے۔کہ مالکیوں کی طرح آپ کے متبعین کو بھی اہل الحدیث کہا جاتا ہے(۳۷)۔بلکہ اہل خراسان کی اصطلاح میں تو یہ رائج تھا کہ جب وہ علی الاطلاق اصحاب حدیث کہتے ہوتے تو اس سے وہ

شوافع مراد لیتے تھے(۳۸)۔

امام احمد بن حنبل کا قول نقل کیا گیا ہے:

" مـا أحد من أصحب الحديث حمل محبرة إلا و للشافعي عليه منة وسمعت الربيع ابن سـليـمان يقول مثل ذالک فقلنا يا أبا محمد كيف ذالک قال إن أصحاب الرأى كانوا يهزء ون بأصحاب الحديث حتى علمهم الشافعي وأقام الحجةعليهم"(۳۹)۔

مدرسۃ العراق اور مدرسۃ الحجاز میں آپ کی مشارکت مساوات والی ہو یا ترجیح والی ہو۔آپ کی شخصیت علم وادب اور علماء کی دنیا میں ایک عبقری اور انوکھی حیثیت سے ظاہر ہوئی۔آپ کو دوسری صدی ہجری کا مجدد قرار دیا گیا۔آپ نے اپنی تصنیف ''الرسالۃ'' میں اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ انہوں نے حنفی اور مالکی مسلک کے اصول وفروع دیکھ کر اور ان کی تمام کلیات وجزئیات پر نظر کر کے از سرے نو اصول وقواعد کو مرتب کیا اور ان میں جہاں کمی پائی یا اجمال دیکھا اسے مکمل کر دیا(۴۰)۔

چنانچہ آپ مستقل بالذات مجتہد تھے۔دونوں مکاتب فکر سمیت مدرسۃ الشام اور رمدرسۃ مصر سے استفادہ کیا اور امام مالک سے بالخصوص علمی تربیت پائی۔ان تمام مکاتب فکر سے بھرپور استفادہ کیا اور ان کے علمی احترام کا خیال رکھا۔اسباب فتوی کے میسر ہونے کے باوجود استاد کی موجودگی میں مسند افتاء پر بیٹھنا گوارا نہ کیا۔اور امام ابوحنیفہ کے بارے میں تو آپ کا قول:

" الناس فى الفقه عيال على أبى حنيفة"(۴۰)۔

شہرت تک پہنچا ہے۔لیکن جہاں علمی امانت اور دیانت کا تقاضا ہوا دونوں پر علمی گرفت اور نقد بھی کی۔

امام شافعیؒ کے اصول استنباط

امام شافعی پہلے امام ہیں جنہوں نے اپنے اجتہادی اصول اور مجتہدات خود مرتب کئے۔آپ نے باقاعدہ طور پر اپنے مذہب کے قواعد بذات خود وضع کیے اور ایسی کئی کتابیں تصنیف کیں جو آپ کے منہجِ استنباط اور اجتہادی اسلوب کو واضح کرتی ہیں۔آپ نے پانچ مصادر یا اصول پر اپنے فقہی مذہب کی بنیاد رکھی۔اپنی کتاب "الرسالۃ"، میں انہیں حلال اور حرام کا معیار قرار دیا:

" لیـس لأحـد أبـداً أن يقول فى شى حل أو حرم إلا من جهة العلم . وجهة العلم الخبر فى الكتاب أو السنة أوالا جما ع أوالقياس"(۴۱)۔

کسی شخص کے لئے کبھی بھی یہ جائز نہیں کہ کسی شے کہ بارے میں کہے کہ یہ حلال ہے یا حرام ہے۔الا یہ کہ علم کی بنیاد پر کہے اور علم کی بنیاد کتاب اللہ یا سنت کی خبر یا اجماع اور قیاس ہیں۔اپنی دوسری تالیف ''کتاب الام''، میں اس اجمال

کی تفصیل ان الفاظ میں کی:

''العلم طبقات شتیٰ: الأولی الکتاب أو السنة و الثانية الاجماع فیما لیس فیه کتاب و لا سنة ، الثالثة أن یقول بعض أصحاب النبی صلی الله علیه وسلم و لا نعلم له مخالفا من الصحابة فی قوله، الرابعة اختلاف أصحاب النبی صلی الله علیه وسلم فی ذالک ، الخامسة ، القیاس علی بعض الطبقات''(۴۲)۔

علم کے مختلف طبقات (مصادر) ہیں۔ پہلا طبقہ کتاب اللہ یا سنت نبوی ﷺ ہے۔ دوسرا کتاب وسنت کی عدم موجودگی کی صورت میں اجماع ہے۔ تیسرا صحابیؓ کا قول جس کا کوئی مخالف قول موجود نہ ہو۔ چوتھا صحابہؓ کے اختلافی اقوال۔ پانچواں ان میں سے کسی طبقہ پر قیاس۔ امام شافعی نے اپنے اصول اجتہاد اپنی دو مصنفات ''الرسالہ'' اور ''الام'' میں بیان کیے ہیں۔ ان کی ترتیب یوں ہے:

ا۔ کتاب اللہ

امام شافعی سب سے پہلے کسی مسئلہ کا حکم معلوم کرنے کے لئے قرآن کریم سے استدلال کرتے ہیں۔ قرآن حکیم قطعی الثبوت اور تمام شرعی احکام وقوانین کا مصدر اول ہے۔ آپ کے نزدیک اس وقت تک قرآن کے ظاہر پر عمل اور اس سے استدلال ضروری ہے جب تک کوئی ایسی دلیل موجود نہ ہو جس کی بنیاد پر ظاہری معنی کو چھوڑ کر اس کا کوئی دوسرا مفہوم مراد لیا جائے۔ امام شافعی پہلے شخص ہیں جنہوں نے عموم کو تین اقسام میں تقسیم کیا۔ امام ابو ثور (متوفی ۲۴۰ھ) (۴۳) فرماتے ہیں۔ امام شافعی جب ہمارے پاس تشریف لائے تو کہا کرتے تھے کہ کبھی اللہ تعالیٰ عام ذکر کرتے ہیں اور خاص مراد ہوتا ہے اور کبھی خاص ذکر کرتے ہیں اور عام کا ارادہ کرتے ہیں۔ ہم اس سے پہلے ان اشیاء کو نہیں جانتے تھے (۴۴)۔

۲۔ سنت

تمام مجتہدین کے ہاں کتاب اللہ کے بعد سنت رسول اللہ صلی علیہ وسلم کو شریعت اسلامیہ کے مصدر ثانی ہونے کی حیثیت حاصل ہے البتہ اسناد کے نقطہ ہائے نظر سے حدیث کی جو مختلف اقسام ہیں ان کے حوالہ سے مجتہدین کے آراء اور نقطہ ہائے نظر میں ضروری اختلافات واقع ہوئے ہیں۔ امام شافعی بھی کتاب اللہ کے بعد سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف رجوع کرتے ہیں اور اس کو مصدر تشریع قرار دیتے ہیں۔ البتہ وہ تشریعی نقطہ نظر سے قرآن وسنت کو ایک ہی مرتبہ میں رکھتے ہیں۔ حدیث کو اسی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور واجب الاتباع سمجھتے ہیں جس طرح قرآن حکیم کو دیکھتے ہیں۔ اس میں یقین وظن کا بھی فرق نہیں کرتے۔ حدیث کی اس تائید کی بناء پر علماء حدیث میں امام شافعی کو نہایت حسن قبول حاصل ہوا یہاں تک کہ آپ کو ''ناصر السنۃ'' کے نام سے موسوم کیا گیا (۴۵)۔

حدیث سے استدلال کے لئے امام شافعی یہ شرط لگاتے ہیں کہ حدیث متصل اور صحیح السند ہو اس کے بعد مزید

شرطیں نہیں لگاتے جب کہ احناف کے ہاں شرط ہے کہ راوی کا عمل روایت کے مخالف نہ ہو یا حدیث مشہور مضمون اور معنی کے اعتبار سے اس کی مؤید ہو۔ اور نہ امام مالک کی طرح یہ شرط لگاتے ہیں کہ اہل مدینہ کا عمل اس کے مطابق ہو (۴۶)۔

جس طرح کتاب اللہ کے بارے میں امام شافعی کا اصول یہ ہے کہ ظاہری معنی کو چھوڑ کر کوئی دوسرا مفہوم اختیار کرنے کی جب تک کوئی مضبوط دلیل نہ ہو، اس وقت تک ظاہری معنی مراد لیے جائیں گے۔ حدیث کے مصداق میں جب کئی معانی کا احتمال ہو تو وہ معنی مراد لینا اولی ہوگا جو ظاہر حدیث سے زیادہ قریب تر ہو۔

دو حدیث یا چند احادیث باہم متعارض ہوں تو آپ کا اصول یہ ہے کہ وہ حدیث لی جائے گی جس کی سند زیادہ صحیح ہو۔ اس کے راوی بلند پایہ اور محتاط ہوں۔ حنفی و مالکی فقہاء کے برخلاف امام شافعی حدیث منقطع سے استدلال نہیں کرتے (۴۷)۔

۳۔ اجماع

کتاب وسنت کے بعد تیسرے نمبر پر آپ اجماع کو مصدر تشریعی تسلیم کرتے ہیں۔ لیکن آپ کے ہاں ہر جگہ اجماع ممکن نہیں کیونکہ آپ کے ہاں اجماع وہ معتبر ہے جو عہد رسالت کے بعد ایک عصر کے تمام فقہاء اور مجتہدین کا کسی حکم شرعی کے بارے میں ہو گویا صحت اجماع کے لئے تمام امت کا اتفاق ضروری ہے اور یہ وہاں ممکن ہے کہ کسی منصوص حکم پر اجماع ہو جیسا کہ تعداد رکعات، تحریم خمر وغیرہ۔ گویا ایسا اجماع تائید نص کے لئے ہوا ہے۔ غیر منصوص اجتہادی امر پر آپ کے ہاں اجماع اسلئے مشکل ہے کہ تمام مجتہدین کی آراء پر مطلع ہونا ممکن نہیں کیونکہ آپ تمام مجتھدین کے اتفاق سمیت مزید شرط یہ لگاتے ہیں کہ فقہائے عصر میں سے کسی کے اختلاف کا ہمیں علم نہ ہو (۴۸)۔

اس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر کسی حکم پر تمام فقہاء کا اتفاق نہ ہو تو وہ ان کے نزدیک اجماع نہیں کہلائے گا اسی طرح اگر کسی ایک علاقے کے فقہاء اور مجتہدین کا کسی حکم شرعی پر اتفاق ہو تو وہ بھی امام شافعی کے نزدیک اجماع کے زمرے میں نہیں آئے گا۔ امام شافعی کے ہاں اجماع کے لئے تمام امت کا اتفاق اور کسی فقیہ کے اختلاف کا عدم علم ضروری ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ نے اجماع کی ایک قسم اجماع سکوتی کو رد کیا (۴۹) اجماع سکوتی یہ ہے کہ مجتہدین میں سے کوئی مجتہد اپنے اجتہاد سے کسی ایک نتیجہ پر پہنچے اور کوئی ایک رائے قائم کرے اور وہ رائے اس کے اپنے دور میں معروف ہو۔ دوسرے فقہاء اور مجتہدین اس سے آگاہ ہوں لیکن اس کی مخالفت نہ کریں۔ احناف اجماع کی اس قسم کو بھی حجت اور شرعی احکام کے لئے مصدر تسلیم کرتے ہیں۔

آپ نے امام مالک پر حجیت اجماع اہل مدنیہ کے سلسلے میں سخت رد کیا ہے اسلئے کہ آپ کے ہاں صحت اجماع کے لئے عالم اسلام کے تمام علماء کا اتفاق ضروری ہے جو کہ اہل مدینہ کے اجماع میں مفقود ہے (۵۰) اجماع کے سلسلے میں آپ صحابہؓ کے اجماع کو مقدم رکھتے ہیں اور پھر عامۃ المسلمین کے اجماع کو درجہ دیتے ہیں لیکن عمومی طور پر اس کو سنت حتیٰ کہ آحاد پر بھی ترجیح نہیں دیتے ہیں (۵۱)۔

البتہ اجماع صحابہؓ کو خبر واحد کے مقابلے میں حجت مانتے ہیں اور ترجیح دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ صحابہؓ کا اجماع خبر واحد سے بالاتر ہے۔ البتہ اجماع صحابہؓ نہ ہونے کی صورت میں خبر واحد پر عمل کیا جائے گا بشرطیکہ خبر واحد صحیح الاسناد ہو۔

۴۔ قول صحابیؓ

امام شافعیؒ کے نزدیک اقوال صحابہ کا مرتبہ کتاب وسنت اور اجماع کے بعد ہے لیکن قیاس پر مقدم ہے۔ اگر صحابیؓ کے قول کے مخالف کسی دوسرے صحابیؓ کا قول موجود نہ ہو تو اس کو لیا جائے گا۔ اگر کسی مسئلے میں صحابہؓ کے مختلف اقوال ہوں تو اس صحابیؓ کا قول اختیار کیا جائے گا جو قرآن وسنت یا قیاس صحیح کے موافق ہوگا۔ اس صورت میں آپ صحابہؓ کے اقوال سے باہر نہیں نکلتے، قول صحابی کو قیاس پر مقدم سمجھتے ہیں۔ آپ بار بار فرمایا کرتے تھے کہ صحابیؓ کی رائے ہماری رائے سے بہتر ہے اس لئے کہ وہ ہم سے ورع وتقوی میں افضل اور اجتہاد میں زیادہ علم والے تھے، جس بات پر ان کا اتفاق ہو وہ اجماع ہے اور جس میں اختلاف ہو، تو وہ قول ہم اختیار کریں گے جو قرآن وسنت اور اجماع کے زیادہ قریب ہو(۵۲)۔

جہاں صحابہ کے اقوال مختلف ہوں اور یہ معلوم نہ ہو سکے کہ کون سا قول کتاب وسنت سے زیادہ قریب ہے تو آپ خلفاء راشدین کے اقوال کو لیتے اور ان کو دوسرے اقوال پر ترجیح دیتے ہیں ورنہ قیاس سے استدلال کرتے ہیں(۵۳)۔

۵۔ قیاس

کتاب وسنت اور اجماع سے بھی جب کسی مسئلے میں کوئی راہنمائی نہیں ملتی تو امام شافعی پانچویں نمبر پر قیاس سے کام لیتے ہیں۔ امام شافعی وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے رائے صحیح اور غیر صحیح کے درمیان حد بندی کر دی۔ ان سے پہلے مجتہدین نے ایسے مسائل کا حکم معلوم کرنے کیلئے قیاس سے کام لیا ہے جہاں کتاب وسنت اور اجماع امت نے کسی حکم کی نشاندھی نہیں کی۔ لیکن امام شافعی سے پہلے اس کے بنیادی اور تفصیلی قواعد وضوابط مرتب نہیں کیے گئے تھے انہوں نے اس باب میں باضابطہ طور پر قواعد وضع کیے استاد ابوزہرہ کہتے ہیں۔

" فرسم حدود القیاس ورتب مراتبه وقوة الفقه الماخوذ عن القیاس بالسنة للفقه الماخوذ عن النص ثم بین الشروط التی یحب توافرها فی الفقیه الذی یقیس"(۵۴)۔

قیاس کی حدود کا تعین کیا اس کے مراتب کو بیان کیا اور بتایا کہ قیاس کا عمل کس حد تک جائز ہے۔ اور یہ بھی بتایا کہ وہ فقیہ جو قیاس کے ذریعے احکام کا استنباط کرتا ہے اسمیں کن شرائط کا ہونا ضروری ہے۔ انہوں نے قیاس کے باب میں امام مالک کی طرح تنگی اختیار کی ہے اور نہ اہل عراق یا فقہاء احناف کی طرح حد سے زیادہ توسع اختیار کیا ہے(۵۵) شاید یہی وجہ ہے کہ انہوں نے مالکیہ کے استصلاح کی طرح احناف و مالکیہ کے استحسان کی سختی سے تردید کی ہے۔ اور کتاب ابطال الاستحسان لکھی۔ وہ فرمایا کرتے تھے کہ جو استحسان کرتا ہے وہ شریعت وضع کرتا ہے۔ اپنے اس نظریے کی دلیل یوں دیتے تھے۔ کہ جب کوئی فقیہ قرآن وسنت اور اجماع وقیاس کے بعد استحسان سے حکم اخذ کرتا ہے تو یہ حکم مستحسن صرف اس معنی میں ہے کہ فقیہ ومجتہد نے اسے اچھا سمجھا ہے نہ کہ کتاب وسنت کی دلیل نے اسے اچھائی دی ہے۔ وہ یوں بھی کہتے تھے

کہ استحسان میں کتاب وسنت کی نص پر اعتماد نہیں ہوتا بلکہ مجتہد کی رائے پر اعتماد ہوتا ہے اور جس مسئلہ میں نص پر اعتماد نہ ہو وہ اجتہاد باطل ہے(۵۶)۔

حنفیہ اور مالکیہ کے ہاں اگر چہ استحسان نصوص پر اضافہ یا ان سے باہر کوئی چیز نہیں بلکہ قیاس ظاہر یا قاعدہ عامہ کے مقابلے میں قرآن وسنت کی نص سے استدلال کا نام ہے یا قیاس مرجوح پر راجح قیاس کو ترجیح دینے کا نام ہے اور امام شافعی اس کے مخالف نہیں۔ لیکن ہوسکتا ہے امام شافعی کو استحسان کی حقیقت اس مفہوم میں نہ پہنچی ہو اسلئے انہوں نے خیال کیا کہ استحسان ایسی رائے کی بنیاد پر اجتہاد کا نام ہے جسکے لئے کوئی معین منہج اور مخصوص قواعد مقرر نہیں (۵۷)۔

فقہ شافعی کی کتب میں مصالح مرسلہ کو بھی مصادر فقہ میں شمار نہیں کیا گیا بلکہ اسکو رد کیا گیا ہے۔ لیکن تحقیق اور تلاش سے پتہ چلتا ہے کہ فقہ شافعی میں مصالح مرسلہ کو قیاس میں شمار کیا گیا ہے اور اسکو قیاس القواعد کا نام دیا گیا ہے۔ گویا امام شافعی کے ہاں قیاس کی دو قسمیں ہوئیں۔ قیاس فی الفروع، اور یہی دیگر ائمہ مجتہدین کے ہاں بھی رائج ہے۔ اور قیاس القواعد، یعنی کسی واقعہ کو ایسا حکم دینا جس پر شریعت کے عمومی قواعد متفق ہوں اور یہ مصالح مرسلہ ہی کا دوسرا عنوان یا تعبیر ہے(۵۸)۔

اگر اہل سنت کے دیگر تینوں فقہی مذاہب سے مذہب شافعی کا تقابلی جائزہ لیا جائے تو کہا جا سکتا ہے کہ حنفی مذہب سے امام شافعیؒ نے تقریباً ستر (۷۰) فی صدی مسائل میں اختلاف کیا ہے۔ یہ اختلاف عبادات، معاملات غرض یہ کہ ہر فقہی شعبہ میں نظر آتا ہے۔ امام مالک کے مذہب سے امام شافعی نے تقریباً بیس (۲۰) فی صدی مسائل میں اختلاف کیا ہے۔ یہ اختلافات عبادات میں کم تر اور معاملات میں نمایاں ہیں۔ جب کہ مذہب حنبلی سے آپ کا بہت کم اختلاف دیکھنے میں آتا ہے۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ امام احمد ابن حنبل، امام شافعی کے ممتاز شاگرد تھے۔ انہوں نے اپنے استاد امام شافعی کے معینہ اصولوں کو کلیتاً تسلیم کیا اور اس پر عمل پیرا رہے۔ انہوں نے ان اصولوں میں دو باتوں کا اضافہ یا بالفاظ دیگر امام شافعی کے منہج استنباط میں ترمیم کی۔ اول۔ ہمارے قیاس سے اقوال صحابہ بہتر ہیں۔ دوم۔ خبر واحد قابل عمل ہے(۵۹)۔

تاہم اس سب کچھ کے باوصف امام شافعی کے اجتہادی اسلوب اور فقہی مذہب پر اتباع سنت کی گہری چھاپ نظر آتی ہے۔ امام شافعی خود رقم طراز ہیں:

''اذا وجدتم فی کتابی خلافا لسنة رسول الله ﷺ فقولوا بها ودعوا ما قلته''(۶۰)۔

اگر تم میری کتاب میں سنت رسول ﷺ کے خلاف کچھ پاؤ تو اس کی نشاندہی کرو اور میری بات کو چھوڑ دو۔

آپ کے شاگرد امام اسماعیل ابن یحییٰ المزنی (متوفی ۲۶۴ھ) فرماتے ہیں کہ امام شافعی نے فرمایا:

''اذا وجدتم سنة صحيحة فاتبعوها ولاتلتفتوا الى قول احد''(۶۱)۔

اگر تمہیں سنۃ صحیحہ ملے تو اس کی اتباع کرو اور کسی کے قول کی طرف توجہ نہ دو۔

خلاصہ بحث

۱۔ ائمہ اربعہ میں امام شافعیؒ قریشی النسب ہیں اور ان کو بجا طور پر اصحاب حدیث اور اصحاب الرائے کے طریقہ اجتہاد کا جامع سمجھا جاتا ہے۔ انہوں نے حجاز، عراق سمیت یمن، شام اور مصر کے دبستان فقہ کو اپنے اجتہادی اسلوب میں سمولیا ہے۔

۲۔ ابتداء میں امام شافعی فقہ مالکی کے متبع تھے۔ بغداد آمد اور یہاں کے فقہاء سے استفادہ کے نتیجے میں مخصوص فقہی مذہب کے بانی اور امام بنے جو ان کا عراقی مذہب یا مذہب قدیم کہلاتا ہے۔ بعد میں جب مصر میں مقیم ہوئے تو اپنے بعض اقوال سابقہ کو ترک کیا اور یہی ان کا مذہب مصری یا مذہب جدید کہلاتا ہے۔

۳۔ امام شافعیؒ پہلے شخص ہیں جنہوں نے اپنے مذہب کے اصول اور مجتہدات بذات خود مرتب کئے۔

۴۔ وہ کتاب، سنت، اجماع اور قیاس چاروں مصادر سے مسائل کا استنباط کرتے تاہم احناف کے استحسان اور مالکیوں کے مصالح مرسلہ کو بالعموم تسلیم نہیں کرتے تھے۔

حواشی وتعلیقات

۱۔ محمد یوسف موسیٰ: تاریخ الفقه الإسلامی (قاہرہ دارالکتاب العربی، ۱۹۵۸ء) ص ۲۵۴۔

۲۔ حضرت علیؓ کے مذکورہ الفاظ امام ابوزہرہ نے ذکر کیے ہیں تاہم مؤطا میں اس روایت کے الفاظ یوں آئے ہیں: ''اذا شرب سکر واذا سکر هذی واذا هذی افتری'' امام مالک بن انس: المؤطا، ط/۱، (دارالنفائس الریاض، ۱۴۱۸ھ/۱۹۹۷ء) کتاب الاشربه، باب الحد فی الخمر ص ۵۱۸۔

۳۔ ابوزہرہ، محمد الشیخ: اصول الفقه (مصر دارالفکر العربی ۱۳۷۷ھ/۱۹۵۸ء) ص ۹۔

۴۔ فاروق حسن، ڈاکٹر: فن اصول فقہ کی تاریخ، (دارالاِشاعت، اردو بازار لاہور، ۲۰۰۶ء) ص ۱۳۱۔

۵۔ ابن عبدالبر ابوعمر یوسف الحافظ: الانتقاء فی فضائل الائمة الثلاثه الفقهاء (ط/۱حلب، مکتبہ مطبوعات الاسلامیہ ۱۴۱۷ھ۔ ۱۹۹۷) ص ۱۱۶۔ نیز ملاحظہ کیجئے: السائیس، محمد علی: تاریخ الفقہ الاِسلامی، (بیروت لبنان، دارالکتب العلمیۃ ط/۱، ۱۴۱۰ھ/۱۹۹۰ء) ص ۱۶۔

۶۔ الرازی، فخرالدین: مناقب الشافعی (طبع مصر ۱۳۷۰ھ) ۱۳۲۹/۱ السائیس، محمد علی، تاریخ الفقہ الاسلامی، ص ۱۱۸۔

۷۔ ابن عبدالبر: الانتقاء فی فضائل الائمة الثلاثة الفقهاء ص ۱۲۰۔ نیز ملاحظہ کیجئے: خطیب بغدادی: تاریخ بغداد ۵۹/۳۔

۸۔ قبیلہ الہذیل: ہذیل بن مدرکہ کی طرف منسوب قریشی قبیلہ ہے، ہذیل بن مدرکہ کے دو بیٹے، سعد اور لحیان سے ان کی نسل آگے چلی دیکھئے: ابن حزم: جمهرة أنساب العرب ۸۸/۱۔

۹۔ الرازی، فخرالدین: مناقب الشافعی، ص ۶۹۔

۱۰۔ یاقوت الحموی: معجم الأدباء: (بیروت، لبنان، داراحیاء التراث العربی) ۳۷۵/۶/۵۔ ترجمہ محمد بن ادریس، نیز ملاحظ کیجئے۔ محمد علی السائیس: تاریخ الفقه الاسلامی، ص ۱۱۸۔

۱۱۔ مسلم بن خالد الزنجی: آپ کا پورا نام مسلم بن خالد بن مسلم بن سعید القرشی المخزومی، اور الزنجی کے لقب سے مشہور تھے۔ انتہائی سُرخ رنگت کی وجہ سے الزنجی کے لقب سے ملقب تھے۔ تابعی اور کبار فقہاء میں سے تھے۔ اور اہل مکہ کے امام تھے۔ امام شافعی نے امام مالک سے پہلے آپ ہی سے تفقہ حاصل کیا۔ ۱۸۰ھ میں انتقال ہوا۔ دیکھئے: الذهبی: سیر أعلام النبلاء، ۱۷۶/۸؛ الزرکلی: الأعلام، ۲۲۲/۷۔

۱۲۔ سفیان بن عیینہ: آپ کا پورا نام ابوعبداللہ سفیان بن عیینہ بن ابی عمران میمون الکوفی، المکی الہلالی ہے۔ ۱۰۷ھ میں کوفہ میں پیدا ہوئے اور ۱۹۸ھ میں مکہ میں آپ کا انتقال ہوا۔ امام اَعمش، جریج، شعبہ اور محمد بن ادریس الشافعی نے آپ سے روایت کی۔ دیکھیے: ابن العماد، عبد الحی الحنبلی: شذرات الذہب فی أخبار من ذہب (ط/ جدید، بیروت، داراحیاء التراث العربی) ۳۵۴/۱۔

۱۳۔ ابن عبد البر: الا نتقاء فی فضائل ائمة الثلاثة الفقهاء، ص ۱۱۸۔

۱۴۔ عمرو بن ابی سلمہ آپ اصلاً دمشق کے تھے۔ تنیس میں سکونت اختیار کی اس لئے ابوحفص التنیسی کے نام سے مشہور ہوئے۔ امام اوزاعی اور اس طبقے کے دوسرے ائمہ سے روایت کی۔ ۲۱۴ھ میں انتقال ہوا۔ دیکھیے: العسقلانی: تہذیب التہذیب، ۸/ ۴۳؛ الذہبی أحمد بن عثمان: سیر أعلام النبلاء، تحقیق: شعیب الارناوؤط وحسین الاسد، ط/ موسسۃ الرسالۃ بیروت، ۱۴۰۲ھ، ۹۶/۳۔

۱۵۔ لیث بن سعد: آپ کا پورا نام ابوالحارث لیث بن سعد بن عبدالرحمٰن ہے۔ ماہِ شعبان ۹۴ھ میں قاہرہ کے قریب ایک بستی قلقشندہ میں پیدا ہوئے۔ اپنے وقت میں اہلِ مصر کے امام تھے۔ امام شافعی نے آپ کے بارے میں کہا: ''اللیث افقہ من مالک الا ان اصحابه لم یقوموا به'' ماہِ شعبان ۱۷۵ھ کو مصر میں انتقال ہوا۔ دیکھیے: ابن خلکان، ابوالعباس شمس الدین احمد بن محمد بن ابی بکر: وفیات الاعیان وانباء ابناء الزمان، تحقیق: دکتور احسان عباس، بیروت دار الصادر، ۱۲۸/۴۔۱۲۹؛ الذہبی، محمد بن احمد بن عثمان شمس الدین الامام: تذکرہ الحفاظ (ط/۱، بیروت، لبنان، دار الکتب العلمیة ۱۴۱۹ھ/ ۱۹۹۸ء) ۱۶۵/۱۔

۱۶۔ یحییٰ بن حسان: آپ کا پورا نام ابوزکریا یحییٰ بن حسان بن حیان البکری التنیسی ہے۔ ۱۴۴ھ میں پیدا ہوئے۔ امام لیث بن سعد، مالک بن انس اور اس طبقہ کے ائمہ سے روایت کی اور امام شافعی، عبداللہ بن عبدالرحمٰن الدارمی، ربیع المرادی اور یونس بن عبدالاعلی وغیرہ نے آپ سے روایت کی۔ ۲۰۸ھ میں انتقال ہوا۔ دیکھیے: العسقلانی، احمد بن حجر الحافظ: تہذیب التہذیب ط/۲ (بیروت، دار احیاء التراث العربی ۱۴۱۳ھ ۱۹۹۳ء) ۱۹۷/۱۱؛ الذہبی أحمد بن عثمان: سیر أعلام النبلاء، تحقیق: شعیب الارناؤط وحسین الاسد، ط/ موسسۃ الرسالۃ بیروت، ۱۴۰۲ھ، ۱۲۹/۱۰۔

۱۷۔ السائیس: تاریخ الفقہ الاسلامی، ص ۱۱۸۔ نیز امام شافعی کی گرفتاری اور رہائی کی تفصیل کے لئے۔ دیکھیے: رئیس احمد جعفری: سیرتِ ائمہ اربعہ، کراچی، لاہور، حیدرآباد شیخ غلام اینڈ سنز، ص ۳۳۰۔۳۳۳۔

۱۸۔ ابن عبد البر: الا نتقاء فی فضائل ائمة الثلاثة الفقهاء طبع اولی حلب مکتبہ مطبوعات الاسلامیہ ۱۴۱۷ھ، ص ۱۱۹۔

۱۹۔ خطیب بغدادی: تاریخ بغداد ۶۴/۲؛ ابن عبدالبر: الانتقاء فی فضائل الائمة الثلاثة الفقهاء، ص ۱۳۱

۲۰۔ مصطفیٰ الشکعة الدکتور: الائمہ الاربعہ طبع رابع بیروت دار الکتاب اللبنانی ۱۹۹۸ء، ص۔ ۲۵۔ (ترجمہ الامام الشافعی)۔

۲۱۔ یاقوت الحموی: معجم الأدباء: (بیروت، لبنان، دار احیاء التراث العربی) ۳۰۰/۱۷ (ترجمہ محمد بن ادریس)

۲۲۔ خطیب بغدادی، ابوبکر احمد بن علی: تاریخ بغداد بیروت دار الکتاب العربی، ۶۴/۲؛ ابن عبدالبر: الانتقاء فی فضائل الائمة الثلاثة الفقهاء، ص، ۱۳۱۔

۲۳۔ یہ قول عبداللہ بن محمد بن ہارون الغریانی کا ہے جسے علامہ الحموی نے نقل کیا ہے۔۔ دیکھئے: معجم الادباء ص ۳۹۲/۶۔

۲۴۔ عبدالرحمٰن بن مہدی: آپ کا پورا نام ابوسعید عبدالرحمٰن بن مہدی بن حسان بن العنبری، اللؤلؤی البصری ہے۔ ۱۳۵ھ میں بصرہ میں پیدا ہوئے۔ بصرہ کے کبار حفاظ حدیث میں سے تھے۔ امام شافعی نے آپ کے بارے میں کہا: ''لا اعرف لہ نظیرا فی الدنیا'' ۱۹۸ھ میں بصرہ ہی میں انتقال ہوا۔ الإصفهانی: حلية الأولياء وطبقات الاصفياء، دار الکتاب العربی، ۱۴۰۰ھ، ۳/۹؛ الزرکلی، خیر الدین: الأعلام، دار العلم للملایین ۱۱۵

۲۵۔ ۳۰۳۔ خطیب بغدادی: تاریخ بغداد، ۶۸/۲۔

۲۶۔ حسین حامد حسان، الدکتور: المدخل لدراسۃ الفقہ الاسلامی: (قاهره مکتبة المثنی) ص۔ ۱۰۴، نیز ملاحظہ کیجئے۔ زیدان، عبدالکریم، دکتور، المدخل لدراسة الشریعه الا سلامیه، ط/۶، مکتبۃ القدس موسہ الرسالہ) ص ۱۶۸۔

۲۷۔ عبداللہ بن عبدالحکم: آپ کا پورا نام عبداللہ بن عبدالحکم بن اعین بن اللیث تھا۔ مصری فقیہ اور امام مالک کے اجلہ تلامذہ میں سے تھے۔ مصر میں امام شافعیؒ آپ کے ہاں فروکش رہے۔ اور آپ ہی کے ہاں امام شافعیؒ کا انتقال ہوا۔ ۲۱۴ھ میں آپ کا انتقال ہوا۔

دیکھیے: ابن فرحون: الدیباج المذہب فی معرفۃ اعیان المذہب (ط/ ا، دار الکتب العلمیۃ بیروت، لبنان، ۱۴۱۷ھ ۱۹۹۶ء) ص ۳۳۷؛ یحییٰ مراد، دکتور: معجم تراجم أعلام الفقهاء (ط/ ا، دار الکتب العلمیۃ بیروت، لبنان، ۱۴۲۵ھ ۲۰۰۴ء) ص ۲۰۲۔

۲۸۔ حسین حامد حیان الدکتور: المدخل لد راسة الفقه الاسلامی، ص ۱۰۵۔

۲۹۔ خطیب بغدادی، تاریخ بغداد، ۶۰/۲۔ الحموی: معجم الأدباء، ۶ / ۳۸۳۔

۳۰۔ العسقلانی، ابن حجر: توالی التاسیس بمعالی محمدبن ادریس (مصر، مطبعه امیر یه ببولاق ۱۳۰۱ھ) ص ۵۹۔

۳۱۔ ابن کثیر عماد الدین اسماعیل بن عمر، البداية و النهاية (قاہرۃ مطبع السعادۃ) ۱۳۴۱ھ) ۲۵۲/۱۰؛ النووی: المجموع شرح المهذب ۱/۷، نیز ملاحظہ کیجئے: حسین حامد حسان: المدخل لدراسۃ الفقہ الاسلامی ص ۱۰۵، زیدان، عبد الکریم: المدخل لدراسته الشريعة الا سلاميه، ص ۱۲۸۔

۳۲۔ ابن خلدون: مقدمہ (ط/ ا بیروت، لبنان، مؤسسه الکتب الثقافیه و مكة المكرمة، المکتبه التجاريه ۱۴۱۴ھ) ۱۳/۲۔

۳۳۔ العسقلانی، ابن حجر: توالی التاسیس بمعالی محمدبن ادریس (مصر، مطبعہ امیریہ ببولاق ۱۳۰۱ھ) ص ۵۴۔

۳۴۔ قاضی عیاض: ترتیب المدارک وتقریب المسالک لمعرفة مذهب مالک، دار بکتبة الفکر، طرابلس لیبیا، ۹۱/۱، ۱۸۱/۳۔

۳۵۔ یہ رائے شیخ ابوزہرہ مصری کی ہے ملاحظہ کیجئے: الشافعی حیاته و عصره و آراء ه وفقهه، دار الآفاق الجدیده، ۱۹۵۸ء، ص ۱۱۔

۳۶۔ الشر باصی، احمد، دکتور: الائمه الاربعة، بغداد مطبعة الارشاد، ص ۱۵۰۔

۳۷۔ السبکی: تاج الدین، طبقات الشافعية الکبریٰ (القاهره، الطبعة الهینیه ۱۳۲۴ھ) ۲۸۵/۳

۳۸۔ السبکی: طبقات الشافعية الکبری، ۲۸۵/۳۔

۳۹۔ امام احمد بن حنبل کا یہ قول حافظ ابن عبد البر نے نقل کیا۔ دیکھئے: الا نتقاء فی فضائل ائمة الثلاثة الفقهاء، ص ۱۲۹۔

۴۰۔ الشافعی، محمد بن ادریس،: الرسالہ، دار الفکر بیروت، ص ۶۸۔

۴۱۔ الشافعی: الرسالہ، ص ۳۹۔ ۵۸۔

۴۲۔ الشافعی: کتاب الأم، طبع ثانیہ، دار الفکر ۱۴۰۳ھ ۱۹۸۳ء، ۳۴۶/۷۔ ابو زہرہ: تاریخ المذاہب الاسلامیہ۔ ص ۴۶۶؛ ابن قیم: اعلام الموقعین، طبع ۱۹۸۲، بیروت دار الجیل للنشر، ۱۷۹/۳۔

۴۳۔ ابوثور: آپ کا پورا نام ابراہیم بن خالد بن ابی الیمان الکلبی اور کنیت ابوثور تھی۔ سفیان بن عیینہ اور امام شافعی سے استفادہ کیا جبکہ امام ابو داؤد اور امام مسلم نے آپ سے استفادہ کیا۔ ۲۴۰ھ میں انتقال ہوا۔ دیکھئے: خطیب بغدادی: تاریخ بغداد، ۶/ ۶۵؛ العسقلانی: تهذیب التهذیب، ۱۱۸/۱؛ الذہبی: تذکرۃ الحفاظ، ۸۷/۲۔

۴۴۔ مصطفی الشکعته، دکتور: الائمة الاربعة، ص ۱۲۱، ۱۲۳۔ نیز ملاحظہ کیجئے سعد جبالی عبد الرحیم: المدخل

لدراسته الفقه الا سلامی (ط۱۹۹۰)ص۲۲۴۔

۴۵۔ خطیب بغدادی: تاریخ بغداد،۶۸/۲۔نیز ملاحظہ کیجئے حسین حامد حسان: المدخل لدراسة الفقه الاسلامی،ص۱۰۶،۱۰۷۔

۴۶۔ حسین حامد حسان: المدخل لدراسۃ الفقہ الاسلامی،ص۱۰۶۔نیز ملاحظہ کیجئے: زیدان، عبدالکریم: المدخل لدراسة الشریعه الاسلامی،ص۱۲۹۔

۴۷۔ حسین حامد حسان: المدخل لدراسة االفقه الاسلامی،ص۱۲۹۔

۴۸۔ العروسی: محمد تاج عبد الرحمن ، دکتور: الفقه الإسلامی فی میزان التاریخ(ط/۱،۲۰۰۳م)ص۱۹۲۔

۴۹۔ الشافعی: الأم،۷/۱۴۴۔

۵۰۔ العروسی : الفقه الاسلامی فی میز ان التاریخ،ص۱۹۲۔

۵۱۔ سعد جبالی عبدالرحیم: المدخل لدراسه الفقه الاسلامی،ص۲۸۵۔

۵۲۔ العروسی: الفقه الاسلامی فی میزان التاریخ،ص۱۹۲۔

۵۳۔ زیدان ، عبدالکریم: المدخل لدراسة الشریعة الاسلامیة، ص۱۲۹،ابوزہرہ: الامام الشافعی:ص۴۵ومابعد۔

۵۴۔ ابوزهرة: الامام الشافعی ،ص۲۶۷۔

۵۵۔ محمد یوسف موسی: المدخل لدراسته الفقه الاسلامی،ص۱۵۳۔

۵۶۔ العروسی : الفقه الاسلامی فی میزان التاریخ،ص۱۹۳۔حسین حامد حسان: المدخل لدراسته الفقہ الاسلامی،ص۔۱۰۷۔

۵۷۔ حسین حامد حسان : المدخل لدراسته الفقه الا سلامی ،ص۱۰۸۔

۵۸۔ ایضاً۔

۵۹۔ رئیس احمد جعفری: سیرت ِ ائمه اربعه،ص۴۸۰۔۴۸۱۔

۶۰۔ مصطفی،محمدآفندی،کتاب الجواهر النفیس فی تاریخ حیاۃالامام محمد بن ادریس،المطبعه الحسینیة المصریة۱۳۲۶ھ۔۱۹۰۸ءص۳۔

۶۱۔ العسقلانی، ابن حجر: توالی التاسیس بمعالی محمدبن ادریس . (مصر، مطبعه امیر یه ببولاق ۱۳۰۱ھ) ص۶۳۔

تعليم اللغة العربية في باكستان لفهم القرآن

الدكتور محمد علي غوري *

إن اختلاف ألسنة الناس من آيات الله تعالى. يقول الله عز وجل:﴿وَمِنْ آيَاتِهِ خَلْقُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافُ أَلْسِنَتِكُمْ وَأَلْوَانِكُمْ إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِلْعَالِمِينَ﴾[1]. كما فضل الله أماكن على أماكن حين قال رسوله الأمين: "لا تشد الرحال إلا إلى ثلاثة مساجد." رواه الشيخان، وكما فضل الله أياماً على أيام، حين فضل يوم الجمعة على بقية الأيام، كذلك فضل اللغة العربية على غيرها من اللغات، فاختارها لغة لكتابه عزّ وجل الخالد الذي تكفل بحفظه إلى قيام الساعة حيث قال: ﴿إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ﴾[2] ، وهي لغة النبي الكريم صلى الله عليه وسلم التي بلغ بها دعوة ربه العظيمة في ثوبها الأخير، وقد كتب بهذه اللغة تراث ضخم منطلقاً من القرآن والسنة لم يكتب مثله في أية لغة أخرى.

لو تدبرنا في أمر لغات العالم قاطبة لا نكاد نجد لغة منها بقيت على حالها أكثر من مائة سنة دون أن يصيبها تغيير أو تبديل سوى اللغة العربية، وكيف تتغير أو تتبدل وهي يتلى بها آناء الليل وأطراف النهار في أرجاء المعمورة كلها.

وتتميز اللغة العربية بخصائص فريدة أهمها أن الله شرفها بإنزال كتابه الخالد بها للبشرية قاطبة عن طريق محمد صلى الله عليه وسلم أفصح العرب، وذلك حين قال: "أنا أفصح العرب بيد أني من قريش." أخرجه الطبراني.

ثمة حقيقة ثابتة أثبتها الواقع والتاريخ وهي أن كل اللغات ترتبط بحضارات أهلها وثقافاتهم وتقاليدهم، وأن اللغة والحضارة يتناسبان تناسباً طردياً، أي أن اللغة ظاهرة اجتماعية قبل أن تكون ظاهرة لغوية، تعيش مع المجتمع، فتضعف بضعفه وتقوى إذا قوي. وهكذا كان الحال مع اللغة العربية، فقد كانت في بداية عهدها لغة بسيطة محدودة في جزيرة العرب لا يأبه بها ولا بأصحابها أحد، لأن المجتمع العربي نفسه لم يكن يملك أسباب الحضارة كما كانت تملكها الدول المجاورة، وحين شرفها الله بأن تكون لغة القرآن الكريم ولغة رسوله صلى الله عليه وسلم، واتسعت رقعة العالم الإسلامي ونشأت الحضارة الإسلامية وظهرت العلوم الكثيرة بها، وتحقق التقدم فيها، أصبح لهذه اللغة شأن آخر، فاتسعت واحتوت كل تلك العلوم وأسباب الحضارة التي سادت بها العالم آنذاك.

* الأستاذ المشارك ورئيس مركز اللغة العربية، كلية اللغة العربية، الجامعة الإسلامية العالمية، إسلام أباد، باكستان.

أهمية اللغة العربية كلغة دينية

أدرك المسلمون أهمية اللغة العربية لكونها لغة كتاب ربهم، فسارعوا إلى دراستها والاهتمام بها، وحين انتشر الإسلام في أنحاء المعمورة في البلاد المفتوحة، ودخل الناس في دين الله أفواجاً، وخاصة من غير العرب، شاع اللحن، فسارع المسلمون الأوائل إلى ضبط المصحف ووضع علم النحو والصرف وغيرها من علوم العربية. إذن كان الدافع الديني –أكثر من غيره– وراء الاهتمام باللغة العربية وتطورها وازدهارها وانتشارها في كل العالم. يقول أبو منصور الثعالبي: "من أحب الله تعالى أحب رسوله محمداً صلى الله عليه وسلم، ومن أحب الرسول العربي أحب العرب، ومن أحب العرب أحب العربية التي نزل بها أفضل الكتب على أفضل العجم والعرب، ومن أحب العربية عنى بها وثابر عليها، وصرف همته إليها، ومن هداه الله للإسلام وشرح صدره للإيمان وآتاه حسن سريرة فيه، اعتقد أن محمداً صلى الله عليه وسلم خير الرسل والإسلام خير الملل والعرب خير الأمم والعربية خير اللغات والألسنة، والإقبال على تفهمها من الديانة، إذ هي أداة العلم ومفتاح التفقه في الدين وسبب إصلاح المعايش والمعاد، ثم هي لإحراز الفضائل، والاحتواء على المروءة وسائر أنواع المناقب كينبوع للماء والزند للنار"(3).

وتتميز اللغة العربية بين اللغات الأخرى بمكانة خاصة أهلتها لأن تكون وعاءً لأعظم كتاب أنزله رب العالمين.

كانت اللغة العربية قوية حين كان أصحابها أقوياء، وحين ضعفوا وتفككوا وأصبحوا دويلات وبلدان، وأصبح كل حزب بما لديهم فرحون، تآمر أعداء الإسلام عليهم وتقاسموهم فيما بينهم، وتداعوا عليهم كما يتداعى الأكلة إلى قصعتهم، وفتّوا في عضدهم، وقد كانوا يتحينون كل فرصة سانحة لينقضوا عليهم منذ زمن الحملات الصليبية حتى الآن مروراً بفترة الاستعمار الغربي لبلاد المسلمين. وكان طمس اللغة العربية ومحاربتها من أهم أسلحة الاستعمار لتحقيق أهدافه الخبيثة، ليحول بين المسلمين ودينهم المرتبط بهذه اللغة ارتباطاً لا ينفك. وهذا ما حدث في كثير من البلاد الإسلامية ومنها شبه القارة الهندية التي كانت تخضع كلها لحكم المسلمين قبل الاستعمار أو الاستخراب الإنجليزي عام 1858م، وحين خرج منها بعد حكم دام قرابة مائة عام، وذلك في عام 1947م كان المسلمون قد أصبحوا أضعف الأقوام والأمم وأفقرها، بينما حظي الهندوس بمكانة خاصة في العهد الإنجليزي.

كما أن الاهتمام باللغة العربية من قبل المسلمين –من العرب ومن غير العرب– كان لدوافع دينية، فكذلك كانت أهداف الاستعمار الغربي لبلاد المسلمين دينية محضة، وإن بدت اقتصادية أو سياسية حسب الظاهر.

بداية يجب أن نفهم جيداً أن اللغة العربية هي لغة الإسلام والمسلمين وليست خاصة بالعرب، فهي لغة الدين الذي أدان به الناس في الشرق والغرب؛ من العرب ومن غيرهم. وعندما فتحت البلاد المختلفة من مصر والشام والعراق والأندلس دخل أهلها في الإسلام، وأقبلوا على اللغة العربية يتعلمونها حباً في الدين الذي أنقذهم من الضلال ونقلهم من الظلمات إلى النور، فكان منهم أمثال عبد القاهر الجرجاني وسيبويه والخوارزمي والجاحظ والقرطاجني وآخرون اهتموا بهذه اللغة اهتماماً كبيراً، وأصبحوا حجة فيها يرجع إليهم في تخصصاتهم حتى العرب أنفسهم، وبرز منهم أئمة في التفسير والحديث والفقه والأدب وما إلى ذلك.

تاريخ اللغة العربية في شبه القارة الهندية

إن اللغة العربية من شعائر الإسلام التي أُمر المسلمون بالمحافظة عليها، وقد عدها الإسلام من تقوى القلوب، انطلاقاً من قوله تعالى: ﴿ذَلِكَ وَمَنْ يُعَظِّمْ شَعَائِرَ اللَّهِ فَإِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوبِ﴾[4]، وبناء على ذلك أصبحت المحافظة عليها مسئولية كل مسلم من العرب ومن غيرهم.

تعد الهند واحدة من بلاد العالم التي وصلها الإسلام مبكراً عبر الفتوحات الإسلامية الأولى وعبر العلاقات التجارية البرية والبحرية، فقد فتحها القائد المسلم الشاب محمد بن القاسم الثقفي أثناء ولاية عمه الحجاج بن يوسف الثقفي عام 92هـ، وسيطر على بعض الأجزاء من الهند، ثم توسعت الفتوحات في زمن الأمويين والعباسيين فيما بعد. ولكن هذه الفتوحات توقفت بمجيء الخليفة العباسي المهدي، حين اشتد النزاع بين القبائل العربية التي هاجرت إلى هذه البلاد خلال المائة الأولى من دخول الإسلام فيها، ورغم ذلك استمرت الدعوة الإسلامية، واستمر الإسلام ينتشر فيها عن طريق التجار المسلمين، الذين كانوا تجاراً ودعاة في نفس الوقت، وجذور العلاقات التجارية بين الهند والعرب قديمة جداً تعود إلى ما قبل الفتح بمئات السنين. بعد الفتح استقرت الثقافة الإسلامية في المنطقة بشكل رسمي في أرجاء كثيرة من الهند، وكانت اللغة العربية هي اللغة الرسمية للحكام، وفي المراكز العلمية التي سرعان ما انتشرت في المناطق المفتوحة، وهي أصل ما يعرف اليوم بالمدارس الدينية. بدأ استخدام اللغة العربية في الهند منذ الأيام الأولى للفتح الإسلامي للهند، وأول نقش عثر عليه في الهند هو نقش المسجد الجامع في مدينة "بنهور" بالسند المؤرخ عام 107هـ استخدم فيه الخط العربي[5]. كانت اللغة العربية لغة القرآن الكريم ولسان الدعوة الإسلامية وكذلك لغة المنتصر في ذلك الزمان، فكان من الطبيعي أن تنتشر مع انتشار الإسلام وتعاليمه الراقية في المناطق المفتوحة، وكما انتشر الإسلام انتشرت اللغة العربية على نطاق واسع بين سكان البلاد، فقد كان الهنود الذين أسلموا يتحدثون مع العرب باللغة العربية، كما كانوا يرتدون زي العرب، ويحاولون تقليدهم في أمور كثيرة حباً في الدين الإسلامي. يقول الإصطخري: "ولسان أهل المنصورة والملتان ونواحيها العربية والسندية"[6]. ويؤكد الأستاذ خورشيد أشرف إقبال الندوي أن انتشار اللغة العربية في الهند على نطاق واسع كان في القرن

الرابع الهجري حين وصلت أسر مثل المماليك والخلجيين والتغلقيين والسادات واللودهيين إلى سدة الحكم في الهند. وتمتاز فترة حكم هذه الأسر بتقدم ملموس في تعليم اللغة العربية والدين الإسلامي، حيث عنى كثير من ملوكها وأمرائها بتأسيس المدارس ومراكز التعليم، وبذل العلماء جهوداً جبارة في توسيع نطاق اللغة العربية حرصاً على لغة القرآن والسنة، فأثمرت جهودهم وأتت بنتائج مبشرة[7] وكان لجهودهم هذه آثار عظيمة ودور كبير في نشر اللغة العربية في ربوع تلك البلاد.

قام المسلمون في شبه القارة الهندية بدور كبير في المحافظة على لغة القرآن، فقدموا للعالم الإسلامي تحفاً علمية نادرة وعظيمة بهذه اللغة العظيمة، ولم يكن اعتناؤهم بها أقل من غيرهم، فمنذ أن دخل الإسلام في هذه البقاع أخذت اللغة العربية تكتسح الساحات فيها، وأخذت كل يوم تكسب أرضاً جديدة على حساب اللغات المحلية الموجودة قبلها. اضمحلت كل اللغات المحلية أمام اللغة العربية في البلاد المفتوحة، حتى أن كثيراً من مناطق السند والبنجاب الغربيتين كان أهلها يتحدثون بهذه اللغة وكانت فيها مراكز علمية كبيرة وكثيرة. يتحدث الدكتور نبيل فولي عن الوضع في شبه القارة الهندية فيقول: "لكن العربية بقيت في كل الأحوال لغة العلوم الدينية والدنيوية الأولى طوال فترات التفوق الحضاري للمسلمين، وكانت تصنع لنفسها في بعض المناطق خنادق خاصة بها في أوساط العلماء والطلاب وسط خضم من اللغات الأعجمية التي تأثرت بها تأثراً لم يتوقف عند حدود استعارة الألفاظ، بل استعارت منها ألواناً أدبية متعددة أيضاً".[8] كثرت المؤلفات العربية لعلماء شبه القارة الهندية بشكل ملفت للنظر في العلوم الشرعية والعربية، فظهرت شروح الصحاح الستة وغيرها من كتب الحديث وبعض المؤلفات في بعض المسائل الفقهية الدقيقة، كما أنجبت شبه القارة شعراء نظموا الشعر بالعربية. ولكن الذي يدعو إلى الأسف أن اللغة العربية لم تصبح لغة البلاد كما أصبحت لغة أهل مصر والشام والعراق وحتى بلاد الأندلس البعيدة، وكان ذلك لأسباب كثيرة أهمها عدم استيطان الفاتحين العرب لهذه المنطقة كما استوطنوا العراق ومصر والشام وشمال إفريقيا وحتى الأندلس البعيدة عن جزيرة العرب لجمال الطبيعة في هذه المناطق ولصعوبة الجو وحرارته في السند وجنوب البنجاب التي فتحها العرب وحكموها منذ أيام الخليفة الوليد بن عبد الملك الأموي، فكانت الجيوش العربية الفاتحة تبقى في الهند بضعة أشهر ثم ترجع إلى جزيرة العرب ليأتي غيرهم، وهكذا كانوا يتناوبون البقاء فيها، ولم يتخذوها موطناً لهم يستقرون فيها. يقول الدكتور نبيل: "حين انطلق الإسلام في أرجاء العالم التي سعدت به لم ينطلق وحده بل أخذ اللغة العربية في صحبته، يتلى بها القرآن الكريم، وتروى بها السنة الشريفة، ويتخاطب بها الفاتحون، ولولا السياسة وتقلباتها وأمور أخرى تتعلق بضعف كثافة الهجرات العربية وتغير لغة الفاتحين في الأجيال التالية لتعربت مناطق من العالم أكثر اتساعاً مما نجد الآن".[9] ومن أسباب عدم تمكن العربية من شبه القارة الهندية منافسة اللغة الفارسية لها، فحين جاء المغول من أفغانستان وإيران عملوا على نشر اللغة الفارسية، وكان ذلك

